(چوتھا ایڈیشن)

ترتیب

پروفیسر جیا لال کول

واکھوں کا ترجمہ

پروفیسر نند لال کول طالب

جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

۱۹۸۴ء

ناشر:- سیکریٹری جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز

کتابت :- معراج ترکوی

سرورق :-

سال :- ۱۹۸۴ء : چوتھا ایڈیشن ۱۹۹۴ء

# عرضِ ناشر

لل دید برصغیر میں اعتقاد اور ادب کے ایک مکتب کی پیش رو
اور راہبر ہے جس نے عقاید کی ایک دُنیا زیر و زبر کر دی اور ایک
[illegible]بت ہی معنی خیز انقلاب کی ابتدا کی اب اُس کا کلام اپنی قدامت کے ساتھ
[illegible] اپنی کیفیت کا لوہا بھی منوا رہا ہے۔ وہ ایمان و ایقان کی پاکیزگی اور
[illegible] سخن سنجی کی لطافتوں کے ساتھ پیش کرنے والی ایک ایسی
[illegible] ہے جس کے متعلق یہ فیصلہ کرنا دشوار ہے کہ اُس کے بڑے
[illegible] نے اُس کی سخن سرائی کو عظیم بنایا یا اُس کے شاعرانہ کمال نے
ا[illegible] کو اسقدر صلابت عطا کی یہ کچھ [illegible] ہی صورت حال ہے جو
ان[illegible] معاملات سے اُلجھنے والے ایسے عظیم سخن سرائیوں کو بھی پیش
آئی ہے [illegible] ہے۔ رومی، ملٹن، ایلیٹ اور ہمارے دور کے اقبال
کا نام بھی [illegible] بل کے کلام میں اقبال سے ترجمہ کی گئی اصطلاح
کے مطابق ا[illegible]یات [illegible] یسی تشکیل، تنظیم اور پھر تشہیر POITIFICATION

ہوئی ہے کہ اس سے برصغیر میں واقعی ایک نیا مکتب سخن شروع ہو گیا
گورو نانک جیسے تاریخ ساز اور پارسا بزرگ بھی اُن کے بعد وارد
ہوئے ہیں۔ اُردو، ہندی کے کبیر اور ملک محمد جائسی، سندھی کے شاہ
عبداللطیف بھٹائی، لال شاہباز قلندر اور سچل سرمست اور پنجابی کے بابا بلھے شاہ
سلطان باہو اور شاہ حسین وغیرہ درجنوں شاعر للہ کا شعلۂ سخن روشن
ہونے کے مدتوں بعد اپنے اپنے چراغ جلاتے ہیں۔ یہ کہنا محال ہے کہ اس کہکشاں
کو روشن کرنے والے یہ ستارے اُن کے کلام سے واقف تھے لیکن اس سے
للہ کی تقدیم زمانی اور تفخرِ پیشوائی پر کوئی حرف نہیں آتا۔ پھر اُن کی فنی
کرامتیں اور شاعرانہ کامرانیاں تو بہر حال لازوال اور بے مثال ہیں یا
وہ ترانۂ وحدت کی بڑی نغمہ نواز ہیں اور ان کے افکار سے جو نغمۂ توحید
اُبھرا، وہ ایک تہذیبی انقلاب کی آہٹ اور اُس کا نقیب بھی ثابت ہوا۔ ایسے
ہمہ گیر ثقافتی ستارے اور تمدنی رہبر کا طلوع ہماری زمین اور ہماری زبان
سے ہوا۔ یہ اتنا بڑا افتخار اور اعتبار ہے کہ ہم اُس پر جتنا بھی ناز کریں کم ہے۔ ایسے
ہی احساس سے سرشار ہو کر شاید اقبال پکار اُٹھے تھے ؎

مطلع این اختراں کشمیر ماست

زیر نظر کتاب "للہ دید" کا چوتھا ایڈیشن ہے۔ ۱۹۸۹ء میں تیسرا ایڈیشن شائع کرتے
وقت ہم اس کی مقبولیت سے واقف تھے اور اسی لئے پیش بندی کے طور
پر اسے برسوں کے لئے مکتفی بنانے کی سعی کی گئی تھی۔ لیکن ہمیں جلدی اندازہ

ہونے والا تھا کہ ہماری پیش بندی کس قدر کم سواد تھی۔ اس دوران آنجہانی کول صاحب کا انگریزی مونوگراف بھی ساہتیہ اکادمی سے چھپ کر آ گیا ہے اور اس کے اُردو ترجمے کے بعد غالباً اب ہندی اور دوسری زبانوں میں تراجم بھی شایع ہو کر مقبول ہو رہے ہیں۔

اس کتاب کا تیسرا ایڈیشن چھپا تو مرتب موصوف زندہ تھے انہوں نے دوسرے ایڈیشن کی طرح اس میں بھی ترمیم و اضافہ کر کے اسے کچھ اور وسیع بنایا تھا لیکن وہ ۱۹۸۶ء کے کڑاکے کے جاڑوں میں سرینگر میں انتقال کر گئے اور اپنی شدید آرزو کے مطابق کشمیر کی مٹی کا حصہ بن گئے اس لئے چوتھے ایڈیشن میں کوئی نیا اضافہ نظر نہیں آئے گا۔

محمد یوسف ٹینگ
سیکرٹری

جموں۔
۴۔ فروری ۱۹۹۳ء

# عرضِ ناشر

## (تیسرا ایڈیشن)

زیرِ نظر کتابہٕ ہُنْد ترٛیم ایڈیشن پرٛن والین پیش اَوُن چھُ اکھ فرحت افزا تجرُبہٕ ۔ یہِ چھُ ہاوان زِ کٲشرِ پرٛن والین چھِنہٕ اعلیٰ ادبس تروٚیشا ہیوٚمُت۔ اَمِکۍ ترتیب کار تہٕ ساٚنۍ اُستاد پروفیسر جیالال کول تہٕ چھِ برابر بیٚیہٕ ایڈیشنس نوٚو آیہٕ شوٗبراوان تہٕ پارٲوان روزان۔ یِتھہٕ ایڈیشنس منز تہِ چھِ تِمو واریاہ نوٚوبر اَنہٕچ کوٗشش کٔرمٕژ تہٕ ییٚچ وبرٛچھنے تِمو پننِس حرفِ آغازس منز کٔرمٕژ چھےٚ۔

لل دید چھےٚ از تیٚیہِ یتہٕ وُہرِ تہٕ ساٚنہِ اَدبٕچ ماونٹ ایورسٹ۔ سارِوۍ کھوتہٕ تھٔز تہٕ سارِوۍ کھوتہٕ پُراسرار۔ پروفیسر کوٗلَن چھُ عام طور پیٚٹھ مطالبہٕ یِتھہٕ کٔرتہٕ سان ظٲہر کٔرمُت نظریہِ کِس چھِ کانٛسِ منز کوٗرمٕٹ زِ سواٚنس اکھ شیبوٗیوگنی تہٕ کٲشرِ ترٛہ کادرشیچ تفسیر کرن واجینی۔ اَتھ چھُنہٕ کانٛہہ شک زِ داننے۔ ملٹن، اقبال تہٕ ایلیٹ ہوٚن بٔڈِن شاعرن ہندی پاٹھۍ چھےٚ تیٚسندِس شارس تہٕ عقیدچ توژھ تہٕ پوٚت منظر۔ مگر اَمِچ بٔڈ زینہٕ تہٕ زیتہٕ چھےٚ تیٚسنز پنٕنز شاعری۔ کٲشرِ منز چھ للِ برابر للا کہٕ تیٚسندِ کھوتہٕ بٔڈۍ شیو فلسفی وُٹھو ہیتۍ۔ مگر اَتھ منز اکثرن چھےٚ اَمہِ فلسفچ زان للہِ ہنزِ شارہٕ آرزٕژ مٔتۍ سپدان۔ تیٚسندیٚس کمال پرٛن والیس گوٚڈنیتھ بے بٔنگ کران چھُ۔

سو چھےٚ تِہنز سو شعری قدرت یٚیمہٕ کِنہِ سو عام زندگی منز پننہٕ مشاہدہٕ سٕتۍ
تِتھی استعارٕ تہٕ پیکر چھِ لفظ زٕژوٚ سٕتۍ گاشراوان ۔ یِم کُنہٕ تہٕ زبانۍ ہنٛدرس
کاٚنسہٕ تہٕ بدٕمس شاعرس گٔرِ میوٚٹھ شُبَن ۔

آمہٕ پنہٕ سودرس ناوِ چھس لمان

---

ہا منشہ کیاز چھک وُٹھان سیکہٕ لوَر
امہٕ رٕٹہٕ ہا مالہٕ پکی نہٕ ناو

---

دٕچھنس اڈبرس زانِن زانہٕ ہا
ثمدرس زانہٕ ہا کُڈِتھ اکھ

---

کُس بوزے رٕسٹے واو

---

ہوست یُس مس والہٕ گنڈے

---

نہٕ پیٹھی ہیٚتہٕ بٕدی استعارٕ تِہنزٕ خلاقی ہُند واش تہٕ وبراو چھُہ تیوٚت
زِ اتھ منز چھُ زندگی ہُند نیٚبرِیُم تہٕ اندریُم، ساری ہریب، اکہٕ بنہ
سپدان۔ اکھ کتھ چھےٚ بڈٕ عجیب زِ یٚیتھ ساٚنی باقے صوفی شاعر دُنیاہ ترٛاوِتھ
مطلقس ( ABSTRACT ) کُن سفر چھِ کران۔ لل زن چھِ اتھ
برعکس ژھاران تہٕ گاران وَدان، "کیتہٕ نس نِشہٕ کیتہٕ تام دراو" ۔ یہ
چھُ لا پیٹھ الااللہ تہٕ نفی پیٹھ اِثباتک سفر۔ تٕمند تجربہٕ چھُ اوکنی

سرتانہٕ نہٕ ساوٕروار زِ یہٕ چھُ تس پانس گُدرِتھوٚمُت۔ تمی چھُنہٕ یہِ شاسترو یا کتابو نِشہِ وۄدزُم اوٚنمُت۔

ابھیا سکِ گنہِ ریٚ شاستر موٚکھُم
زیٚنُن آنند نبیچے گوم

شاعر پننہِ الہامُک سارہٕ پے کھوتہٕ بوٚڈ آگُر چھُ تمی پننہِ معرفتُک مانسرور۔ یتھ اسی اَزکین اِصطلاحن منز لاشعوٗر ونان چھِہ۔ لل چھےٚ پننہٕ شارٕ پچ ویتھ آی شوٗژِ ناگرادٕ نِشہِ حاصل کران۔ ع

اوٗرک دیٚن بیلہِ وَنہٕ وُزیوم
رتن دیپ پرزلیوٗم وَرزنہٕ وادٕ

لاشعوٗرکس ظُلماتس دُنگ دِتھ عرفانکو لعل وگوہر چھِہ اَتھ شایہ اکھ بےمعنی کتھ ہِش باسان۔ اَتہِ چھِہ پانہٕ اظہارٕ پے پانس یِنام۔ لل چھےٚ اَتھ جایہ اکھ تیُتھ فانوٗس باسان یتھ ژٕہ پارٕ گٕھنٕشے گاش وُزان چھُہ نہٕ اَخرس چھےٚ اکھ گاشہٕ ژٕکھر (WAEEL OF FIRE). لاشعوٗرکی تمن پاتالس یا ظُلماتس نوٗرٕ ہلم بران۔

ہتھرس نہٕ ساعتس پترس نہٕ رِمس
یمس منےٚ لَلہِ چوو پنہٕ نےٚ واکھ
اَندریم گٕٹکھ ژٕنِتھ تہٕ وۄلُم
ژٕنِتھ تہٕ دِیُت مس تتی چاکھ

اظہارکین شُرکین گنڈ مُتزرنہٕ یتی تہٕ پننہِ آگہی ہندِس ویرناگس منز ژٕنِتھ ناونہٕ یتی چھُ للہِ سہٕ دائمی یِنام اَتھِ لگان،

یُتھ اُڈی یزدان وَنَن تہٕ اُڈی ابدی وصل۔ فارسی شاعرن وۄن۔ ع

اے زاہدِ ظاہر بین از وصل چہ مے پُرسی
او در من و من در او چوں بُو بہ گلاب اندر

یا قرۃ العین طاہرہ سِپَز غزل سرا۔ ع

در دل خویش طاہرہ گشت و ندید جُز ترا
صفحہ بہ صفحہ لا بہ لا پردہ بہ پردہ تو بہ تو

مگر لل دیدِ ہُند تجرُبہٕ چھُ یمَن سارِنے ہندِ کھوتہٕ شاندار تہٕ خوبصورت۔ سہٕ چھُ سارِی ہے شوٗعورس شرُوٗژھ ناوان یانے (SNBLIMATE) کران۔

ع

پوٗت زوٗنہِ وُتھِتھ موٗت بولہٕ نووُم
دگ لَلِہٕ نأوُم دَیہِ ہِنزِ پرِیے
لُلی لُلی کران لالہٕ وُزِہٕ نووُم
میلِتھ تَس مَن شرُوٗژِلوم دِہے

لل دیدِ ہِندی شوٗعورچ کمِتھ کران خبر یِتھ کِتھ کُن اشارہٕ کرُن تہٕ ماگرٕژھ زبرزشیو درشنک کانہہ تہٕ سوٗکوٗل آسہِ تَن سہٕ چھُ حأرتناکھ تہٕ ہأیتھ ناکھ بھگوان شنکرہے گیتہٕ رِینہٕ ہندی گھتھ کران۔ بھگوان شیوس مُتلق چھِنہٕ وۄنی پہٕ کِتھ کانہہ رازِ زِ سہٕ اوس آریا ہن ہندِ ہِنہٕ برونہہ دراوڑ قومک دیوتا تہٕ۔ موہمت ہندِ شناس سر جارج مارشل چھُ اصرارہٕ سان وَنان زِ موہنجوداروٗکی لوٗکھ آسہِ

شیوٕ ہنز پوزا کران ۔ تمہِ پتہٕ موہن بیترِ پیٹھ چھِ تمہنز پرینما ۔ سُہ اوس ہندوستانس منز ژکہٕ ژہتیس یوت سٕنبتھ گومُت زِ تس آیہِ ہندو صنمیات (PANTHEON ، منز جاے شیرنہٕ ۔ یہِ کتھ تہٕ چھےٚ دوٚن واہ وارِ توارِیخی وُزلہِ منز ثٕن نیران زِ دراوڑن ہنز اکھ بارِ چھوکھ آیہِ کشیرِ منز ترم اُسی آریہٕ حملہٕ آور و گنگا جمنایہٕ ہندِ دوآبہٕ منز کٔڈتھ ژھٕنہٕ تو چنانچہ سانہٕ زبأنۍ منز چھِ دراوڑِ زبأنۍ ہندی لفظ وُنہٕ تہٕ موجود ۔ مثلن ملیالم زبأنۍ منز چھُ پانہٕ خأطرِ لفظ "تنی" ورتاوس منز ۔ اُسی تہٕ چھِ "تونٛ" مایہِ یانے LIQUID کِس مانیس منز استیمال کران ۔ یتھکٕنۍ تون آب ہیوٚہ ۔ "وِگراہ اوٚن تم تنابہٕ تونیے" بتیرِ ۔ یتھےٚکٕنۍ چھِ کنٹر زبأنۍ منز "سی" گاوٚ وَنان ۔ گامن منز چھِ اَزتہٕ گوٚرک تہٕ زنانہٕ گاوٚن ژھانڈنہٕ وِزِ "سی ،سی" کرتھ آلوٚ کران ۔ یتھےٚکٕنۍ کاشُریُک "یار" لِیُس یارِبل ۔ دأیدیار ، پرِس یار ، شٔشیار ، بڈیار وغأرِس منز لوان چھِ چھِ پان گھاٹکِس مانیس منز استیمال سپدان ۔ تامل زبأنۍ منز تہٕ چھُ اکھ یوٚہے مانہٕ تہٕ توٚے چھِ اَسہِ تامل ناڈوٚہس منز واریاہن مقامن ستی "یار" جوڑتھ نظرِ یوان ۔ مثلن ادلی یار بیٚتہٕ رُمن دلوی ہند مشہور کلاکیٚنز چھُ بیترِ یہِ کتھ چھےٚ تقریبن سارِنے پتاہ زِ بلوچستانس منز چھُ اکھ قبیلہٕ وُنہٕ دراوڑ زبان بولان ۔ مگر یہِ کتھ چھےٚ کمنے مولوم زِ کینژن اہم لسأنۍ ماہرن ہندِ تحقیق موٚجُب چھُ کشیرِ ہندِس جنوٗب مغربی علاقس منز اکھ گام یتہٕ اَز تہٕ لوکھ دراوڑ بٔلۍ بولان چھِ ۔ یہِ زن چھ برزہوم ژوڈیٚچھ شاہمار ملبن (MAGALITHE) ہنز نشان دہی یوسہ

وٚبہٹر تہ ا[illegible] ۱۹۳۳ء منز کٔڈ تہٕ تمہٕ پتہٕ دراو تتہٕ اکہٕ بارہ تہذیبک پے۔ بہرحال یہ چھُ اکھ [illegible] لوٗتھ بحث۔ وَنُن چھُ یہِ زِ شیوتنُک یُس زور اَبہِ کٔشیرِ منز نظر گژھان [illegible] تتھے چھِ ساسہٕ بدک پہل ترٛاوِتھ۔ اَند ڈٕھتِس ہندوستانس منز تہٕ [illegible] ۔ خبر یِیہِ ما آسہِ سانہِ دراوڈ رِشتک نیب۔ تہٕ اَدے چھُ للہِ دیدِ ہند [illegible] یا الہامی کلامہٕ اَسہِ لوٗت سوٗن تہٕ مأرِ موٚند باسان۔

کوٗل صأبن چونکہ چھُ للہِ ہند [illegible] اَکس آیڈیالوجی ہنز کھوٚچِ پیٹھ کوٚرمُت۔ لہذا چھِنے تِہندِ تشریح منز [illegible] ژھاے۔ مگر یِتھ ترتیب کار سندِ پأٹھی چھُ تِہندِ نتیجن سیتھ تہِ اختلاف ممکن

شکن نی تون یہ واکھ۔ ع

گورن وٚنُم کُنُے وَژُن
نیبرٕ دوٚپُم اَندر اَژُن
سُے مے للہِ گوو واکھ تہٕ وَژُن
تَوے ہیوٚتُم نَنگے نژُن

یِیتہِ نَنگے نژنس کوٗل صأبنہِ مترجمہ کار بیاس۔ ننہ لال طالبن ترجمہ کوٚرمُت چھُ" ع

"لگی ناچنے مست ہوکر میں ننگی"

تتہٕ چھُ پانہ کوٗل صأبن لیوٚکھمُت" نژُن گوو نہٕ ناچ کرُن بلکہ نژُن بھیرُن یور مرضی گیِٔم تور"۔ حالانکہ یہ کتھ چھےٚ صاف زِ ہرگاہ نژنس پیٹھ زور دِموٚنہ "ننگے" لفظ چھُ تقریبن بےمانہِ بنان تہٕ

شارس تہٕ چھُ گاش ژھیم گژھان ۔ لَل چھِنہٕ پَننہٕ باطنہٕ کہِ تمہِ نژنک ذکر کران ۔ یتھ صوفی وجد نہٕ چھ وَنان ۔ یہ نژان چھِنہٕ صرف ظاہری رِواجن خلاف تہٕ قایم شدہِ نظامس (ESTABLISHMENT) بغاوتھ بُلکہ چھُ تِہندِ روٗحانی سرمستی ہُند اِستعارہ تہٕ ۔ توٗے باسیوو بِلاکرام سِنزِ اَتھ واکھس منز شیوہ سِنزِ تانڈو نژنک تصویر ۔ اَتھ سِلسِلس منز چھُ اکھ واقعہٕ ذِکر کرُن تہٕ برمحل باسان ۔ دپان چشتی سِلسِلک اکھ بُزرگ اوس واریاہ وانسہِ گژھتھ فالجہٕ آوُرمُت ۔ اکہِ دوہ سپُز تَس بروٗنہہ کَنہٕ محفل سماع ۔ سماع بیٹھ طَبَس واتن ہیوٚتُن ۔ یہ بُزرگ شیخ وَدِتھ ھٚوٚد تہٕ ہیوٚتُن وجدس منز پَتھ نژُن ۔ تِہندِ مُریدو باج گُے یہِ بِنگ تہٕ وُدُنھس ۔ یہ کیاہ حضرت تُہۍ ہہٕ حرکتھ نہٕ کُرتھ اُسو ہیکان ۔ تُہۍ کِتھہٕ کَنہٕ چھو نژان ۔ شیخ وُدنُھک درجواب ۔ یہ چھیا بہٕ نژان کینہہ ؟ یہ چھُ لول یُس میانِس سوزتس منز گتھ چھُ دِوان ۔

بہرکیف ، یمہِ کیننزن کتھن کُن کوٗزُس منٛے اِشارہ اُوٚ موکھ نہٕ لَل ہیکہِ نہٕ کُنہٕ اکہِ پیمانہٕ سِتۍ مینِنہٕ یِتھ ۔ سو چھِنہٕ سارےٚ پیمانوٚ کھوتہٕ عظیم ۔ تَس ہیکہِ نہٕ عقیدٕنک رنٛت اوٚک رنگ بناوِتھ ۔ سو چھِنہٕ بسیار پاسَل نہٕ واریاہ رنٛگہٕ بقولِ مرزا غالبؔ ۔ ع

ہاتھ دھو دِل سے یہی گرمی گر اندیشے میں ہے

آبگینہ تُندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے

تِسند شانکل من چھُ رازن ہُند گوٗر پھٕٹراوان ۔ مگر تیوٚت کرِتھ

چھِنے تمہِ منز نو رازِچ کنڈ نوٗموٗدار گژھان ۔ تَسُند شانکُن تہٕ کریشُن چھُ تسُند توشُن تہٕ لبُن ۔ ع

لَل بہٕ درایس ژھاران تہٕ گاران
لَل میہٕ کوٗرمس رسہٕ نیشہٕ تتھ
وُچھُن ہیوٗتمس مارِ ڈیٹھُمس برس
مے تہٕ کل گنیہٕ تہٕ زوٗٹھمس تتھ

اَتھ ژھینہٕ ژھارِس ستی چھ للہِ ہندِ کلامُک اسرار تہٕ اسطور وابستہٕ تسُند کلامہٕ صرف گنہٕ ریاضیچ درسی کتاب بناوِتھ ستی ہیکوٚ اُسی تس کوم کرِتھ تہٕ تہندِس کمالس ستی انصاف ۔ ووڈ گوو ہرگاہ پرِتھ کانہہ اَتھ پننہِ آگہی تہٕ پننہِ نظرِ ہنز کھوچہِ پیٹھ کھاکِتھ پنُن مُدا لبہِ تس کُس ہیکہِ ٹھاکھ کرِتھ ۔ یوٚت بوٚڈ نہٕ وِشال تحقیقی سمندر آسہِ برونٹھ کنہِ گراہہٕ ماران ۔ ہرگاہ ڈُنگن پننہِ پننہِ آیہٕ اَتھ منز ژھانڈ وایِنک ولولہٕ ووتھنہِ ۔ تیلہِ چھِ تمن پانس کیاہ نام ورژھے بقولِ عرفی شیرازی ع

زِ نقصِ تشنہ لبی داں بہ عقل خویش مناز
دلت عزیب گراز جلوۂ سراب نہ خورد

لَل چھے شاید سوٗ واحد کأشر شاعر ییمِس ہندِ بجرُک اِحساس تہٕ اعتراف ووڈ ملکہٕ ہنز بین الاقوامی سِیتھرِس پیٹھ تہٕ چھُ کرنہٕ یوان ۔ اَتھ منز چھ سر رِچرڈ ٹیمپل تہٕ سر جارج گریرسن سُند تہٕ کینہہ حصہٕ یمو پننہِ پننہِ وقتہٕ للہِ پیٹھ کتابہٕ انگریزی پاٹھو

لیچھ تہٕ تٔمندین کیتھن واکھن ہُند تہٕ کوٚرکھ ترجمہٕ۔ جیالال کوٚل سٕنز انگریزی کتاب "لل دید" چھےٚ ساہتیہ اکادمی ہنزو مثالی کتابو منز گنزرنہٕ یوان تہٕ یہ کتھ وُنی ہےٚ اکادمی ہندی سابق سیکرٹری کیلکر صاٮ۪بن۔ جی، این پارمو سٕنز انگریزی کتاب "ASCENT OF THE SELF" تہٕ چھےٚ امہٕ تسلیم ہُند اکھ خوش رنگ داہ۔ نیلا کرام گُکہ کوٚر پننہٕ کتابہٕ۔

"THE WAY OF THE SWAN"

منز لل دیدِ ہندِ نیرلہٕ تجربُک شاندار مطالہٕ تمو ہنز کتابہٕ ہُند عنوان تہٕ چھُ للہِ ہندہِ اکہِ باتہٕ نِشہٕ ماخوذ تہٕ تمو چھےٚ لل کٲشرِ ہندِ شاعرُک اکھ نشانہٕ مُقرر کرمُت۔

شاید یمنے کوشش ہُند نتیجہ چھُ زِ امریکہ کیاہ اکھتےٚ دُنیہکو مشہور رسالو "لایف" تہٕ "ٹایم" کتاب گھر طرفہٕ یُس تاریخ دُنیہکین عظیم زمانن THE GREAT AGES OF MAN متلق شایع کرنہٕ چھُ آمُت۔ تمہٕ کہٕ اکہِ حِصک ناو چھُ "تواریخی ہندوستان" (HISTORIC INDIA) . اتھ منز چھُ ترتیب کار لیوسیل شلرگ تہٕ بلقے ایڈویٹرو پوٚت کالہٕ پیٹھہٕ ہندوستانس منز سپدٕمت والین نمایاں ترین واقعن ہُند اکھ فہرس دِتمُت۔ ژوداہمہِ صدی ہندس خانس منز چھِ فکر تہٕ تمدن ہکس عنوانس تل اکےٚ واقع درج کرنہٕ آمُت:

"کٲشرِ ہنز زنانہٕ شاعر لل چھےٚ شیوجیت باکھ لیکھان"

اتھ کتھِ کاژاہ اہمیتھ چھےٚ نہٕ امہٕ ژاٮ۪ر ہُند معیار کوتاہ

تھوٚد چھُ تِمیُک اندازٕ ہیکہِ یِمہِ کتھِ پٮ۪ٹھٕ سپدِتھ زِ ۱۰، ۱۱ تہٕ ۱۲
صدی عیسوی ہندِس عنوانس تَل چھُ صرف اکِ واقہٕچ ذکر کرنہٕ
آمُت۔ "فلسفی زامانٕچ چھُ دیوتاہَن ہنز بھگتی متلق بیکھان"[۱]
یہ کتھ چھےٚ یاد پاونس لایق زِ بٲہمہِ صدی منز چھُنہٕ پنڈت کلہنن
ہنز "راج ترنگنی" ہند تام ذکر کرنہٕ آمُت۔ یوسہٕ بلاشبہٕ ہندوستانکہِ
توارِیخیاتی لٹریچرُک اکھ نہایتھ اہم کھوٚنگ چھےٚ۔

سرینگر
۱۹، نومبر سنہ ۱۹۸۴ء

محمد یوسف ٹینگ
(سیکریٹری)

---

۱ GREAT AGES OF MAN .
A HISTORY OF THE WORLD CULTURES
TIME – LIFE BOOKS (INTERNATIONAL)

# فہرست

# پیش لفظ

## تیسرا ایڈیشن

یہ امر اطمینان بخش ہے کہ لل دید کی مانگ سست ہو مگر برابر بڑھتی جا رہی ہے اور اب تیسرے ایڈیشن کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔ میں کلچرل اکادمی کے سیکریٹری جناب محمد یوسف ٹینگ کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اس ایڈیشن کو مرتب کرنے کا کام مجھے سونپ دیا۔ جسے میں اپنی خوش بختی بلکہ عزت افزائی سمجھتا ہوں۔

لل دید کا دوسرا ایڈیشن، جسے میں نے ہی ۱۹۶۵ء میں مرتب کیا، شایع ہو گیا ہے۔ آٹھ سال کے اس عرصہ میں "دو کتابیں شایع ہوئیں۔ جن کا نوٹس لینا میں نے ضروری سمجھا ہے۔ (۱) THE ASCENT OF SELF (صعود ذات) کے نام سے انگریزی میں ۱۹۷۱ء میں دہلی سے شایع ہوئی۔ اس کے مصنف بدری ناتھ پارمو ایم اے ہیں۔ پارمو صاحب نے کہیں کہیں واکھوں کے بعض الفاظ کا مختلف VERSION روپ دیا ہے اور مختلف معنی بھی، یہ نہیں کہا ہے کہ انہیں یہ مختلف روپ کہاں سے دستیاب ہوئے ہیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ یہ ان کے قیاس پر مبنی ہیں گو ان سے مختلف روپ یعنی تشریح سے کئی جگہ اختلاف ہو سکتا ہے۔ میں نے یہ متبادل روپ اور معنی مختلف واکھوں کے تحت درج کئے ہیں۔ یا اُن کا حوالہ دیا ہے۔ جہاں جہاں ایسا کرنا میں نے مناسب سمجھا۔ میں نے کتاب کا حوالہ اس ایڈیشن کے

ضمیمہ ۲ تواریخی حوالے یعنی CONCORDANCE میں دیا ہے۔ اور میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کہ پارمو صاحب نے محنت اور لگن سے یہ کتاب مرتب کی ہے۔ وہ مبارک کے مستحق ہیں۔ ہاں۔ ایک بات کا ضرور تعجب ہے۔ وہ یہ کہ فاضل مصنف نے اکادمی کی لل دید کتاب کے پہلے ایڈیشن کا ذکر اپنی کتاب کے کتاب نامہ BIBLIOGRAPHY میں صفحہ ۲۱۱ سطر ۲۳-۲۴ میں کیا ہے۔ لیکن یہ نہیں کہا ہے کہ اُن کی کتاب سے کہیں پہلے ہم نے لل دید کے واکھوں کی ترتیب ان کے یوگ کی مشق عمل کے تدریجی مدارج کو مدنظر رکھکر دی ہے۔ پارمو صاحب نے لل دید کے حتمی ایڈیشن ۱۹۷۵ء میں نہ ہی انگریزی میں میری لل دید ۱۹۷۳ء (شایع کردہ ساہتیہ اکادمی۔ نئی دہلی) کا کہیں بھی حوالہ دیا ہے جوان کی کتاب سے کہیں پہلے شایع ہو چکی تھی۔

(۲) دوسری کتاب کلیات شیخ العالمؒ دو جلدوں میں جموں و کشمیر اکادمی کی طرف سے حال ہی میں شایع ہوئی ہے۔ اس کا مرتب موتی لال ساقی ہے۔ اُنہوں نے شیخ العالمؒ کے کلام پر مزید تحقیق کی ہے۔ اور اس تحقیق کے دوران ریشی ناموں کے پرانے نسخوں کا مطالعہ کیا ہے۔ جن سے کئی ایسے واکھوں کی تصدیق ہوتی ہے۔ کہ وہ واکھ لل دید کے ہی واکھ ہیں۔ ان ریشی ناموں کے مرتب کرنے کے وقت ایسا ہی مانا جاتا تھا۔ یہ کہنا ضروری ہے کہ محض اس تصدیق سے ہی یہ بات پایۂ ثبوت تک نہیں پہونچتی ہے کہ یہ واکھ فی الواقع لل دید کے ہی ہیں۔ بابا کمال الدین نے اپنے ریشی نامہ میں بیس اور بابا خلیل نے اپنے ریشی نامہ میں ایسے چوبیس واکھ بطور نمونۂ کلام لل دید درج کئے ہیں۔ بابا کمال الدین لکھتے ہیں:-

"ہمچنیں اشعار فیض بار آن نیک کردار دریں روزگار بے شمار است۔ مشتے از خروارے تبرکاً برائے یادگار آوردہ کہ کلامش دقیق شمس کرتی[۱] کہ کسے بر مضمون فہم نیارد

---

[۱] سنسکرت آمیز زبان

جہت آں نوشتہ شد"

اس نئے ایڈیشن میں کتابت اور املا کی جہاں کہیں کوئی غلطی تھی۔
اس کی تصحیح کی گئی ہے۔ بلکہ اردو ترجمے کے دو چار مصرعوں میں بھی ایسی تصحیح کی گئی ہے۔
کہ ترجمہ اصل کشمیری واکھ کے جس قدر ممکن ہو نزدیک تر لایا جائے۔ تاکہ مطلب و مفہوم کا
اظہار ہوسکے۔ اس ترجمے کے لئے میں مکرمی جناب میر غلام رسول نازکی کا ممنون ہوں۔
فرہنگ میں کئی الفاظ کا بمع معنی اضافہ کیا گیا ہے۔ تاکہ طالب علم اور سنجیدہ خاطر قاری
کو سہولت ہو کئی واکھوں کی تشریح بھی اور زیادہ مفصل اور سلیس بنا دی گئی ہے۔

میں بشیر اختر صاحب پبلیکیشن افسر اکادمی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں
نے محنت اور شوق سے اس ایڈیشن کی تکمیل اور طباعت کا کام خوش اسلوبی سے
انجام دیا۔

جیا لال کول

## دوسرے ایڈیشن کا

# پیش لفظ

یہ لل دید کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ اس کا پہلا ایڈیشن جنوری ۱۹۶۱ء میں اکیڈمی نے شائع کیا تھا۔ یہ حوصلہ افزا بات ہے کہ اس کتاب کی مانگ بڑھتی چلی آرہی ہے۔ اسی مانگ کو پورا کرنے کے لئے یہ دوسرا ایڈیشن تیار کیا گیا ہے۔

پہلا ایڈیشن لل دید کے واکھوں کا ایک انتخاب تھا۔ جس میں کل ۱۲۵ واکھ درج تھے۔ اس کے برعکس دوسرا ایڈیشن حتی الامکان حتمی ایڈیشن بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اسمیں وہ سب واکھ ہیں جو آج تک قلمبند کئے گئے ہیں۔ خواہ یہ واکھ کسی مسودے میں پائے گئے یا کتاب کی صورت میں چھپ چکے ہیں یا کسی رسالے کے مضمون میں نمونہ کلام کے طور پر یا تواریخوں میں درج ہیں۔ جہاں کہیں سے دستیاب ہوئے انہیں جمع کیا گیا ہے اور ان کی کل تعداد ۲۵۸ ہے۔

ان ۲۵۸ واکھوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں ۱۴۰ واکھ درج ہیں جو بلا شبہ لل دید کے کہے جا سکتے ہیں۔ اس میں للیشوری واکیانہ (بھاسکر راز دان) کے ساٹھ واکھ، لل واکیانہ (گریرسن) میں سے ان ساٹھ کے علاوہ چالیس اور واکھ، ضمیمہ لل واکیانہ (ریورنڈ نولز) سے ایک واکھ نمبر ۱۴۰ اور للیشوری (آنند کول) سے مزید انتالیس ۳۹ یعنی کل ۱۴۰ واکھ ہیں۔ یہ سب اردو ترجمے کے ساتھ دئے گئے ہیں۔ ان میں سے پندرہ واکھ کا ترجمہ میرے معزز دوست میر غلام رسول

نازکی صاحب نے کیا ہے جن کا میں بہت مشکور ہوں۔ یہ پندرہ واکھ ان نمبروں کے تحت درج ہیں۔ ۱۲، ۱۳، ۱۸، ۴۱، ۵۳، ۶۰، ۶۱، ۹۲، ۹۵، ۹۶، ۱۰۱، ۱۰۷، ۱۱۶، ۱۱۷ اور ۱۱۸۔ باقی ۱۲۵ واکھ پہلے ایڈیشن سے مع ترجمہ نقل کئے گئے ہیں۔ مزید تحقیق کی بنا پر جہاں کہیں اصل (کشمیری) یا اُس کے اُردو ترجمے میں ترمیم کرنا لازم بن گیا وہاں یہ ترمیم واکھ یا ترجمے کے تحت نوٹ میں درج کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مُتبادل پاٹھ (VERSION, READING) بھی واکھ کے تحت دئے گئے ہیں۔ اور جہاں کہیں مُناسب معلوم ہُوا وہاں یوگ یا فلسفہ کے تکنیکی الفاظ کی تشریح بھی دی گئی ہے۔

اس مجموعہ کے دوسرے حصے میں وہ پندرہ واکھ ہیں جو پہلے ایڈیشن میں درج ہیں۔ مگر اب مزید تحقیق اور غور و خوض کے بعد ان کو لل دید کے کہے گئے واکھ ماننے میں تامل ہو سکتا ہے۔ یہ واکھ بھی ترجمہ کے ساتھ دئے گئے ہیں۔

تیسرا حصہ اُن سب واکھوں پر مشتمل ہے جو باقی بچتے ہیں اور جن کی تعداد ۱۰۳ ہے۔ اُن کا اُردو ترجمہ نہیں دیا گیا ہے۔

یہاں یہ کہنا ضروری ہے کہ پہلے ایڈیشن کے ۱۵۳ واکھوں اور اس ایڈیشن کے ۱۴۰ واکھوں کی ترتیب میں کہیں کہیں تبدیلی کی گئی ہے۔ پہلے ایڈیشن میں لل دید کے واکھ اُس کی یوگ کی مشق عمل کے بتدریج مدارج مدِنظر رکھ کر ترتیب دئے گئے تھے۔ اسی اصول کو مدِنظر رکھ کر اس ایڈیشن میں واکھوں کی ترتیب میں کئی جگہ تبدیلی لازم بن گئی۔ تاکہ یہ ترتیب ارتقاءِ عرفان کے اور بھی عین مطابق ہو۔ اس کے علاوہ اس ایڈیشن میں ڈکشنری املا کمیٹی کی ہدایات کے مُطابق کئی الفاظ کی املا میں بھی تبدیلی اور درستی کی گئی ہے۔

ہمیں لل دید کے واکھ کے متعلق کوئی بھی خارجی شہادت نہیں ملی ہے۔

اُن کے واکھوں کا ایسا کوئی مسودہ دستیاب نہیں ہوا ہے جو اُن کی زندگانی میں ہی قلمبند
کیا گیا ہو یا اُن کے انتقال کے سو ڈیڑھ سو سال کے بعد۔ نہ ہمیں ایسا کوئی واکھ ملا ہے
جس میں کسی تواریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہو۔ ہمیں اٹھارویں صدی کے وسط تک
لل دید کا ذکر کسی بھی تاریخ میں نہیں ملتا ہے۔ لل دید کا ذکر ہمیں پہلی بار خواجہ محمد اعظم
دیدہ مری کے ہاں اُس کی تاریخ واقعات کشمیر (تکمیل ۱۷۴۶ء) میں ملتا ہے اس کے
پہلے اُن کا ذکر صرف بابا داؤد مشکواتی کے اسرار الابرار (۱۶۵۴ء) میں پایا جاتا ہے۔
جس کو صوفی بزرگوں کے کشف و کرامات و اسرار کا تذکرہ کہا جا سکتا ہے تواریخ نہیں۔

لل دید کے واکھ پرکھنے کی ایک ہی کسوٹی ہو سکتی ہے۔ اور وہ اُنہی کے واکھوں
کی داخلی شہادت ہے یعنی اُن کا سٹایل اور اندازِ اظہار و بیان اُن کی چُست بندشیں،
تازہ اور پُر فکر اور پُر معنی استعارے، حیران کُن اور عجیب و غریب مشابہے، اُن
کے رُوحانی مشاہدات، اُن کا فلسفہ وغیرہ۔ یہ سب مجموعی حیثیت سے ایک ایسی
کسوٹی ہے جس سے وہ سب واکھ پرکھے جا سکتے جو لل دید کے ساتھ منسوب
کئے گئے ہیں۔ لل دید کا زمانہ "واکھ" کا زمانہ تھا۔ اس لئے ہم اُن کے ساتھ "وژن"
غزل یا نظم منسوب نہیں کر سکتے۔ یہ اصناف بہت بعد کی دین ہیں۔ اس بارے
میں ایک خوش قسمتی یہ ہے کہ ہمارے پاس لل واکھ کی خاصی تعداد وہ ہے جس کو ہم
بلا خوفِ تردید اُن کے ہی کہے گئے مان سکتے ہیں۔ مثلاً وہ ساٹھ واکھ جو بھاسکر
رازدان نے آج سے کوئی ڈھائی سو سال پہلے قلمبند کئے ہیں۔ یا ان کے علاوہ جو
تیس چالیس واکھ گریرسن کی کتاب لله واکیانی میں درج ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ لل واکھ صدیوں تک سینہ بہ سینہ چلے آئے اور وقت گذرنے
پر کہیں کہیں الفاظ میں ہیر پھیر ہوتا رہا۔ بلکہ جب مدت گزرنے کے بعد وہ قلمبند
بھی کئے جانے لگے۔ اُس وقت بھی کشمیری رسم الخط لسانی قواعد کے مطابق نہ ہونے

وجہ سے الفاظ کی املا ناقص رہی۔ یہ بھی صحیح ہے کہ پرانے الفاظ اب متروک تھے اور لوگ ان سے مانوس نہیں تھے اسلئے اُن کے عوض نئے اور عام فہم الفاظ استعمال کرنے میں کاتبوں اور مسودے نقل کرنے والوں کو کوئی عار نہیں ہوا۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ عقیدتمند لوگ لل دید کے واکھوں کا ہر روز پاٹھ کرتے تھے اور ان کا مفہوم سمجھیں یا نہ سمجھیں وہ اُن میں کسی قسم کی تبدیلی یا ترمیم کی اجازت نہیں دے سکتے تھے۔ اُنہوں نے ان واکھوں کو اُسی طرح رٹ لیا تھا جس طرح سے اُنہوں نے اپنے بزرگوں سے اُن کو سُن لیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ بہت سارے واکھ اسی صدی کے دوسرے دشک (DECADE) تک اُسی صورت میں ہمیں دستیاب ہوئے جس کا ذکر گریرسن نے لل واکیانہ کے مقدمہ میں مفصل طور کیا ہے۔ میں نے بھی اس مسئلے پر اپنی انگریزی کتاب لل دید (مرتبہ ساہتیہ اکادمی نئی دہلی) میں تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے۔ یہاں مختصر الفاظ میں یہ واضح کرنا مقصود ہے کہ واکھ پرکھنے کی کسوٹی ہمارے پاس موجود ہے البتہ یہ ممکن ہے کہ واکھ پرکھتے وقت نقادوں میں کہیں کہیں اختلاف رائے ہو، مگر اس کی مثالیں بہت کم ہوں گی۔

لیجئے ملاحظہ ہوں یہ چند مثالیں جن سے یہ بات واضح ہونے میں مدد مل سکتی ہے۔

(۱)

اَھیاسِ سَوٕ کٲسِ لَیہِ وۄنھو
گَگنَس سٟتؠ مؠوٗلُس سَمہٕ زَرٕٹا
شۄوٗز کوٗن بٕنہٕ اناے مۄتو
یوٗہے ووپدیش چھےٚ بَٹا ۱۴۴ع

(۲)

گیانہٕ مارگ چھےٚ ہاکہٕ وٲر

دِزلس شمہ دمہ کرٕیہ پٲنٕز

لاماژکرٕ لۄٚش پرٲنٛز کرٕیہ دٲر

کھیٚنہٕ کھیٚنہٕ موٗژی وٲپے چھٕنٛز    ع ۹۲

(۳)

لل بو لوٗژہس ژھاران تہٕ گوران

ہل میٚہٕ کوٗرمس رسہٕ نشہ تہٕ

وُچھُن ہیوٚتمس تاڈُر ڈیٚٹھمس برَن

میٚہٕ تہٕ کل گنے پہٕ زوگمس تٲتی    ع ۹۳

(۴)

شوشو کران ہمسہ گتھ سوٗرِتھ

روٗزِتھ ولوہأری دِپن کیا و راتھ

لاگہِ روٗست اَدُے لیٚس مَن کرِتھ

تٔسی نیتھ پزِسَن شر گرٗونا تھ ع۱۱۱

(۵)

پزِتھے تیرتھَن گرٛھان ۂزِ یاس

گواران سو درشنہٖ مُیل

زٔتا پُرِتھ مَوٗنِشپتھ آس

ڈیشکھ دوٗرے دزِمُن نیوٗل

اب ان کے مقابل میں ذیل کے واکھ ملاحظہ ہوں:

(۶)

اوڑ تہٕ پانٔے یوڑ تہٕ پانٔے
پانٔے پانٔس چھُنہٕ میلان
پھِرتھ اَژلِس نہ سُلے ڈُنی
سٔے ہا مالہٕ چھَے آشچر زان

(۷)

کَتھاہ بوزِم کَتھاہ کرِم
کتھاپہٕ کرِم زٕہ پارٕی سنتھ
شاشترٕ کنٕز کتھاہ بوزِم
کتھاپہٕ ہاوِم سنتج وَتھ ۲۲۵ء

(۸)

کَتھ ہاوَنۍ کَتھ ہاوَنۍ

کَتھ میانٕز لَیِی لال

مٕنز ماوٕنس نیبٕندٕر پیٚئی

ڈوٗمب ہیتھ ژُلی شال ع ۲۱۱

(۹)

ﺑِشو بِشو کَران بِشو نو توشے

گبو کنہِ زَلکھ مَنٕس شہ آسے

گبو دلوٗ دِیٕہس دِیہہ دوٗر آسے

گبونَے دِیہَس دِکھ دِوَر کاٹسے ع۲

(۱۰)

کرِیا کرٛم دھرم کوٗرُم

تیرٛتھن ناؤم پئنٛز کاے

پاپن سوٗمبرِتھ لبٕہم کوٗرُم

تتہٕ کُس اوس تٔے پوٗت کم آے ۲۳۲

یہ پانچ واکھ بمصداق مُشتے نمونہ از خروارے، اُن تمام واکھوں کی نمایندگی کرتے ہیں جو میں لل واکھ کے ماننے سے انکار کرتا ہوں۔ یہ واکھ پھیکے ہیں۔ بے جان بلکہ بے معنی اور باسی ہیں۔ یہ للّ دید کے واکھ نہیں ہو سکتے۔ ان پر لل دید کی چھاپ نہیں، ان میں وہ "آتشِ نفس" نہیں، وہ شعلہ نہیں، یہ محض راکھ ہیں جن میں چنگاری بھی نہیں۔

لل واکھ میں نجی مشاہدے کی جھلک ہے، طرزِ بیان کی انفرادیت اور ندرت ہے۔ ان میں زوردار تاثر ہے جو ہمیں چونکا دیتا ہے، ان میں ایک اور خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ ہمیں اضطراب سے آشنا کرتے ہیں بے چین بناتے ہیں اور خود اپنے آپ سے دوچار ہو جانے پر مجبور کرتے ہیں۔ لل دیدؔ کے ہاں پند و نصایح نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ان میں خطیبانہ انداز نہیں، ان میں فکر کا عنصر بھی ہے اور تخیّل کی پرواز بھی، ان میں روحانی مشاہدے کا معراج ہے۔

گوڑ سندوُنُ راوَن تیوٗل پیوم .... (۲۳)

روزی نو پتہٕ لوٗہ لنگرِ چ ژھاے .... (۲)

کیٛہنہٕ نہٕ کیٛہنہٕ، نہٕ کیٛہنہٕ، نہٕ کیاہ .... (۷)

آیِس کَمہٕ دِشہ تہٕ کَمہٕ وَتے .... (۸)

وُچھُم پنڈت پننہٕ گرے .... (۹۷)

بُرِی بُرِی بانہٕ تہٕ چوان نہ کانہہ .... (۹۹)

دِلو وُٹا دِوُر وَٹا۔ .... (۶۶)

ژرمن ژٔٹھ دِتھ پٔنڈ پانس .... (۱۶)

کُس مرِ تہٕ کسو مارِن .... (۵۴)

پتھٕ ژھکھ تہٕ تھٕ آس .... (۱۰۹)

کلن کالہ ژاںٛل یوٚدوَے ژرٕنہٕ گوٚل ... (۱۱۰)

ژھوگرٕ ثاّے کیشوَ پلنس ... (۱۲۲)

لل بو دزالیس کپسہٕ پوشچہٕ سٕرٕشے ... (۱۰۵)

وُچھم شوٗس شاکھتھ میلتھ تہٕ واہ ... (۱۲۱)

تِہے ہےٚ ناران! ہِم کم وِہر ... (۱۲۸)

لٕلی لٕلی کران لالہ وُزنووُم ... (۸۸)

شٔنیٚ وَن زٕتھ شششہ کل وُزم ... (۹۳)

زٕبتھ نوٚوٕے ژندرمہٕ نوٚوٕے ... (۱۳۸)

بات دراصل یہ ہے کہ کشمیر، خاص کر کشمیر کے گاؤں میں ایسے بھلے لوگ اور صوفی سادھوؤں کی کمی نہیں رہی ہے جو واکھ بھی کہتے تھے اور جن کے واکھ رفتہ رفتہ لل دید کے واکھ کہلائے۔ ایسا آج کل کے زمانے میں بھی ممکن ہوا ہے۔ جس کا اعتراف پنڈت جے۔ ایل۔ کول جلالی صاحب ایم۔ اے خود اپنی للہ واکھ (۱۹۵۶ء) میں

کرتے ہیں ۔ کہتے ہیں کہ اُن کو شری رامچندر جی ملہ نے ۲۸ واکھ بہم کئے جو آج تک کسی کو معلوم نہیں تھے اور جو رامچندر جی کو ایک مہاتما نے دئے تھے ۔ اُس مہاتما کے پاس لل دید بذاتِ خود آئی تھیں اور اپنے واکھ سُنایا کرتی تھیں ۔

اخیر میں اُن کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جن سے مجھے یہ کام انجام دینے میں مدد ملی ہے ۔ ریسرچ آفیسر پنڈت سری کنٹھ کول، ریسرچ آفیسر مولوی محمد ابراہیم اور ہیڈ مولوی غلام رسول صاحب ( ریسرچ اینڈ لائبریریز لال منڈی سرینگر ) نے مجھے تواریخی مواد کی نشاندہی کرنے میں مدد کی ۔ جناب محمد یوسف ٹینگ صاحب سابق سیکرٹری اکیڈمی نے مجھے یہ کام انجام دینے کی تاکید کی ۔ جس کے بغیر اس کام میں مزید تاخیر ہوتی ۔ اُن کا میں اس لئے بھی احسان مند ہوں کہ اُنہوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود وقت نکال کر میرا لکھا ہوا پیش لفظ ضمیمہ ۱ اور ضمیمہ ۲ پڑھے اور ان میں حسب ضرورت تصحیح کی ۔ میں معراج الدین صاحب پبلیکیشن انچارج کی کاوش کو سراہنا چاہتا ہوں جس نے بہت احتیاط کے ساتھ اس ایڈیشن کی کتابت کی نگرانی کی اور اس کی تصحیح اور چھپائی کا خاطر خواہ انتظام کیا ۔

یہاں میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا ہوں کہ پیش لفظ لکھتے وقت میرے دل میں اپنے بزرگ دوست پروفیسر نند لال کول صاحب طالب کی بے وقت موت کا صدمہ پھر تازہ ہوا ۔

جیا لال کول

# مقدمہ

## پہلا ایڈیشن

یہ بات جس قدر حیرت انگیز ہے اسی قدر معنی خیز بھی کہ سنت اور صوفی خواہ کسی سرزمین سے اُٹھے ہوں سب ایک سی بات کہہ گئے ہیں۔ جو کچھ اُنہوں نے بیان کیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ باوجود مختلف انداز بیان کے ان کے خیالات میں یگانگت اور ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ اس یگانگت کا ایک اہم اور قابلِ غور پہلو یہ ہے کہ اگرچہ دنیا کے سنت اور صوفی مختلف ممالک میں پیدا ہوئے اور مختلف زبانیں بولتے تھے اور ان کا پیدائشی مذہب بھی ایک دوسرے سے مختلف تھا زمان و مکان اور مذہب و زبان کا اختلاف رکھتے ہوئے بھی ان کا اظہار بیان آپس میں مشابہ ہے۔ اور ان کے مشاہدے ایک سے ہیں۔ اس لحاظ سے ماننا پڑتا ہے کہ ان کے نظریوں کی تہ میں ضرور کچھ نہ کچھ حقیقت ہے جو محض توہمات کی اُلجھن کا نتیجہ نہیں۔ اس لئے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ان کے مشاہدوں اور طرزِ فکر نے انسانی زندگی کو بلاوجہ متاثر نہیں کیا ہے۔

ایسی ہی بزرگ ہستیوں میں لل دید کا بھی شمار ہے۔ وہ چودہویں

صدی کے وسط میں پیدا ہوئیں [1]۔ یہ صدی کئی لحاظ سے تاریخی اہمیت کی حامل ہے۔ اوّل اس لئے کہ اس صدی میں کشمیر میں اسلام کا نمایاں طور پر ظہور ہوا اور سرعت کے ساتھ پھیلنے لگا۔ اگرچہ کچھ عرصہ کے لئے سنسکرت بدستور سرکاری زبان رہی لیکن اہلِ اسلام کی آمد پر اس کے ساتھ ساتھ فارسی کا بھی چرچا ہونے لگا۔ اور روز بروز اس کی ترویج و اشاعت کا دائرہ وسیع ہوتا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس زمانے میں سنسکرت کی وقعت کم ہوتی گئی۔ اور اس وجہ سے کہ فارسی ابھی تک بالکل عام نہیں ہوئی تھی، کشمیری زبان اظہارِ خیالات کا ذریعہ بننے لگی۔ رفتہ رفتہ اس زبان کے ادب کا آغاز ہوا۔ اسی ادب کے علمبرداروں کی صفِ اوّل میں لل دید کا نام نامی سرِ فہرست نظر آتا ہے۔ اُنہوں نے دُنیاوی مسائل، رموز، تصوف و عرفان اور فضائے روحانیت میں پرواز کرنے کی اُمنگوں کا اظہار اسی زبان میں کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ اسی صدی میں عام اور روحانیت سے متعلق روایات میں نئے مواد کا بہت کچھ اضافہ ہوا۔ اشاعت اسلام کی تیز رفتاری کے ساتھ ساتھ پرانی روایتیں بھی جاری تھیں۔ صدیوں پہلے کشمیر بودھ مت کا ایک مشہور علمی و عملی مرکز رہ چکا تھا۔ کچھ عرصے کے بعد جب بودھ دھرم کا زور گھٹ گیا اور ہندوستان میں ویدانت کو اقتدار حاصل ہوا، تو نویں صدی کے ابتدائی دور میں یہاں ایک نئے فکر و نظر کا فلسفہ وجود میں آیا جو "ترکا" یا "شیو سدھانت" کے نام سے مشہور ہوا۔ کشمیر میں اسلامی سلطنت قائم ہونے کے بعد جب اسلامی علم و ادب اور تہذیب و تمدّن کا دور دورہ ہوا۔ بودھ دھرم اور شیو سدھانت کی یہ روایتیں ابھی زندہ تھیں۔ اس طرح مسلمان صوفیوں اور ان سنتوں کی روایات اور طرزِ عمل میں باہمی ربط پیدا ہونا ضروری ہوا۔ اس

---

[1] مگر ملاحظہ ہو "لل دید کب پیدا ہوئی۔" صفحہ ۳۰۰

امتزاج کا اثر ان صوفیوں پر پڑا۔ جو یہاں کی سرزمین سے اُٹھے اور جن کو "رشی" یا "بابا" کہتے ہیں۔ داؤد مشکواتی نے اپنی تصنیف "اسرار الابرار" میں (جس کا ایک نسخہ مقامی گورنمنٹ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ میں موجود ہے) اس امر کا اعتراف کیا ہے۔ اس بات کا ذکر "آئین اکبری" اور سر والٹر لارنس کی کتاب "وادیٔ کشمیر" میں بھی پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس سلسلے میں سر رچارڈ ٹمپل اپنی کتاب "لل واکھ" میں لکھتے ہیں۔

"اگرچہ لل ہندو تھی اور شیومت کی مُقلد اور اس
کا رجحانِ خیالات صاف طور پر اس کے اپنے ہی عقائد
کا آئینہ دار تھا۔ پھر بھی اس میں صوفیوں کی تعلیم کو
بہت دخل رہا ہے۔ جو قریب قریب ہندوؤں
کے اُپنشدوں کا نظریہ ہے۔"

موجودہ زمانے میں ان رشیوں اور بابا صوفیوں کا شیرازہ برقرار نہیں رہا ہے مگر اس امتزاج علم و عمل کی مثالیں اب بھی گرد و نواح کے علاقوں اور دیہات میں پائی جاتی ہیں۔ اور اس کا اثر ہمارے صوفی شعرائے کے کلام میں اب تک موجود ہے۔ چنانچہ صمد میر (جو نمبل ہار تحصیل بڈگام کے رہنے والے تھے اور ۱۰ جنوری ۱۹۵۹ء کو راہیٔ ملک بقا ہوئے) کہتے ہیں ؎

وۄنۍ صمد میرن شاستر ہیوٗ      پرُوٗ اوم سوٗ پرُوٗ اوم سوٗ

یعنی صمد میر شاستروں جیسی باتیں کہنے لگا ہے۔ اوم سوٗ اوم سوٗ
جپتے رہو۔

ہندو اور مسلمان صوفی شعرائے نے لل دید کی تعریف میں جو کچھ کہا ہے۔ اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی انہی کے جذبات و خیالات کی ترجمانی کرتی ہیں۔ اور یہ کہ درحقیقت اپنے اپنے انداز میں ایک ہی قسم کی تعلیم کے پیرو کار ہیں۔

مشہور عارف شمس فقیر جو ۱۸۴۳ء میں پیدا ہوئے۔ اور جن کا کلام اہل حال آج تک مزے لے کر پڑھتے ہیں لل دید کی نسبت فرماتے ہیں۔

"کوڑ للہ یکوٹہ آکاشس پرانس | زان بلہ ناو بھگوانس ستی
ژھلہ گیہ للہ مڑ شراہ یار سرانس | پلہ تمہ کوڑ زگہ ٹکہ تار ترنس
وو پدیش کرنہ گیہ ننہ رنبٹانس | رندو دنیپہس عانن عرفان
ژھپیہ ژھپرس گنڈن شاہ ہمدانس | زان بلہ ناو بھگوانس ستی"

ترجمہ :- لل نے پران اور آکاش (اثیر) کو ایک کر دیا اور وہ بظاہر شراہ یار پر نہانے گئیں مگر دراصل نہ صرف وہ دریائے جہلم کے پار ہو گئیں۔ بلکہ تیزی سے انہوں نے تمام کائنات کو عبور کیا۔ وہ ننند ریشی (شیخ نورالدین نورانی) کو اُپدیش دینے گئیں۔ اور رندوں نے اس اُپدیش کو عین عرفان تسلیم کیا۔ لل نے شاہ ہمدان کے ساتھ آنکھ مچولی کھیلی

دوسرے مشہور عارف پنڈت پرمانند کہتے ہیں :

"للیشوری یی یوگ ابس داران | دواد شانت منڈلس منز گئی زنی
اناہتہ ناد بندہ اوم پرزناوان | پنزدشہ زلو کلا یہ ونگلاوان
شوڈشہ سہز کلا آتز تنی | پور نماشی تام بیتھ چھس پیوان"

ترجمہ : للیشوری نے یوگ کی مشق کرتے کرتے برہمانڈ (کاسہ سر) کے بلند ترین مرکز پہ تن تنہا جگہ حاصل کی۔ انہوں نے حسن ارادت سے لفظ "آواز (شبد کے مقام، پر اوم" کی حقیقت پہچان لی۔ اس نے چندر اکی پندرہ جیو کلائیں کھلا دیں۔ حتےٰ کہ 'پرم شو' (ذاتِ افضل) کی سولہویں الا تا ناک

ہو کر نمودار ہوئی۔ یعنی پورے طور مشاہدۂ حقیقت سے ہم آغوش ہو گئیں۔"

لل دید کی زندگی کے حالات پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ لہذا ان کی نسبت وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ صرف چند روائتیں مشہور ہیں جو بار بار سُننے میں آئی ہیں اور قلمبند بھی ہو چکی ہیں۔ وہ ایک کشمیری پنڈت گھرانے میں سرینگر سے چھ میل دور جنوب مشرق کی طرف سیمپور کے گاؤں میں پیدا ہوئیں۔ اور وہاں سے دو میل کے فاصلے پر واقع مشہور قصبۂ پانپور میں بیاہی گئیں۔ سسرال میں اُن کا نام پدماوتی رکھا گیا۔ اُن کی ساس ان کے ساتھ بہت بُرا برتاؤ کرتی۔ اس پر طرح طرح کے الزام عائد کرتی اور اُنہیں بدنام کرنے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھتی۔ ان کے خلاف اُن کے شوہر کے کان بھرتی اور بدظن کرتی۔ انہیں پیٹ بھر کر کھانا نہ دیتی اس پر بھی لل دید کے مُنہ سے کبھی اُف تک نہ نکلی۔

ایک دن کا ذکر ہے کہ ان کے ہاں کسی تقریب کے سلسلے میں دعوت ہوئی تھی۔ لل دید دریا کے گھاٹ پر گئی تھیں۔ وہاں چند سہیلیوں سے مُلاقات ہوئی۔ اُنہوں نے مذاق کے طور پر اُن سے کہا۔ آج آپ نے خوب ضیافت اُڑائی ہوگی۔ لل دید نے جواب دیا کہ " ہوَنڈ مارِتن یا کَٹھ للِہ نَلہ وٹھ ژَلہِ نہ زانہہ" یعنی " خواہ بھیڑ ذبح ہو وزن دار یا کم وزن لل کا حصّہ سوائے پتھر کے کچھ نہیں "۔ اتفاق سے لل دید کے سسر اُس وقت کہیں پاس ہی یہ گفتگو سُن رہے تھے گھر جا کر تحقیقات کی تو معلوم ہُوا کہ جو کچھ لل دید نے کہا تھا سچ تھا۔ حقیقت یہ تھی کہ ان کی ساس تھالی میں کھانا پروستے وقت ہر روز پکے ہوئے چاولوں کے چند دانوں کے نیچے ایک پتھر رکھ دیتی تھی تا کہ تھالی بھری ہوئی معلوم ہو۔ اس سے پہلے لل دید نے کبھی اس بات کا ذکر کسی سے نہیں کیا تھا۔ وہ ہنسی خوشی تمام سختیاں اور تکلیفیں برداشت کرتی رہیں۔

اس زمانے کے دستور کے مطابق لل دید نے کمسنی ہی میں اپنے خاندانی

گرو سدھ بابو سے اُپدیش لیا۔ وہ اکثر اوقات گھر سے نکل کر کہیں دور نکل جاتیں اور تنہائی میں یوگ کی مشق عمل میں محو رہتیں۔ تھوڑے ہی عرصے میں ریاضت میں وہ کمال حاصل کیا کہ اپنے گرو سے بہت آگے نکل گئیں۔ اس سلسلے میں ان کے متعلق آج تک بہت سی روایتیں مشہور ہیں۔ سسرال میں کچھ وقت گذرنے کے بعد آخرکار ایک دن گھربار کو خیرباد کہا۔ اور ایک مست قلندر کی طرح نیم برہنہ حالت میں جابجا گھومتے گئیں۔ خود فرماتی ہیں :-

" گورن وۄنم کُنُے وَژُن — نیبر دۄپنم اندر اژُن
سُے گوو لَلہِ میٚہ واکھ تہٕ وَژُن — تَوٕے میٚہ ہیوتُم ننگے نژُن "

(ع ۱۴)

ترجمہ : مرشد نے مجھے فقط ایک بات کہی۔ باہر کا (یعنی ظاہری) عالم چھوڑ کر تو اندرونی عالم (یعنی نہاں خانۂ دل) میں چلی جا۔ اے للّ! اسی بات کو میں ہدایت بھی اور ارشاد۔ (اور) اسی وجہ سے میں ننگی ناچنے لگی۔

اب وہ للّ دید کے نام سے مشہور ہوئیں۔ اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ان کے پیٹ کا نچلا حصہ (جسے کشمیری زبان میں للّ کہتے ہیں) بڑھ گیا تھا اور جائے ستر پر پردے کا کام دیتا تھا۔ روایت ہے کہ اسی دوران میں ان کی ملاقات پہلی دفعہ حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ (شاہ ہمدانؒ) کے ساتھ ہوئی۔ کہتے ہیں کہ آنکھیں دوچار ہوتے ہی وہ پاس ہی ایک نانوائی کے تندور میں جا

---

لہ مگر ملاحظہ ہو واکھ ۱۲۵ کے تحت نوٹ ۱۲۵ سے ملاحظہ ہو ضمیمہ ۱۲۵

چھپیں۔ لیکن تھوڑی ہی دیر میں وہاں سے زرق برق لباس میں پھر نمودار ہوئیں۔ جب ان سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو انہوں نے کہا۔ میں نے زندگی میں پہلی دفعہ ایک مرد (یعنی مردِ خدا) کو دیکھ لیا۔ حضرت امیر کبیر ۱۲۷۹-۸۰ء سے ۱۳۸۵-۸۶ء تک کشمیر میں مقیم رہے۔ کہتے ہیں۔ اس عرصے میں للّ دید کی اُن سے کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ یہ بھی روایت ہے کہ للّ دید شیخ نورالدین ولی سے بھی (جو چرار شریف میں قیام کرتے تھے) کئی دفعہ ملیں اور انہیں اپنے روحانی کمال اور وجدانی نظر و فکر سے متاثر کیا۔ خاصی لمبی عمر پاکر بجبہاڑہ کے گاؤں میں جامع مسجد سے باہر انتقال کر گئیں۔

للّ دید سے کشف و کرامات بھی منسوب کی جاتی ہیں۔ حالانکہ وہ ان کو کوئی اہمیت نہیں دیتی تھیں۔ بلکہ ان کو بنظرِ حقارت دیکھتی تھیں ان کے نزدیک یہ عمل بالکل شعبدہ بازی ہے۔ فرماتی ہیں۔

زُل ٹھٗوٗن ہیوٚت واہ تٔرہ ناوٗن دۆر دواہ گٔمن پیرو ژُرِتھ
کاٹھ وینہ دوٗد ش ماوٗن انتہ سکول کپٹ ژُرِتھ

ترجمہ: "بہتی ندی کو روک لینا۔ شعلہ زن آگ کو بجھا دینا آسمان پر چلنا۔ کاٹھ کی گائے سے دودھ لینا۔ یہ سب مکر و فریب کی چالیں ہیں"۔

للّ دید بلاشبہ ایک شیو یوگنی تھیں۔ وہ شیو فلسفہ کی ترجمان یعنی "ترِکا" فلسفہ کے رموز و نکات اور تانترک عمل سے بخوبی واقف تھیں۔ جیسا کہ خود ان کے کلام سے ظاہر ہے۔ جس میں وہ بار بار پران[1] 'اپان' ، نادبند، کنڈلنی، یوگ، کلاؤں اور 'برہمہ رندر' وغیرہ کا ذکر کرتی ہیں۔ ان کے نزدیک 'پرم شو' اکل ہے مگر شکتی جو 'کل' یعنی تتوؤں کی دنیا ہے شو ہی کا دوسرا روپ یا پہلو ہے۔ مایا

---

[1] پران، اپان، نادبند وغیرہ الفاظ کی تشریح متعلقہ اشعار کے ترجمے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

محض ایک موہوم تصور نہیں بلکہ شکتی ہے۔ کائنات ممکن الوجود ہے۔ اور عالم کے لئے ذریعۂ عمل و کشائش ہے یا بالفاظ دیگر وہ جوفی قالب (برہمانڈ) ہے جس میں برہما کے انڈے پائے جاتے ہیں۔ لیکن جو دراصل شو شکتی تتو کا دوسرا پہلو ہے۔ انگریزی میں اس مفہوم کو زیادہ وضاحت کے ساتھ یوں ادا کیا جاسکتا ہے،

Maya is a shakti, not an illusion, and the creation is a becoming, the experience of the experiencer, an unfoldment, an out-volution or, varying the metaphor again, a derivative of Mūla-prakrati, the Matrix in which the "eggs of Brahma" (Brahmanda) are laid but which in truth is herself the other aspect of Shiva-shakti-Tattva, "ardhapallav itashankararupamudra."

ان کے حالاتِ زندگی سے قطع نظر جو بات یقینی طور پر کہی جاسکتی ہے یہ ہے کہ انہوں نے اہلِ کشمیر خواہ وہ ہندو ہوں یا مسلمان، امیر ہوں یا غریب، خواندہ ہوں یا ناخواندہ کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ ان کے کلام کا اثر سب پر گہرا اور دیرپا رہا ہے۔ وہ کشمیر کی مقبول ترین صوفی شاعرہ ہیں۔ لیکن ان کی ہر دلعزیزی کا باعث فلسفے کے

دقیق حقائق کا بیان یا حبسِ نفس کا عمل یا کُنڈلنی اور ' نادِ بند' یوگ کا غور و فکر نہیں۔ وہ صرف اس لئے قابلِ عزت و احترام نہیں سمجھی جاتیں کہ وہ شیو فلسفہ کی ترجمان ہیں۔ ان کی مقبولیت اور ہردلعزیزی کا باعث ان کی شدید عقیدت، عملی تجربہ، صدق و خلوص، بصیرت افروزی اور روحانیت سے متعلق رموز و نکات ہیں۔ جن کو وہ شاعرانہ اندازِ بیان کے ساتھ ساتھ بامحاورہ اور عام فہم زبان میں ادا کرتی ہیں۔ زبان کی مقبولیت کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے بعض اشعار موجود بول چال میں بھی مروج ہیں۔ ان واکھوں کی زبان اور آج کی زبان میں کوئی زیادہ فرق نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ واکھ ہم تک سینہ بسینہ آئے ہیں۔ اور ان کی زبان بدلتی رہتی ہے۔ البتہ اس میں بعضے ایسے الفاظ ضرور نظر آتے ہیں۔ جو اب تو مر چکے ہیں یا متروک ہیں۔ بعض الفاظ ایسے ہیں کہ انہوں نے قافیہ و ردیف کی بندش کی بدولت لوگوں کے ذہن میں گھر کر لیا ہے اور آج تک برابر مستعمل ہیں۔ کلام میں استعاروں اور کنایوں کی جو ندرت اور تخیل میں وسعت پائی جاتی ہے وہ انہیں کا حصہ ہے۔ انہی خصوصیات نے ان کی شاعری کو کشمیر کے ادب عالیہ میں ایک لافانی اور جاودانی مقام عطا کیا ہے۔ استعارات کی چند مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

(ل) آمہِ پَنہٕ سۄدرس ناوِ چھس لمان (ع۱)

ترجمہ: "میں کچے دھاگے کی مدد سے سمندر میں ناو کو کھینچتی ہوں۔"

(ب) ناپِدی بارس اَڑٕ گنڈ ڈیٖول گوم (ع۳)

ترجمہ: "نبات کے بوجھ کی رسی کی گانٹھ ڈھیلی ہو گئی۔"

(ج) گیانہٕ مارگ چھےٚ ہاکہٕ وار (ع)

ترجمہ: "گیان کا راستہ ایک ساگ زار ہے۔"

(د) لوبکہِ ناہِ وٲنج بژہ م (ع ۹۳)

"میں نے آتش عشق میں اپنے دِل کو جلایا"

(ہ) لَل بہٕ دڑائس کپٕسہِ پوشچ سٕنڑے (ع ۱۱۵)

"میں (لَل) کپاس کے پھول کی طرح کھلنے کی اُمید میں
(دُور) جا نکلی"۔

لَل دید کا کلام مستی و سرشاری کے جذبات میں ڈوبا ہُوا ہے اور اس میں تصوف اور معرفت کے رموز و اسرار کا وہ خزانہ موجود ہے جو سنتوں اور صوفیائے کرام کے ریاض و عمل کے حسین امتزاج پر مُشتمل ہے اور جوان کی باہمی مطابقت اور مماثلت کا آئینہ دار ہے۔

یہ مجموعہ کلام بصیرت، جذباتِ عشق اور خلوص و صدق کا ایک ایسا مرقع پیش کرتا ہے۔ جس میں حقیقت کی جھلک نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ بلند پایہ سنتوں اور صوفیوں کے کلام میں یقیناً یہی اوصاف پائے جاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایک فرد بیک وقت کئی عالموں میں رہتا ہے۔ جن کو مجموعی طور پر دو عالموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک خارجی دنیا ہے جس میں عالم جمادات، نباتات، حیوانات اور وہ تمام قوانین قدرت شامل ہیں جو فرد کے جسم پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ دوسری داخلی دنیا ہے جو فرد کے تصورات اور احساسات کی حامل ہے۔ اور جسکی تشکیل اس کے علم، مُشاہدات، تجربات، جذبات اور ان تمام رشتوں سے ہوتی ہے جو وہ اپنے ماحول، دوسرے افراد اور سماج سے جوڑ دیتا ہے۔ کئی لوگ ایسے واقع ہوئے ہیں جو ان تعلقات کی کھوج لگانا چاہتے ہیں۔ اور جو دُنیا ہم نے اپنے تعلقات سے برپا کی ہوئی ہے۔ اور جس کا وجود دراصل ایک لسانی یا علاماتی دُنیا سے زیادہ نہیں۔ وہ اُس سے گذر کر حقیقت سے دوچار ہونے

کے متمنی ہوتے ہیں ۔ اس تلاش میں وہ دُنیا کی بہت سی قدروں کو ترک کر دیتے ہیں ۔
ہم اس حقیقت کو بھول جاتے ہیں کہ ایک چیز اور اس کی علامت یعنی اس کے نام یا تصور
اور کیفیت میں بہت فرق ہے کسی چیز کا نام یا تصوُر اس کی حقیقت کا مترادف نہیں ۔
مثلاً بھوک کا لفظ خود بھوک نہیں یا "غذا" کا تصور غذا نہیں ۔ اسی طرح لفظ خدا یا
اس کا تصوُر خدا نہیں ۔ لہٰذا محض خُدا خُدا کرنے سے اس کی حقیقت پہچانی نہیں
جاتی ۔ حقیقت کا جو بھی ہم تصوُّر کرتے ہیں ۔ وہ ہمارے اپنے ہی تخیُّل کی پیداوار ہے
اور اسی کی ایک اُلجھن ۔ لل دید فرماتی ہیں :

شِو شِو کران شِو نو نو شئے

یعنی شِو شِو جپنے سے شِو ( اللہ ) خوش نہیں ہوتا ۔

حقیقت شناس ہستیوں کا قول ہے کہ حقیقت ڈھونڈھنے کی
چیز نہیں ۔ اور نہ ہی کہنے سُننے کی بلکہ یہ دیکھنے کی چیز ہے ۔ اس سلسلے میں للہ دید
کہتی ہیں :

للہ بو لۆسس ژھاران تہ گاران
ہل میٚے کورمس رَسے لِنشہ تہٕ
وُچھُن ہیوٚتمس تارٕی ڈیٹھمس بَرن
میٚے تہٕ کل گیے یہ تہٕ زوگمس تتہٕ
۳۴

ترجمہ :- میں ( للہ ) اس کی تلاش کرتے کرتے تھک
گئی ۔ میں نے اپنی تمام تر طاقت بلکہ اس سے بھی بڑھ کر
کوشش کی ۔ میں نے اسے ( شوق ) سے دیکھنا شروع
کیا ۔ مگر دروازہ بند پایا ۔ میری چاہ اور بڑھ گئی ۔ اور

میں اس کی تاک میں وہیں بیٹھی رہی"۔

ایک اور جگہ فرماتی ہیں :-

ژھانڈان لوٗسس پانٔ پانس ژھینپھ گیانس ووتُم ناکونژھ
نے کرمنس تہ واتس النھانس ( ع۴۷ )

ترجمہ :- میں آپ اپنی تلاش کرتے کرتے تھک گئی۔
مگر کیا اس تلاش سے کوئی گیان کا راز سربستہ پا سکتا
ہے ؟ جب میں نے اس کو اپنا بنالیا تو میں اس میکدے
(یعنی سرچشمۂ حقیقت) میں جا پہنچی۔

للّ دید کے دل میں حقیقت ذات سے ہم آغوش ہونے کی بے حد لگن اور
انتہائی جذبۂ شوق پایا جاتا ہے۔ کہتی ہیں۔

آمہ پنہ سوٗدرس ناوِ چھس لمان
کتہ بوزِ دےمیون منٔ تہ دِیہ تار
آمین ٹاکین پوٗنٛ زن شمان
زوٗ چھم برمان گرٕ گژھہ ہا"
( ع۱ )

ترجمہ :- "میں (گویا) کچے دھاگے کی مدد
سے ناؤ کو سمندر میں کھینچتی جاتی ہوں۔ کاش میرا مالک
میری آواز سن لے اور مجھے پار اتار دے۔ میرا حال
مٹی کے اس کچے برتن کا ہے۔ جس میں پانی جذب
ہو کر ضایع ہو جاتا ہے میری روح اپنے اصلی مقام کو
لوٹنے کی آرزو مند ہے"۔

اس حقیقی منزل تک رسائی حاصل کرنے کے کیا وسائل ہیں۔ اس
بارے میں وہ یوں سوال کرتی ہیں :-

"گرتھ کر دِشہ کُو زانہ وتھ" (ع ۱۰)

ترجمہ :- "کس طرف سے جاؤں اور
(صحیح) راستہ کیسے پہچانوں؟

غرض یہ رنگ و لُو کی دنیا، یہ نام اور روپ کا عالم جو ہمارے ہی من نے
تعلقات کی بنا پر قائم کرکے ماضی کی یاد یا مستقبل کی خواہش کی صورت میں لا کھڑا کیا
ہے۔ اور جس نے حقیقت پر کچھ ایسا پردہ ڈال رکھا ہے کہ اُٹھائے نہ بنے ہماری راہ
میں حائل ہے۔ یہ پردہ ہٹ جائے تو حقیقت کا مشاہدہ ہو سکتا ہے۔ یا یوں سمجھئے
کہ اس تعلقاتی دُنیا کے برپا کرنے والے یعنی 'من' کا پردہ اُٹھ جائے تو انسان حقیقت
سے آشنا ہو سکتا ہے۔ للہ دید کہتی ہیں کہ پُوجا پاٹ کرنے، پھُول چڑھانے، جانوروں
کی قُربانی دینے، یا ایسے ہی بتائے ہوئے طریقوں یا مذہبی رسموں کی پیروی کرنے سے
حقیقت سے شناسائی حاصل نہیں ہو سکتی۔ وہ ان مذہبی رسموں کو ریت کی رسی قرار
دیتی ہیں۔ چنانچہ فرماتی ہیں:

(ل) "کُشِن پوش تیِل دیپہ نا گژھے" (ع ۴۳)

ترجمہ :- کُشا گھاس پھول تیل اور دھوپ نہیں چاہتے۔

(ب) "ازیتن وُٹھ سَزیتن کٹھ دِتِن آہار" (ع ۴۴)

ترجمہ :- "جاندار بھیڑ کو بیجان پتھر کے آگے قربان کرنا!"

(ج) "ہا منشہ کیا زِ چھکھ وُٹھان سکی لَوَر" (ع ۱۹)

ترجمہ :- "اے انسان! تو ریت کی رسی کیوں بٹ رہا ہے"

انسان ان محدود وسائل سے حقیقت حاصل نہیں کر سکتا نہ اُسے خوشامد

سے اپنی طرف متوجہ کرسکتا ہے اور نہ ہی آہ وزاری سے اس پر دسترس پاسکتا ہے۔ وہ کہیں دُور نہیں۔ کہیں سے بُلا کر لانے کی چیز نہیں ۔ وہ ہر جگہ ہر حال میں موجود ہے۔ نحن اقرب ہے وہ کہتی ہیں:۔

(ا) وُچھُم پنڈت پننہٖ گرے" (ع ۳۶)

ترجمہ:۔"میں نے پنڈت کو اپنے ہی گھر میں دیکھا۔"

(ب) ژٕ چھُکھ ژےٚ دوُر مو گارُن (ع ۴۳)

ترجمہ:۔" وہ تیرے قریب ہے اُسے دور نہ ڈھونڈ۔"

(ج) ژٕ چھُکھ ژےٚ پرزناوتَن"

ترجمہ:۔" وہ تیرے پاس ہے ، اُسے پہچان لے۔"

حقیقت کو پانے کے لئے تپسیا یا ریاض کی ضرورت نہیں ۔ نہ یہ محض خواہش سے حاصل ہوسکتی ہے۔ ان کے نزدیک اگر کوئی دھیان میں اس طرح بھی سما جائے۔ جس طرح نمک پانی میں پھر بھی اس کے لئے حقیقت کا پہچاننا مشکل ہے۔

فرماتی ہیں :۔

شٕہرس شمہ تہٕ دم نو گژھے

یرژھِ نو پرٛاوکھ مکتی دوار

سلِلس لوٗن زَن میلِتھ گژھے

تو تہٕ چھُکھ دورلب شٕہز وزار (ع ۳۸)

ترجمہ:۔" وجودِ حقیقت کی معرفت کے لئے ضبط وسکون کی ضرورت نہیں نہ محض آرزومندی سے نجات کے در تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے۔ چاہے انسان دھیان میں اس طرح محو ہی کیوں نہ ہو ، جس طرح پانی میں نمک گھل جاتا ہے۔ پھر

بھی ذاتِ حق کا تشخص دُشوار ہے"۔

البتہ جن باتوں سے 'من' یا 'انا' کو تقویت ملتی ہے یا بالفاظ دیگر جو انسان کو فریب دیتی ہیں۔ یعنی شہوت، غصہ، حرص اور غرور یہ سب رہزن ہیں اور انسان کو دن دھاڑے لُوٹتے رہتے ہیں۔ ان سے اپنے آپ کو بچانا فائدہ مند ہے کہتی ہیں:

(ا) مارِکھ مارِ بُوتھ کام۔ کرۄدھ۔ لۄب (ع۱)

ترجمہ:۔ شہوت، غصہ اور حرص یہ تینوں قاتل ہیں۔ انہیں مار ڈال۔

(ب) یمیٚ لۄب مَنمتھ مَد تْرُوٗر موٗرُن

وَنہٕ نَاشتھ مارِتھ تہٕ لوگُن داس

"تمیٚ سُہز ایشور گوٗرُن" (ع۵۰)

ترجمہ:۔ جس نے حرص، ہوائے نفسانی اور غرور یعنی ان رہزنوں کو مار ڈالا اور اپنے آپ کو سب کا خدمت گزار قرار دیا۔ اُسی نے ایشور کی سچی تلاش کی"۔

لیکن یہ عمل کچھ آسان نہیں۔ فرماتی ہیں:

"پرُن سولب' پالُن دۄر لبھ

سہز گاروٗن سیٚکھم تہٕ کرۄٹھ"

(ع۵۲)

ترجمہ:۔ پڑھنا آسان ہے لیکن عمل کرنا مشکل۔ ذات (آتما) کی تلاش دقیق اور کٹھن ہے"۔

انسان تخیلات سے چھٹکارا حاصل کرے اور اپنی اصلیت میں مستغرق رہے تو یہ سب سے بڑی عبادت ہے۔ اس پر وہ فرماتی ہیں:

(ا) لۄب مارُن سہز وِژارُن درۄگ زانُن، کلپن تراو" (ع۷۳)

ترجمہ :- خواہشات کا خاتمہ کر اور وجودِ حقیقی کے تصور میں ڈوب جا۔ اُسے بے بہا سمجھ۔ تصوّرات باطل سے باز رہ۔"

(ب) "لَلہٕ لَلہٕ کران لاپہ وُزنووُم" (عـ۸۲)

ترجمہ :- "لل ہوں میں۔ ہاں لل ہوں میں۔ یہ آواز دیتے ہوئے میں نے محبوب کو جگا دیا۔

(ج) "سودہ شار پہ پوژ ہرس پوژ لاگہٕ"

ترجمہ :- اپنی آتما کے دھیان رُوپی جل سے ہی ہری یعنی شو کو جل چڑھاوے۔ یہی ریاضت ہے اور تپسیا۔ اس حقیقت کو جاننے کے لئے صبر و تحمل کی ضرورت ہے اور کسی کشمکش کی نہیں۔

(د) "مےٚ یہ کل گنیہ یہ زوگمس تنی" (عـ۳۴)

ترجمہ :- میری چاہ بڑھ گئی اور میں اس کی تاک میں وہیں بیٹھ گئی۔"

(ب) "تیلہٕ لل ناو درام ییلہٕ ڈلی تراوہ مس تتی" (عـ۳۵)

ترجمہ :- جب میں دامن پھیلائے (یعنی آتم سمرپن کر کے) وہیں بیٹھی رہی میں لل کے نام سے مشہور ہوئی۔"

(ج) ہیتہٕ مالہ سنتوش، واتی پانے" (عـ۲۸)

ترجمہ :- صبر و تحمل سے کام لے۔ وہ خود مل جائے گا۔"

ان باتوں سے یہ نتیجہ نکالنا ضروری نہیں کہ انسان دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرے اور دُور جا کر کسی جنگل میں رہے۔ دیکھئے اس بارے میں ان کا کیا خیال ہے۔

"کندیو گیہِ نَترِ کندیو ونواس
ووپھل من نا رُٹھ تہِ واس
دِن راتھ گنز رِتھ یَنُہ شواس
یِتھُے ژھکھ تہِ تِتھُے آس"

(ع۶۳)

ترجمہ :- کوئی گھر بار چھوڑ دے یا صحرا نشینی سے مُنہ موڑ لے جب تک من چنچل رہے گا، صبر و سکون ممکن نہیں۔
رات دن نفس کا ادراک کرتے رہ۔ پھر جہاں جی چاہے قیام کر۔[۲۸]

لل دید عالم ظاہری یا مادی دنیا کو ہیچ ماننے کی قائل نہیں۔ ہر فرد بشر کو خواہی نہ خواہی اس دُنیا کے ساتھ کم و بیش متعلق ہونا پڑتا ہے۔ اس پر سردی و گرمی کا اثر ہوتا ہے۔ اسے کھانے پینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اور وہ دیگر ضروریات زندگی سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔ کہتی ہیں۔

"یُوِ نَیرِ تُرلی تم امبر ہینیا کھود یُوِ گلی تم آہارائن" (ع۶۴)

ترجمہ "کپڑے پہنو اس لئے کہ سردی نہ لگے۔ غذا کھاو اس لئے کہ بھوک مٹ جائے۔"

وہ یہ بھی کہتی ہیں کہ خواہشات کو پُورا کرنے سے من کو شانتی نہیں ملتی۔

"کھینتھ گنڈِتھ شُمہِ نا مانس" (ع۶۵)

ترجمہ :- کھانے پینے اور سامان عیش و عشرت سے من کو شانتی نہیں ملتی۔

---

[۲۸] ملاحظہ ہو، واکھ ۹۱ کا اُردو ترجمہ : "پھر جیتے ہے تو ویسا ہی رہ۔"

"کھین کھین کران کُن نو واتکھ
نہ کھینہٖ گژھکھ اہنکاری"
(ع ۶۴)

ترجمہ:۔ کھانے اور متواتر کھانے سے تجھ کو کچھ حاصل نہ ہوگا۔
اور نہ کھانے سے تجھ میں غرور پیدا ہوگا۔"

بحیثیت ایک فرد کے انسان کو لازمی طور سماج میں دوسرے افراد کے ساتھ تعلقات قائم رکھنا پڑتے ہیں۔ ان کے ساتھ مل جُل کر رہنا واجب ہے۔ جو کچھ بُرا بھلا وہ کہیں۔ گالی دیں، غصہ کریں یا پرستش اور خوشامد کریں۔ غرض جو کچھ وہ کہیں یا کریں۔ اس سے مُتاثر نہیں ہونا چاہیئے۔

"گال گنڈتم بول پڈتم
ڈیٖتم تی یُس یہ روژے
سہز کُسمو پوزٕ کرِتم
بہ اَمہٕ لاگہٕ تہٕ کس کیا موژے"
(ع ۵۵)

ترجمہ:۔ وہ مجھے بُرا بھلا کہیں یا بدنام کریں۔ جس کا جی جو چاہے،
میری نسبت کہے اگر وہ سچے دل سے میری پرستش بھی کرے،
پھر بھی ان باتوں کا مجھ پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ پس اس سے
اس کو کیا حاصل ہوگا۔"

للہ دید فرماتی ہیں کہ اگر انسان حقیقت سے ہم آغوش ہو کر من کو کسی اور چیز سے وابستہ نہ رکھے تو شب و روز دنیاوی کاروبار میں مصروف رہنے کے باوجود بہر حال اُس کا بھلا ہوگا۔

شوشو کران ہمسہ گتھ سوٚرِتھ
رٔوزِتھ دلوہاری دِہن کھو راتھ
لاگِ روٚس اَدوے یُس مَن کرِتھ
تَس نیتھ پرٕسن سُرہ گرِہ ناتھ

(۲۳)

ترجمہ :۔ شوشو پکارتے ہوئے جو ہنس کی چال کا دھیان رکھے (اور) رات دن (دنیاوی) کاروبار میں لگا رہے (لیکن) بے لوث ہو کر اپنے من کو دوئی سے آزاد رکھے (یعنی ذات احد کے بغیر کسی کو تسلیم نہ کرے) اسی پر دیوتاؤں کا دیوتا مہربان رہتا ہے۔"

وہ جابجا اپنے کلام میں من سے دوئی دور کرنے کی تلقین کرتی ہیں ؎

"پرنہ پان یِمی سوٚم مون یِمی ہیوٗ مون دِہن کھو راتھ
یِمی ہے من ادوے سآ نیُن تمی ڈیوٚ ٹھُ سُرہ گرِہ ناتھ"

(۴۳)

ترجمہ :۔ جس نے اپنے اور پرائے کو یکساں مانا۔ جس نے دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھا۔ جس کا دل دوئی سے آزاد ہے۔ اسی نے فقط اسی نے دیوتاؤں کے دیوتا کو پہچانا۔"

حقیقت کو پانے کا یہی راستہ ہے۔ جب من کا پردہ ہٹ جاتا ہے تو وہ خود بخود آشکار ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں جو مشاہدہ عمل میں آتا ہے بیان سے باہر ہے۔ اس مشاہدہ کو للہ دید نادر استعاروں اور کنایوں میں بیان کرتی ہیں۔

"اچھیا سوٚ کاسی لبہِ وُدھتو گگنس سگُن میوٗل سمہ زِڈتا
شوٗنی گول تہٕ انامے موٚتو یۄہے وُدپدیش چھے بٹا"

ترجمہ :۔ جب یوگ کی پیہم مشق سے پدید ناپدید ہوجاتا ہے، کائنات کرۂ اثیر میں گم ہوجاتی ہے۔ پھر کرۂ اثیر بھی غائب ہوجاتا ہے اور صرف وجودِ حقیقی کی ذات باقی رہتی ہے۔ اے برہمن یہی سچا اپدیش ہے۔

واکھ مَنس کول اکول نا اَتے
ژھوپہ مُدرِ اَتہِ نا پرٛویش
روزن شِوشکھت نا اَتے
مۆتے کینہہ تہٕ سُے وِہ پدیش

ترجمہ :۔ وہاں حرف زبان باقی رہتا ہے نہ من اور نہ (شو فلسفہ کے بتائے ہوئے ۳۶) تتوں کا عمل ہے۔ وہاں شِو شکتی تو بھی باقی نہیں رہتے ہیں۔ جو کچھ باقی رہتا ہے وہی اُپدیش ہے۔"

یہی سب سے اعلیٰ مقام ہے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ خارجی دنیا جس میں فرد پیدا ہوتا ہے۔ اس کی حقیقت ایک ایسے پہنچے ہوئے سنت یا صوفی کی نظر میں کیا ہے؟ کیا دنیا و دین۔ خدا و شیطان۔ دُنیا و عقبےٰ۔ فرد اور سماج، فرد اور دُنیا اور اس قسم کی دوئی قائم و دائم رہتی ہے یا نہیں۔

لل دید فرماتی ہیں: "جب میرا من آئینہ کی طرح صاف و شفاف ہوا تو میں نے اُسے پہچانا۔ جب میں نے اُسے پاس ہی دیکھا تو جو کچھ بھی تھا وہی تھا اور میں کہیں نہ تھی۔"

" مُکرس زَن مَل ژٔولُم مَنس
اَدٕ مےٚ لٔب زَنس زان

سُہ یَیلہِ ڈٖیوٗ ٹھمُ لِنتہٕ پانَس
سوزُرے سُے پتہٕ بوٗنو کینھنہٕ"

(۱۳ع)

ایک اور جگہ وہ اپنا مطلب اس طرح سمجھاتی ہیں۔ جب جاڑا شدید ہوتا ہے تو پانی جم کر یخ بنتا ہے۔ یا برف کی صُورت اختیار کرتا ہے۔ بظاہر یہ تین مختلف چیزیں ہیں۔ مگر غور کرو تو تینوں چیزیں دراصل ایک ہیں۔ اسی طرح جب اصلیت اور حقیقت کا یہ سورج چمکتا ہے تو جیو۔ کائنات اور حقیقت ایک بن جاتے ہیں اور یہ سب ایک ہی حقیقت کے مظاہر ہیں۔"

"تیر سِلِل کھوٗت تٔے نیرِ ے
ہِمہٕ تٔرہ گٔے بین، ابِن وِمرٕشا
ژیتَن رو بانہٕ سَب سٔے
شِوٕ مے ژرارِ زگ پشیا"

(۱۱۱ع)

اس حقیقت سے واقف ہو کر وہ پھر رندانہ جُرأت سے پُوچھتی ہیں کہ جب تو ہی ہے تو پھر کھیل کیسا؟"

بقولِ غالب ؎

جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے

ژیٚے ناران، ژیٚے ناران ژیٚے ناران، یِم کٕم ڈٕہر

(۱۳۱ع)

یہ گیان للہ دیدؔ کی زندگی پر نہ صرف اثر انداز رہا۔ بلکہ اس نے ان میں ایک

انقلاب عظیم پیدا کیا، جس کا پتہ اُن کے کلام سے چل جاتا ہے ؎

معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود

اُن کا کلام خونِ جگر میں رنگا ہُوا ہے۔ اور اس میں وہ رموز و اسرار موجود ہیں جو کسی پہنچے ہوئے سنت یا صوفی ہی کے ہاں مل سکتے ہیں۔ ان کے من سے دوئی مٹ گئی تھی اور وہ اپنے اور پرائے میں کوئی امتیاز نہ کرتی تھیں۔ وہ محبت و آشتی کا سرچشمہ تھیں۔

پُرتھ پان بُتھی سوٗم مون

ان کے دِل سے ساری خواہشیں خود بخود مٹ گئی تھیں۔ وہ کھانے پینے میں اعتدال پسند تھیں اور بہر صورت درمیانی راستہ اختیار کرنا ان کا شعار بن چکا تھا ؎

سوٗمُے آہار سیتھا زوٗنُم    لوٗبَن لوٗگُن بُرِم نہ پرے

(۶۳)

ترجمہ:۔ "میں نے اعتدال سے کھانا پینا کافی سمجھا (اور) خواہشات نفسانی کی طرف مائل نہ ہوئی۔"

(ب)   سوٗمُے کھِیئے مالِ سوٗمُے آسکھ

سوٗمُے کھیپہٕ مُٹ رنئے بَرنِن تارِی

(۶۴)

ترجمہ:۔ "اعتدال پسند اور کھانے پینے میں اعتدال اختیار کر۔ ایسا کرنے سے تیرے لئے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

وہ کہتی ہیں کہ مذہبی کتب میں موت کی جو تصویر کھینچی گئی ہے نہایت ڈراونی ہے۔

"شاستر بوزِتھ چھ یمہ ہَبہٖ گرؤٹھ" (ع ۶۵)

ترجمہ:۔ "شاستروں کو پڑھ سُن کر موت بہت ڈراونی معلوم ہوتی ہے۔"

ان کے دل سے اب سب ڈر دُور ہو چکا تھا۔ کیونکہ اس میں جھوٹی آشائیں باقی نہیں رہی تھیں۔ اب تو وہ زندہ ہوتے ہوئے بھی گویا مر چکی تھیں۔ کہتی ہیں۔

(ا) "برانتھ یمو ترأو تمے گے کھسِتھ" (۶۵)

ترجمہ:۔ جنہوں نے جھوٹی آشائیں چھوڑ دیں وہی برتر ہیں۔"

(ب) "زنٖد مرٔس تہٕ مےٚ کرہ کیا؟" (ع ۱۲۱)

ترجمہ:۔ زندہ ہوتے ہوئے بھی میں مر گئی ہوں۔ اب ہستی میرا کیا بگاڑ دیگی؟"

(ج) "مرِ کُس تےٚ مارن کُس؟"

ترجمہ:۔ "کون مرے گا؟ کون مارا جائے گا؟"

ان کے لئے زندگی اور موت دونوں یکساں تھے۔ فرماتی ہیں:

"مرِ نیچھ تہٕ لسہٕ نیچھ" (ع ۱۲۳)

ترجمہ: مروں تو اچھا زندہ رہوں تو اچھا۔"

اب وہ ماضی اور مستقبل یعنی زمانے کی قید سے آزاد ہوئی تھیں۔ دُنیا میں ہر چیز بدلتی رہتی ہے ع

"ثبات بس ایک تغیر کو ہے زمانے میں"

زندگی کا راز اسی میں مضمر ہے جب تک انسان کا دِل خواہشات اور احساسات کا حامل ہے وہ ماضی اور مستقبل کے چکر میں پھنسا رہتا ہے اور حقیقت کو نہیں پا سکتا

اس لئے کہ حقیقت ان پابندیوں سے بے نیاز اور زمانے کی قید سے آزاد ہے جب تک یہ جلوہ گر نہیں ہوتی۔ انسان تغیر زماں کا شکار رہتا ہے۔ اس معنی خیز حقیقت کی طرف للّ دید اشارہ کرتی ہیں:

(ا) "کلن کالہ۔ ناؔلی یوٚدوٕے ژےٚ گوٚل
وِنٛدِ وگہِ وا وِنٛدِ وٕ ونواسـس"
(عـ۸)

ترجمہ:۔ جب تیری خواہشیں زمانے کے تغیر سے آزاد ہونگی یعنی جب یہ ختم ہو جائیں گی تو پھر تو گھر میں رہے یا جنگل میں ایک ہی بات ہے"

(ب) ژٕچھ نوٚوُے ژندرمہ نوٚوُے
زلہٕ مےٚ ڈیوٚٹھم نوم نوٚوُے
ییٚنہٕ ییچھ للہِ مےٚ تن من نووُے
تیٚنہٕ للؔ بوٚ نوم نوٚے چھیٚس
(عـ۱۳)

ترجمہ:۔" چت نیا۔ چاند نیا اور یہ کائنات بھی دمبدم نئی ہی نئی ہے۔ جب سے لل (میں نے) اپنا تن من صاف و پاک کیا۔ میں بھی ہر دم ایک نئی زندگی پاتی ہوں"

للّ دید اب حقیقت سے ہم آغوش تھیں۔ انہیں اللہ کو کسی خاص نام سے یاد کرنے کی ضرورت نہ تھی اسے کسی نام سے یاد کیا جا سکتا تھا۔ خواہ وہ شو ہو یا وشنو، برہما ہو یا بدھ یا کچھ اور چنانچہ کہتی ہیں:

" شوٕ وا کیشوٕ وا جن وا کملزناتھ نام دارن یوٚہ" (عـ۴۶)

ترجمہ :- "شو ہو یا کیشو جن ہو یا بدھ یا کملج بڑہما۔ کچھ بھی اس کا نام لو۔"

وہ مذہب کی قیود سے آزاد ہو چکی تھیں ۔ ان کی نظر میں ہندو اور مسلمان میں کوئی فرق نہ تھا۔ سب میں ایک ہی جلوہ نظر آرہا تھا۔ انہیں کھانے پینے کی چیزوں میں بھی کوئی پرہیز نہ تھا۔ اب انہیں وہ مقام حاصل ہوا تھا کہ جو کام وہ کرتیں وہ پوجا تھا اور نماز۔ جو کچھ وہ کہتی وہی اللہ کا نام اور جس پر نظر ڈالتیں اس میں فقط جلوہ الٰہی دیکھتیں۔

(ا) یہ یہ کرم کورم سُہ ارژن
یہ رُسنہ ویژو رُم تی منتھر"
(ع ۱۲۴)

ترجمہ :- "میں نے جو بھی کام کیا وہ عبادت تھا۔ میری زبان سے جو بات نکلی وہ منتر تھی۔"

(ب) گگن ژٕے بھوتل ژٕے
ژٕے چھکھ دن تہ راتھ
ارگ ژندن پوش پونی ژٕے
ژٕے چھکھ سورُے تہ لاگزی کیاہ
(ع ۱۲۵)

ترجمہ :- "تو ہی آسمان ہے تو ہی زمین۔ تو ہی دن ہے ہوا ہے اور رات تو ہی چڑھاوے کا اناج، چندن، پھول اور پانی، تو ہی سب کچھ میں کیا نذر کروں۔"

(ج) شو چھے تھلہِ تھلہِ روزان موزان ہیوٚند تہ مسلمان (ع ۱۰۵)

ترجمہ:۔ "شو ہر جگہ جلوہ گر ہے۔ ہندو اور مسلمان میں کوئی امتیاز نہ کر۔"

(د) زُلِس اندر کیول زونم
اُنِس کھینِس کُس چھُم دولیش
(ع ۱۱۹)

ترجمہ:۔ "مجھے اس کے بغیر کوئی نظر نہ آیا۔ میں کھانے پینے میں کیا پرہیز کرتی۔"

(ہ) پانَس منز ییلہِ ڈیٹھُکھ مےٚ ژےٚ
مےٚ ژےٚ تہٕ پانَس دِتُم زھوہ
(ع ۱۳۲)

ترجمہ:۔ جب میں نے تجھے اپنے آپ میں پایا۔ تو جوش مسرت میں میں نے تجھے اور اپنے آپ کو آشکارا کیا۔

غرض لل دید کا کلام بصیرت عشق اور صدق و خلوص کا ایک نادر نمونہ پیش کرتا ہے۔ جس میں حقیقت کی جھلک نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ بلند پایہ صوفیوں اور سنتوں کے کلام کی خصوصیت بھی یہی ہے۔ دیکھئے مولانا روم کیا فرماتے ہیں۔

دیدن دیدہ فزاید عشق را — عشق اندر دل فزاید صدق را
صدق بیدائی ہر حس میشود — حسہا را ذوق مونس میشود
ہر حسیت پیغمبر حسہا شود — جملہ حسہا دراں جنت رود
حسہا با حس تو گویند راز — بے زبان و بے حقیقت بے مجاز

شری اُپتلدیو جی "شو سنوتراولی" میں کہتے ہیں:

मत्तीद: उत: मुस्वेन सन्तंन
पुण्नादचं रसायना स्वव२।
सर्वे भाव चवकोषु पूरिते
पश्यापिब अपि मवेयम्नु मद :॥

ترجمہ :۔ کاش میں تجھ سے اپنی عقیدت کی شرابِ
آبِ حیات مُختلف اندریوں سے لگاتار جی بھر کر پینے کے بعد
مست و سرشار ہو جاؤں جس سے تمام موجودات کے جام
لبریز ہیں۔

لل دید کے ہمعصر مورخوں مثلاً جون راج، شری ور اور پودھ بھٹ
نے اپنی تاریخوں میں ان کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ عوام کیلئے
یہ پہلا موقعہ تھا جب رموز و حقائق تصوّف اور ان کو بروئے کار لانے سے متعلق
ضبط و عمل کے طریقوں کا بیان انہیں اپنی زبان میں دستیاب ہُوا۔ اگرچہ اس قسم
کی تعلیم سمجھنے والوں کی تعداد اب تھوڑی رہ گئی تھی۔ کشمیری زبان میں یہ اندازِ بیان
سنسکرت کے مقابلے میں (جس کو اب مقابلتاً کم لوگ سمجھ سکتے تھے) بہت
مقبول ہوا۔ ظاہر ہے کہ سنسکرت کے پنڈتوں نے اس طریقِ کار کو پسندیدہ نظروں
سے نہیں دیکھا ہوگا۔ اور اس لئے ان کے کلام کو قابلِ التفات نہیں سمجھا ہوگا۔
اس کے علاوہ یہ بھی ممکن ہے کہ چونکہ لل دید کوئی وِدوان پنڈت نہ تھیں بلکہ سماج
کے دستور کے خلاف ایک نیم برہنہ مستانہ جوگن کی صورت اختیار کئے ہوئے
تھیں۔ ان مورخوں نے انہیں درخورِ اعتنا نہ سمجھا ہو۔ یا شاید اس کی وجہ یہ
ہو کہ اس وقت تک للہ دید کو اس قدر شہرت حاصل نہ ہوئی تھی، جتنی کہ ایک
دو صدیوں کے بعد جب ان کے کلام کا چرچا نزدیک و دور ہونے لگا بعد میں

آنے والے مورخوں نے کشمیر کی تاریخی کتب میں اُن کا ذکر نہایت احترام سے کیا ہے۔

خواجہ اعظم دیدہ مری اپنی تاریخ "واقعات[1] کشمیر" (۱۱۴۹ھ) مطبوعہ ۱۸۶۳ء میں لکھتے ہیں۔

"عارفہ کاملہ لل مجذوبہ ........ راجذبہ الٰہی ربودادہ ودل بالقطاع وارزو انہادہ چندے بہ سر خفا میگذرانید وکسے از خویش و پیوند بہ حالت باطنی آں مجذوبہ دردمندے نبرد۔"

پنڈت بیربل کاچرو کی تصنیف "مجموعۂ تواریخ[2]" (۱۸۴۶ء) میں ان کا ذکر یوں آیا ہے:-

"لل نام عفیفۂ خدا پرست .... صاف ضمیرے از فرقۂ ہنود قدیم بمنصبۂ شہود گذاشتہ بود۔ در موضع پانپور سکونت نمود۔"

پیر غلام حسن کھویہامی کی تاریخ المعروف "تاریخ حسن[3]" حصۂ سوم میں لل دید کا ذکر ان الفاظ میں پایا جاتا ہے:-

"بی بی لل عارفہ کاملہ ثانی رابعہ بود و در شہور سنہ ہفتصد ہجری ظہور نمودے آرند کہ عفیفہ از موضع سیمپور در خانہ برہمنے متولد شد۔ در صغر سن عجب سوز و گدازے داشت۔ در قصبۂ پانپور بعقد شوہر دادند .... و اشعار دردناک میگفت کہ۔

آہنا بزبان اہل اندیا للہ واک میگویند ..... درحق او ہنود میگویند کہ وے از ماست، مسلماناں دلیل مے آرند کہ از ماست۔ فی الحقیقت

---

[1] صفحہ ۳۴، ۳۵ ناشر غلام محمد نور محمد۔ [2] فولیو ۹۹ سنہ ۱۸۴۶،۱۸۴۰ (نسخہ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ سرینگر) [3] فولیو ۲۵۰ (نسخہ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ سرینگر)

دے از خاصانِ خداست۔ رحمۃ اللہ علیہا"۔

لل دید کا کلام چودھویں صدی کی کشمیری زبان کا نمونہ ہے۔ مگر یہ کہنا مشکل ہے کہ ان چھپے ہوئے واکھوں کی زبان اسی زبان کا صحیح نمونہ ہے۔ کیونکہ کوئی معتبر نسخہ اس زمانے کا موجود نہیں۔ انفرادی طور پر کئی حضرات نے ان کے "واکھ" یعنی اشعار وقتاً فوقتاً جمع کئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے پنڈت بھاسکر راز دان نے ۶۰ واکھوں کا سنسکرت میں ترجمہ کیا تھا جو ریسرچ ڈیپارٹمنٹ کشمیر نے چھاپا۔ پروفیسر بہلر نے "لل واکھ" کے سنسکرت نسخوں کی تلاش سے متعلق جو رپورٹ ۱۸۷۷ء میں شایع کی۔ اس میں ایسے دو نسخوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ سر جارج گریرسن کی رائے میں ان میں سے ایک بھی مکمل نہیں۔ بلکہ ان میں اختلاف بھی پایا جاتا ہے۔ انہوں نے ۱۹۱۴ء میں اپنے ایک دوست مہامو پادھیائے پنڈت مکند رام شاستری سے خواہش ظاہر کی کہ لل واکیانی کا ایک اچھا نسخہ دستیاب کیا جائے۔ پنڈت مکند رام کو اس کی تلاش کے دوران میں گشن گاؤں کے ایک بوڑھے برہمن مسمی برہمن داس سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ جس نے سینہ بسینہ چند بزرگوں تک پہنچے ہوئے "للہ واکھ" زبانی بھی سن کر حفظ کر لئے تھے اور تقدس مآب حضرات کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے انہیں سنا کر محفوظ کرنا تھا۔ پنڈت مکند رام نے اُن کو قلمبند کیا اور (بعض واکھوں) کی سنسکرت اور بعض کی ہندی میں شرح لکھکر) سر جارج کے پیش کئے۔ انہوں نے ۱۹۲۱ء میں اس مجموعہ کو جو ۱۰۹ واکھوں پر مشتمل ہے۔ "لل واکیانی" کے نام سے انگریزی میں مع ترجمہ وشرح کے شایع کیا۔ سر جارج کی رائے میں یہ مستند ہیں۔ اپنی رائے قایم کرنے کی تائید میں وہ اس کتاب کی تمہید میں دلائل بھی پیش کرتے ہیں۔ تمہید کے علاوہ اس میں ڈاکٹر بارنٹ کا لکھا ہوا ایک مبسوط اور قابلِ قدر مقالہ بھی شامل ہے۔ جس میں یوگ کے ریاض کی تفصیل درج ہے۔ گریرسن صاحب نے لل دید کی زبان اور اُن کے

فن عروض پر بھی ایک ضمیمہ کا اضافہ کیا ہے۔ اس کتاب کے علاوہ مسٹر جے ہنسٹن نولس کی تصنیف "کشمیری محاورات اور ضرب الامثال" میں بھی بعض للہ واکھ درج ہیں۔

گریرسن صاحب کی کتاب شایع ہونے کے چند سال بعد سر رچارڈ ٹمپل نے انگریزی میں للہ واکھ کا منظوم ترجمہ شایع کیا۔ اس میں انہوں نے للّ دید سے تعارف کرانے کے سلسلے میں ایک مفصل مقدمہ لکھا ہے۔ اس کے ایک باب میں للّ دید کے عقاید سے متعلق منابع کا ذکر ہے۔ اور دوسرے میں ان کے نظریہ وعمل کے ساتھ ساتھ تصوف بودھ دھرم تانترک مت اور شومت سے بحث کی گئی ہے۔ جس میں ان کے باہمی اثرات کا تذکرہ کرنے کے بعد یہ دکھایا گیا ہے کہ للّ دید کے کلام میں اس امتزاج کا اثر کس حد تک کارفرما رہا ہے۔

پنڈت آنند کول بامزے مرحوم نے تحقیقات کرکے مزید ایسے ۵۷ "واکھ" جمع کئے جو ان مطبوعہ مجموعوں میں شامل نہیں۔ اور جن کو انہوں نے ایک چھوٹی سی کتاب کی صورت میں علیحدہ انگریزی ترجمہ کے ساتھ چھپوایا۔ اس کے علاوہ پنڈت سروانند چراغی اور اس کے بعد پنڈت لے۔ کے، وانچو نے ومین ویلفیئر ٹرسٹ کے سلسلۂ مطبوعات کی اشاعت میں "للہ واکھ" ترجمہ کے ساتھ شایع کرائے۔

موجودہ مجموعہ ان مختلف شایع شدہ مجموعوں سے حسب ضرورت انتخاب کرکے ترتیب دیا گیا ہے۔ عجب نہیں کہ اس میں بھی چند ایسے واکھ شامل ہوں جو دراصل للّ دید کے کلام کا جزو نہیں مگر ان سے منسوب کئے جاتے ہیں۔ مثلاً

" دِلہٕ کِس باعث دور کرگاہ سِل     اَدٕ دیکھیو لی ییمبرزل باغ<br>
مرِتہٕ پیٹہٕ چھُ نے عمرٕ ہندٕ حاصل     موت چھُے پتہٕ پتہٕ تحصیلدار "۔

(۹ع)

واکھوں کی داخلی شہادت سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ للّ دید کے زمانے کی تخلیق نہیں ہیں۔ بہر حال ہم نے عموماً ان واکھوں کو اسی طرح نقل کیا ہے جس طرح یہ ہمارے حوالے کی کتابوں میں موجود ہیں۔ شاید یہی ایک صورت ہے جس میں اختلاف کی بہت کم گنجائش ہے۔

اس امر سے غالباً کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ کسی مضمون یا کتاب کا ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرکے مفہوم کا ہوبہو ادا کرنا آسان نہیں۔ خصوصاً جب کہ مضمون اشعار کی صورت میں بیان کیا گیا ہو۔ اور باریک رموز و دقائق کا حامل ہو۔ موجودہ صورت میں یوگ کی اصطلاحات کے لئے اردو کی تنگ دامانی اور اسی قسم کی دیگر دشواریوں کے باعث یہ کام اور بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ ان امور کے پیشِ نظر اگر یہ ترجمہ کہیں کہیں ادائے مطلب میں قاصر نظر آئے تو کچھ تعجب نہیں۔ ترجمے میں اختصار اور ترنم کا رنگ برقرار رکھنے کے لئے اسے جزواً باقاعدہ نظم اور جزواً نظمِ مُعرّا میں ادا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس میں موضوع کے مفہوم کو برقرار رکھنے کی پابندی کی وجہ سے بہر نوع موز و نیت اور شاعرانہ لوازمات و محاسن کی توقع رکھنا نہ صرف غیر ضروری بلکہ انصاف سے بعید ہے۔ اُمید ہے علم دوست حضرات اسی نقطۂ نظر سے ان اوراق کا مطالعہ فرمائیں گے۔ اور فقط نفسِ مضمون سے بہرہ ور ہونے کی کوشش کریں گے۔

یہاں یہ بتا دینا مُناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم دونوں نے ایکدوسرے کے تعاون اور باہمی اشتراک عمل سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا دیا ہے۔ اور دونوں عوام کے سامنے اس کے پیش کرتے میں مساوی طور پر ذمہ دار ہیں پروفیسر کول نے کشمیری "واکھوں" کا انتخاب کرکے اُن کا اُردو میں لفظی ترجمہ کیا۔

اور مقدمہ لکھا۔ پروفیسر طالب نے اس ترجمے میں حسبِ ضرورت ردوبدل کر کے اسے نظم کا لباس پہنایا۔ اور وضاحت مطلب کی غرض سے کہیں کہیں "واکھوں" کی ذیل میں تشریحی نوٹ بھی لکھے۔ پروفیسر کول نے متروک اور قدیم الفاظ کا ایک ضمیمہ بھی تشریح کے ساتھ تیار کیا۔ غرض دونوں نے مجموعی طور پر ایک دوسرے کے کام کا جائزہ لے کر متفقہ کوشش سے کتاب کے تیار کرنے میں حصہ لیا ہے۔

آج تک للہ دید کے کلام کے جو نسخے شایع ہو چکے ہیں۔ ان میں "واکھوں" کی ترتیب کسی اصول کے تحت نہیں پائی جاتی۔ موجودہ مجموعہ میں یوگ کی مشق عمل کے بتدریج مدارج کو مدِ نظر رکھکر یہ ترتیب بدل دی گئی ہے۔

★ جیا لال کول
★ نند لال کول طالب

# حصّہ اوّل

(۱)

آمہٕ پئتہٕ سۆدرِس ناوِ چھس لمان

کتہٕ بوزِ دَے میون مئے تہٕ دِیہٕ تار

آمین ٹاکین پوٗنہٕ زٔن شمان،

زٔو چھُم برمان گرہٕ گژھہٕ ہا

(۲)

لُلتھ لُلتھ وَدَے بو۔ واے[1]

ژِتا مُہچ پیٚنی ماے

روزی نو پتہٕ لوہ لنگرچ ژھاے

ژتہٕ سو یرچھ کیا موٗ ژھٚے ہاے

---

[1] یارمو۔ واکھ ۱۴۔ واے

(۱)

کچے دھاگے کی مدد سے ناؤ کو کھیتی ہوں میں درمیان دریا کے متواتر جو ڈانواڈول ہے
کاش بن پائے مرا مالک مری آواز اب اور اُتارے پار مجھ کو اپنے رحم و فضل سے
حال اپنا کیا سناؤں کچھ کہا جاتا نہیں
میں ہوں اک کچا سا برتن جو بنا مٹی کا ہو اور جس سے پانی رِستا رہتا ہو آٹھوں پہر
روح کو خواہش ہے پائے اپنا یہ اصلی مقام

نوٹ: ان اشعار میں بے بسی کی پکار کا اظہار ہے۔ للؔ نے مذہبی ہدایات پر عمل کر کے منزلِ مقصود حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن یہ ایسی بیکار ثابت ہوئی کہ گویا وہ کچے دھاگے کی مدد سے اپنی روح کی کشتی کو بحرِ ہستی سے پار لے جانا چاہتی تھی۔

(۲)

خود اے للؔ ماتم کرونگی تجھ پہ میں دھیرے دھیرے دکھ بھری آواز میں
اے مرے دِل یہ تجھے کیا ہو گیا کر لیا قابو ہے، مایا نے تجھے
سایہ تیرے آہنی لنگر کا بھی ساتھ تیرا دے نہیں سکتا کبھی
آہ! تو اپنے حقیقی روپ کو بھول بیٹھا، کس قدر افسوس ہے

(۳)

تَلہٕ چھےٚ زُلُس تےٚ ییٚژھ چھاکھ نَژان

وَنتہٕ مالہِ مَنٛ کیتھہٕ پَژان چھےٚ

سورُے سوٚمبرِتھ ییٚتی چھےٚ موژان

وَنتہٕ مالہِ اَن کیتھہٕ روژان چھےٚ

(۲)

ہَیچھِ ہأرِنجہِ ییٚژلِو کان گوم

اَکھ چھان بیوم یَتھ رازدانے

منز باگ بازَرس قُلفہٕ روٗس وان گوم

تیرتھہٕ روٗس پان گوم کُس مالہِ زانے

---

لٕ وونہٕ

(۳)

ہے تیرے نیچے چاہ تو اوپر ہے ناچیتا
حیران ہوں تیری عقل پہ کیونکر ہے ماتی
جو کچھ کیا ہے جمع یہیں چھوڑ جائے گا
کس طرح تجھ کو کھانے میں آتا ہے پھر مزا

(۴)

لکڑی کی تھی کمان بلا تیر گھاس کا
نجار بیوقوف بلا قصر کے لئے
بازار میں دوکان رہی قفل کے بغیر
میرا بدن نہ پاک زیارت سے ہو سکا

کس حال میں ہوں اس کی کسی کو خبر نہیں

نوٹ :۔ یہاں للّ دید اپنی ناگفتہ بہ حالت کا
بیان پیش کرتی ہیں ۔

(۵)

آیِس وَتے گیِس نۄ وَتے

سُمَن سوتھ منز لۄسُم دوہ

چنٛدس وُچھِم تہٕ ہارٕ نَہٕ اَتھے

ناوِ تارَس دِمہٕ کیا بوہ

(۶)

کیاہ کَرِ پانٛژن دَہَن تہٕ کاہَن

وۄکھشُن یتھ لیجہِ کَرِتھ یِم گے

سارِی سَمہَن یتھ رَزِ لمہَن

اَدِ کیازِ راوِہے کاہَن گاو

(۱) "گیس نہٕ وَتے" (وچھِو ضمیمہ گریرسن-لولتو) تہٕ گوو زانِس نہٕ مَرُن تہٕ چھم۔ زِنٛج تہٕ مرنٛج چھِنہٕ کُنی وَتھا کتھا۔ (۲) سوم‍ٕہ، سِتے منز ہرناو

(۵)

(ا)

شاہراہ عام سے گو آئی میں — جا سکی واپس نہ پھر اس راہ سے
بند پر ہی سے ابھی تھی جا رہی — میں نے دیکھا اتنے میں دن ڈھل گیا
ڈال کر تب ہاتھ دیکھا جیب میں — آہ! اس میں ایک کوڑی بھی نہ تھی
پار دریا سے اُترنے کے لئے — آپ ہی کہئے کہ اب دونگی میں کیا

(اا)

شاہراہِ عام سے آئی تھی میں — پر نہ واپس جا سکی اس راہ سے
بند سے من کے گزر رہی تھی ابھی — میں نے دیکھا دفعتاً دِن ڈھل گیا
اپنے اندر میں نے گو ڈھونڈا بہت — نام تک ہر کا کہیں پایا نہیں
پار دریا سے اُترنے کے لئے — آپ ہی کہئے کہ اب دونگی میں کیا

نوٹ:۔ یہ قطعہ ذو معنی ہے۔ اسلئے ترجمہ دونوں صورتوں
میں پیش کیا گیا ہے۔ ہر "شو" ہی کا ایک نام ہے ۔

(۶)

پانچ، دس گیارہ کو کہئے کیا کروں — میری ہانڈی کر کے خالی چل دئے
کھینچتے رسی کو سب مل کر اگر — کب یہ گیارہ گائے کو کھو بیٹھتے

نوٹ:۔ پانچ سے مُراد مادی دُنیا میں عملی تجربے کے پانچ اصول ہیں۔

(۱) حالتِ انجمادی (۲) حالتِ سیالی (۳) حالتِ تشکیلی (۴) حالتِ ایثری (۵) حالتِ خلا ـــــ دس سے مُراد پانچ خاص اور پانچ ثانوی 'اندریاں' ہیں۔ خاص اندریاں یا قویٰ یہ ہیں: (۱) قوّتِ شامہ (۲) قوّتِ ذائقہ۔ (۳) قوّتِ باصرہ (۴) قوّتِ لامسہ (۵)

(۷)

اژھبُن آے تہ گرژھُن گژھے

پکُن گژھے دِن کیاو راتھ

یوڑے آے تہ توڑی گرژھُن گژھے

کینہہ نَتہ کینہہ نَتہ کیاہ

۱ اژھان (بجاسکر) تہ گو اوُژھ یانے کمزور گرژھان۔ مگر نہ چھُنہ مطلب۔ اژھبن گو ژھبنہ روُس یعنی بار بار آے یوان تہ گرژھان۔ دُس کہو راتس چھُنہ اکھ بتس تہ گرژھنس ژھبن۔ ۲ اسہ پزٕ توڑی گرژھن ییٚنہ بیچھٕ اَکی گوڈے آسٕچھٕ۔ یعنی بھگوان سندٕ بیچھٕ۔ ییٚنہ بیچھٕ تہ اسہ بنٚیہ پیٚنہ یورنٕ۔ ۳ مقام پراوُن سو روحانی دشا پراوِتٕ تہ پانئے موکھش لبُن۔ ۴ یہ چھُہ کیاہ تام پوشیدہ راز۔ مگر چھُہ کینہہ نتہ کینہہ ، نتہ چھا سورُے بے مطلب۔

قوتِ سامعہ ، ثانوی اندریاں یہ ہیں ۱. قوتِ تناسل ۲. قوتِ اخراج ۳. قوتِ حرکت ۴. قوتِ دستی ۵. قوتِ صدا ۔ گیارہواں من ہے جو قوتِ فکر کی صورت میں ان سب کو قابو کرتا ہے ۔

یہ سب قویٰ مختلف طرفوں میں آوارہ ہو کر اپنا اپنا زور لڑاتے ہیں اور اس طرح سے 'آتما' یعنی رُوح کہیں کی نہیں رہتی ۔ اس کی مثال اس گائے کی ہے جس کے گیارہ مالک ہوں ۔ اور ہر ایک اس کو اپنی طرف کھینچتا ہو ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ گائے کہیں کی نہیں رہتی ، ہانڈی سے مُراد رُوح یا جیو آتما ہے جس سے لوگ عیش و عشرت حاصل کر کے چلے گئے اور اس کو بے بسی کی حالت میں چھوڑ گئے ۔

(۷)

بارہا آتے رہے ہم بارہا جاتے رہے
سلسلہ یہ آنے جانے کا رہے گا برقرار
جس جگہ سے اسطرح آتے رہے ہیں پے بہ پے
پھر وہیں جاتے رہیں گے ہم برابر ، بار بار
راز ہے کوئی نہ کوئی اس میں پوشیدہ ضرور
ورنہ کیا سارا یہ ہنگامہ ہے ، بے اعتبار

نوٹ :۔ یہاں انسان کے آواگون کے چکر میں بار بار گرفتار ہونے کا ذکر کیا گیا ہے ۔

(۸)

آیِس کمہِ دِشہِ تہٕ کمہِ وَتے

گژھ کمہِ دِشہِ کوٚ زانہٕ وَتھ

اَنتہِ داے لَگہٕ تَتیلہ

چھینِس پھوکس کانژھ تہٕ نوٚ سَتھ

(۹)

گاٹلاہ اکھ وُچھم بوچھہِ ستیٚ مَران

پَن زَن ہَران پُہنہِ واوہ لہ

نیٚشِ بود اکھ وُچھم وازس ماران

تَتہٕ لَل بو پراران ژھینم ناپژاہ

لہ "تتیلہ" تہٕ یہ داے پراونہٕ ورائے چھنہٕ حاصل کیہنہ، امہِ ورائے چھُ مَنُش محض کھسہِ وَساشیچ بیٚترِ نہٕ کیہنہ۔ اتھ بیچھ چھنہٕ کانہہ سَتھ۔ لہٰذا اعتبار نہٕ تہٕ فایدہ۔

(۸)

آئی ہوں کس دیس سے کس راہ سے　　جاؤنگی کس دیس سے حیران ہوں میں
راستے کی کیا مجھے پہچان ہو
کس قدر خوش بخت ہوتی اگر　　آگہی اس راز سے ہوتی مجھے
بے حقیقت ہے نفس بے اعتبار

نوٹ:۔ لل کہتی ہے اسے معلوم نہیں وہ کہاں سے آئی اور اس
کو کہاں جانا ہے۔ سب سے اہم بات جس کو سمجھنا چاہیے
یہی ہے ورنہ یہ زندگی محض ایک سانس ہے۔ یعنی بے سُود
اور بے اعتبار۔

(۹)

میں نے اک دانا کو دیکھا بھوک سے مرتے ہوئے
جیسے پت جھڑ میں ہوا سے گرتے ہیں برگِ شجر
ایک ناداں شخص کو دیکھا کہ ہو کر تُرش رو
پیٹتا تھا اپنے باورچی کو بے خوف و خطر
ہو کے بد دل منتظر رہتی ہوں اب اس دن کی لل
چھوٹ جائیں مجھ سے اس دُنیا کے بندھن سر بسر
نوٹ:۔ مطلب یہ کہ انسان کی دانائی اس کو فاقہ کشی
سے نہیں بچا سکتی نہ ہی اس کو موت سے مفر ہے۔

دٟمی ڈیٹھم نَد وَہوِٹھ
دٟمی ڈیوٹھم سٕم تہٕ تار
دٟمی ڈیٹھم تھٕر پھولہِوِنی
دٟمی ڈیوٹھم گُل نہٕ تہٕ خار

(۱۱)

دٟمی ڈیٹھم گٕگ دَزہِوِنی
دٟمی ڈیوٹھم دٕہ نہٕ تہٕ ناڑ
دٟمی ڈیٹھم پانڈوَن ہنز ماجِہ
دٟمی ڈیٹھم کرٛاجی ماس

---

لے :- سولہِوِنی - پارِہ ہیٹھی - نور نامہ ص ۲۲۴
ٹہ :- ن ر - پانڈوماجی

(۱۰)

ابھی ایک ندی بہتی ہوئی
ابھی چار سُو عالمِ آب تھا
جو دیکھا تو پُل تھا نہ ساحل کہیں
نہ تھا سیل دم میں نہ وہ جوئے آب
ابھی ایک جھاڑی تھی پھولوں سے پُر
ابھی پھر جو دیکھا نہ گُل تھا نہ رُخسار

(۱۱)

مین نے دیکھا ایک چولہے میں تھی آتش شعلہ ور
دم میں دیکھا آگ اس میں تھی نہ باقی کچھ شرر
تھی ابھی ماں پانڈوؤں کی میرے آگے جلوہ گر
دم میں تھی خالہ کمہارَن کی مرے پیشِ نظر

نوٹ:- پانڈو راجے تھے اور ان کی ماں کنتی مہارانی تھی۔ ایک دفعہ وہ فریب و دغا کا شکار ہو کر نہایت تنگدست اور خستہ حال ہوئے اور بھوکے پیاسے سرگرداں رہے۔ پھرتے پھرتے آخر ایک شہر میں جا پہنچے۔ یہاں ان کو کمہار کے گھر میں پناہ ملی کمہارن اور اس کے بچے مہارانی کُنتی کو خالہ کہکر پکارتے تھے۔

(۱۲)

ژامر چھپتر رٹھ سمہاسن

ہلاد ناڈی۔رس تُلہ پریناکھ

کیاہ مانٔتھ پیٚتہ ستھر آسوٗن

کوٚ زن کاسی مرنٛز شینکھ

(۱۳)

کیاہ بوٚڈکھ موٗہہ بوٚسوٚدر درے

سوٚتھ لُہرِٹھ پیٚیی تمہ پاٚنکھ

یمہٕ بجھ کرنے کاٗل چھورہ درے

کوٚ زن کاسی مرنٛز شینکھ

---

۱ لوٚٹھ (اگریزن)

(۱۲)

عیش و عشرت، رقص و نغمہ، تخت و تاج
راگ رنگ اسباب، قندیل و زُجاج
ان میں کچھ بھی جاودانی ہے یہاں؟
موت ایک دہشت ہے اس کا کیا علاج؟

(۱۳)

خواہشاتِ نفس کا بحرِ تموج آفریں
پُل شکستہ اور تو موجوں میں مل کر نہ نشیں
گھُپ اندھیرا اور صیادِ اجل ہے گھات میں
خون میں لت پت اجل کے ہاتھ جسمِ نازنیں

موت ایک دہشت ہے اس کا کیا علاج؟

(۱۴)

ہا ژٕبتا کوٚ چھُے لوٚگمُت پَرمس

کوٚ گوٚے اُپزِس پَزُیک بروٗشت

وٕشہِ لوٚز وش کوٚزٕنکھ پر دھرمَس

بیشہٕ گرشھنہٕ زینہٕ مرَنس کروٗشت

(۱۴)

اے دِل فریفتہ ہے عبث روے غیر پر
سمجھا ہُوا ہے جھُوٹ کو سچ یہ بُرا کیا
مغرور ہوگیا ہے پرائے دھرم سے تو
یعنی ہے تجھ پہ جہل کی چھائی ہوئی گھٹا
اُلجھا ہُوا ہے دامِ حیات و ممات میں
(ٹوٹے یہ جال دیکھئے وہ دن کب آئیگا)

(۱۵)

ہا مَتشہِ کیا زِ چھُکھ وُڈھان سیکہِ لُور
اَمہِ رَژِ ہمالہِ پَکی نہٕ ناو
لیوٗکھے یہِ ناراٗنی کرمہٕ ہکھہِ
تہٕ مالہِ ہیٚکی نہٕ پھرِتھ کانہہ

(۱۶)

ژَرمن ژٕٹھ دِتھ پیٚنہٕ پانس
تیٚتھ کیاہ وَولبُتھ تہٕ پھلہی سوو
موٗڈِس دوپدِیش گےٚ ریٚنزی ڈُمٹس
کنہٕ دانڈس گور آپرِتھ رود

---

ل اَمہِ ہُکھہِ نہٕ ہا مالہِ

(۱۵)

آہ! اے انسان کیوں توبٹتا ہے رسی ریت کی
اس عمل سے تیری کشتی آگے جانے کی نہیں
پھل تیرے اعمال کا مل کر رہے گا یاد رکھو
یہ خدا کا فیصلہ ہرگز بدل سکتا نہیں

نوٹ:- ریت کی رسی مذہب کی ظاہرداری اور
دنیاوی عیش وعشرت کی خواہش کے لئے استعمال
کی گئی ہے۔ ان رسومات سے اپنے کرموں کا
پھل ٹل نہیں سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو، واکھ ۲۲
کی چوتھی سطر۔

(۱۶)

کاٹ لی ہے کھال تونے اور پھر اس کو پھیلایا ہے میخیں گاڑ کر
بیج کیا کوئی ہے تونے بو دیا جس سے کچھ اُگ آنے کی اُمید ہو
دینا کچھ ایدیش ناداں کو ہے کیا گولیاں گنبد پہ گویا پھینکنا
یا بکثرت گُڑ کھلا کر سانڈ کو رہنا اس کے دودھ کا اُمیدوار

نوٹ:- جس طرح ایک چمار کا کام یہ ہے کہ وہ لاش سے
چمڑا حاصل کرکے اپنی ضروریات کے مطابق اسے چیر پھاڑ کر
سُکھانے کے لئے پھیلا دیتا ہے۔ اسی طرح ایک دنیاوی انسان
اپنے جسم کی پرورش کرتا ہے جو بجائے خود ایک کھال ہے
اور اسے عیش وتنعم کے عالم میں خواہشات کی میخوں سے
کس کر پھیلا دیتا ہے۔ بخلاف اس کے ایک عقلمند

(۱۷)

نیم کرِیوتھ گرٕبا۔ ژٕتّس کَرٕبا پٔیِّی
مَرِنہٕ برونٹھےٚ مرٕبا۔ مُرِتھ مرَنہٕ ہُری[1]

---

[1] وُچھیو واکھ نمبر ۲۲ تہٕ

انسان ایک شائستہ مزارع کے مانند ہے وہ اچھا بیج بوتا ہے جو اُگتا ہے اور فیضِ روحانی کی فصل کا حامل ہوتا ہے۔ دُنیاوی بیوقوف آدمی کو ہدایت دینا گنبد پر گولیاں پھینکنے یا ایک گندمی رنگ کے طاقتور بیل کو گُڑ کھلا کر اس سے دودھ حاصل کرنے کی توقع رکھنے کے مترادف یعنی فضول ہے۔

(۱۷)

یاد کر اُس عہد کو جو کیا تھا بطن میں
جیتے جی ہی تو مرے گا تب تمہارا مرتبہ
واقعی ہو گا بُلند

نوٹ :۔ روایت ہے کہ جب تک روح رحم مادر میں ہوتی ہے۔ اس کو پچھلے جنم یاد ہوتے ہیں اور یہ پیدا ہوتے وقت آیندہ آواگون کے چکر سے رہائی حاصل کرنے کا عہد کرتی ہے۔ لیکن جوں ہی پیدا ہوتی ہے۔ یہ سب کچھ بھول جاتی ہے اور دُنیاوی خواہشات میں اُلجھ کر اسے بار بار ماں کے پیٹ میں داخل ہونا پڑتا ہے۔ اس بات کی طرف واکھ "۳" میں بھی اشارہ ہے۔

(۱۸)

موڈِس گیاژ کتھ نو وُذزے

خرِس گور دِنہٕ راوی دوہ

سِیکہِ شاٹھس پھل نو وُوی زے

راوِری زِنہٕ کوٚم یا جَن تیل

(۱۹)

ژِچھنس اوٚبرس زاژِن زانہٕ ہا

سمُدرس زانہٕ ہا کُڈِتھ اَٹھ

مَندِس روگیِس وَیدیُت زانہٕ ہا

موڈس زاژِم نہٕ پرِزنِتھ کتھ

---

لہ ۔ وُچھو نوٹ واکھ ۱۷۶ ہس تَل بیٚنتہٕ بیٚنیہ نہٕ ژور سطرٕ چھیٚے ۔ کُل اَٹھ اُکی ہیے واکس ۔

(۱۸)

مردِ نادان کے لئے بے کار ہے عرفاں کی بات

فاطر و خر کے لئے ناچیز ہے قند و نبات

ریت کے میدان میں تخمِ عمل ضایع نہ کر

روٹیاں چوکر روغن میں نہ تل اے بے ثبات

(۱۹)

آسان تھا بادلوں کا ہٹانا مرے لئے

ممکن تھا میں نکالتی دریا سے سارا آب

بیمارِ خستہ حال کا کر سکتی میں علاج

لیکن میں بیوقوف کو قایل نہ کر سکی

(۲۰)

ٹیوٗٹھ موٗدُر تےٚ میوٚٹھ زہر

یِس یوٚت ژُھنِکھ جَستَن باو

ییٚمۍ یَتھ کرِ سے کل تہٕ قہر

سُہ تَتھ شہر وٲتِھ پیوٚو

نوٹ:۔ وُچھو نوٗرنامہٕ ع ۲۱۰

(۲۱)

گوٗرَن ووٚنُم کُنُے وَژُن

نیبرٕ دوٚپنُم اَندر اژُن

سُے گوو لَلہِ مےٚ واکھ تہٕ وَژُن

توَے مےٚ ہیوٚتُم نَنگے نژُن

(۲۰)

کڑوا میٹھا ہے تو پھر میٹھا بھی کڑوا ہی تو ہے
جو بقدرِ استطاعت سعی و کوشش میں لگے

روز جس چیز کے در پے رہے اس کے لئے
شوق ہمت صبر و استقلال کا خوگر بنے
بے شُبہ وہ منزلِ مقصود تک آجائے گا

نوٹ:۔ 'کڑوا' سے مُراد ہے ضبط اور خواہشات پر قابو پانا، جس کا
پھل میٹھا ہوتا ہے۔ 'میٹھا' سے مُراد ان خواہشات کو بے لگام
چھوڑ دینا۔ جس کا انجام کڑوا ہوتا ہے۔

(۲۱)

بچپن ایک مُرشد نے مُجھ کو بتایا
کہ باہر سے اندر ہی اندر چلی جا

اسی کو ہدایت و رشادت میں سمجھی
لگی ناچنے مست ہو کر بس ننگی

نوٹ:۔ لل کہتی ہے مرشد نے مجھ پر یہ بات واضح کردی کہ "ظاہری
دنیا ہیچ ہے اسلئے 'خلوتخانۂ دل میں داخل ہوکر ذاتِ باطنی کے تصور میں ڈوب جا۔
اس کا بیان ہے کہ جب اس ہدایت پر اس نے عمل کیا اور اپنی ذات کو
ذاتِ خُداوندی میں گُم پایا تو عالمِ ظاہری کی تمام چیزیں اسے ہیچ نظر آئیں حتیٰ کہ اس کی
بھی پروا نہ کی کہ لباس زمانے کے طور طرز کے عین مطابق تھا یا نہیں۔ ناچنے سے مُراد ہے
جہاں دل گیا وہاں چلی"۔ کشمیری محاورہ ہے "نژان پھیران" ناچ کرنا معنی نہیں ہیں۔

حاشیہ صفحہ ۸۷: مرحوم ماسٹر زندہ کول/شنکر پنڈتن حوالہ دِتھ چھُ وَننہٕ یِوان زِ یہ لفظ چھُ "ننگے" یعنی
کشیر ہندین نفدین بالن پیٹھ اکھ نژوُن یوش چھُ۔ (دُچھو لل دید نمبر کاشُر سماچار واکھ ۲۰ ۱۹۷۱
نئی دہلی) مگر یہ چھُ سراسر غلط۔ نژُن گوو نہ ناچ کرُن بلکہ نژن پھیرُن یُدرمتی گَیہ تور گژھن
نالہٕ کیاہ چھُم کیاہ تیھُنہٕ امیک کوٚرُم نہٕ پروا۔

(۲۲)

راجس بأج ییٚمہ کرٕتھ پآژ

سورگس بآج چھےٚ تیٚھ تأگے دان

سہزس بأج ییٚمہ گورٕ گتہٕ پآج

پاپہٕ پوٕز بآج چھےٚ پنٕہ نےٚ پان

(۲۳)

ناپدی یارٕس اَڈٕ گتھ ڈیوٗل گوم

دیٚہہ کاڈٕ ہوٗل گوم ہیکہٕ کہیوٗ

گورٕ سٕند وَنُن راوَن تیوٗل پیوم

پھلہٕ رٕدس کھیوٗل گوم ہیکہٕ کہیوٗ

لہ: پآج یلنے تجٕ ـ وانجو ـ تجی، پارٕسوٗ = تیاجی

سہ: دین کار = گریرن، دیہکان = پارموٗ

(۲۲)

ہے نصب العین جس کا تیغ اس نے سلطنت پائی
جو تپ اور دان کا خوگر ہے اس کو مل گئی جنت
عمل جس نے کیا ارشادِ مرشد پر ہوا واصل
عمل کا پھل ہی ضامن ہے ثوابوں اور گناہوں کا

نوٹ :۔ ہر عمل کا پھل ملتا ہے ؏ عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (اقبال)
دنیاوی معاملات میں دوڑ دھوپ کرنے سے دنیاوی خوشحالی حاصل ہو سکتی ہے ۔ اگر انسان کسی مذہبی فریضے کا پابند ہے تو وہ اپنے عمل کا پھل آخرت میں پاتا ہے ۔ مگر وہ دیرپا نہیں ہوتا۔ جب اعمال نیک کے پھل کا سرمایہ ختم ہو جاتا ہے تو وہ آواگون کے تابع ہو جاتا ہے ۔ آخری نجات پانے کی ایک ہی صورت ہے اور وہ یہ کہ انسان خود شناسی حاصل کرے جو فقط مرشد کی ہدایت سے حاصل ہو سکتی ہے ۔

(۲۳)

بارِ بنات میں نے اُٹھایا تو تم نفس — قسمت سے میری سُست ہوئی بندشِ رسن
میری کمر کمان کی مانند جھک گئی لہ — اس بوجھ کو بتائے کیونکہ اٹھاؤں میں
نشتر لگا وہ ذہن پہ مُرشد کے قول سے — جو کچھ مجھے عزیز تھا وہ مجھ سے چھن گیا
ربوٹر مایہ رہگیا ہے سایۂ شان — اس بوجھ کو بتائے کیونکر اٹھاؤں میں

لہ :۔ اب میرے دن کا کام ہی سارا بگڑ گیا ۔

نوٹ :۔ بارِ بنات سے مطلب دنیا کی نعمتیں اور دلفریبیاں ۔ مرشد کے کہنے پر کر دنیاوی لگاؤ ختم کرو اور داخلی یعنی روحانی عالم کی طرف رجوع ہو جاؤ۔ تل دید کو یہ نصیحت اچھی لگی اور اس پر یقین بھی آ گیا ۔ غیر رسی جو اس بارِ بنات کو باندھے ہوئے تھی ۔ بقیہ بر صفحہ ۸۹

(۲۴)

گورس پرژھام ساسہ لٹے

یَس پہٕ کیہنہٕ وَنان تَس کیا ناو

پرژھان پرژھان تھٔچِس تہٕ لوٚسس

کیہنہٕ نَس لبٕہ کیاہتام دژاو

(۲۵)

زنم پراوِتھ وِلوَنا ژھونڈم

لوٚبن بوٚگن ہٕرم نہٕ پرژے

سوٚمے آہار سیٹھاہ زوٚنُم

ژوٚلُم دوٚکھ داد، لوٚلُم دَے

اِس یقین کی اثر سے ڈھیلی تو پڑ گئی مگر ابھی یہ بارِ نبات یہ دنیاوی کاروبار کندھوں پر ہی ہے۔ یہ نیچے گرا نہیں۔ للّ دید روحانی پیچ و تاب واضطراب میں ہے کہ کیا کروں۔ دنیا کو ترک کروں یا نہ کروں، کروں تو کیسے۔ ابھی بھی اُسے ایسا لگتا ہے کہ مرشد کی ہدایت کہ دنیا کو ترک کرو کوئی محبوب شئے ترک کرنے کے مترادف ہے۔ اِس وقت اُسے ایسا لگتا ہے کہ اِس کو اپنے عناصر کے ریوڑ کا چرواہا یعنی من بچھڑ گیا ہے۔ کبھی بھیڑ بکریاں اِدھر جاتی ہیں کبھی اُدھر۔ کئی اِدھر کی طرف کئی اور اُدھر کی طرف جا رہے ہیں۔ اِن کو قابو کون کرے۔ چرواہا ہی بچھڑ گیا ہے۔

(۲۴)

مرشد سے بات پوچھی یہ میں نے ہزار بار
جس کا بیان محال ہے اس کا ہے نام کیا
میں تھک گئی مگر نہ ملا آج تک جواب
کچھ ہے جو سب کی اصل ہے اسمیں کلام کیا

(۲۵)

زندگی پا کے رہی کب طالبِ شان و شکوہ
خواہشاتِ نفس اور لالچ سے میں بچ کے رہی
کھانے پینے میں رکھا مدِّ نظر ہے اعتدال
اور یہ سمجھی کہ کافی ہے یہی میرے لئے
کر لیا برداشت میں نے مُفلسی دُکھ درد کو
اور کی پُوجا فقط اس مالکِ مختار کی

(۲۶)

آیَس تہٖ سیوٚدُے پہٖ گرٛشہٖ تہٖ سیوٚدُے

سیٚدِس ہوٚل مےٚ کریم کیا

بوٚتُس اَہس آکرٕے ولیوٚدُے[1]

وِدِس تہٖ ویٚندِس کریم کیا

[1] اولہٖ پیٹھے زٲنۍ [2] وُچھو لۆرنامہٖ نمبر ۲۲۱

(۲۷)

کھینہٖ کھیٚن کران کُن نو واتکھ

نہٖ کھینہٖ گرٛشَکھ اہنکاری

سوٚمُے کھیٚنے مالہِ سوٚمُے آسکھ

شمی کھینہٖ مُژرٕ تےٚ برنٛنِ تارٕی

نوٹ :۔ وُچھو آنند کول نمبر ۲۹ تہٖ وانچھ ۹۰ بیٚینہٖ بیاکھ باکھ ہرودمت چھُ۔
"سم بیٚلہِ سِی زُم کنہٖ روزی اُدِہا مالہِ رود کھ سوٚہم سو"

(۲۶)

آئی سیدھی ہی یہاں سیدھی ہی اب جاؤنگی ہیں
کوئی ٹیڑھا ہو تو مجھ سیدھی کو کچھ پروا نہیں ؂

جانتا ہے وہ ہمیشہ سے کہ کیا ہوں کون ہوں
کیا کرے گا وہ مجھے ایسے جانے پہچانے کے ساتھ

؂

آئی سیدھی راہ سے، جاؤں گی سیدھی راہ سے
کوئی کجرو ہو تو مجھ سیدھی کو کچھ پروا نہیں

(۲۷)

تجھ کو کچھ حاصل نہ ہوگا زینہار
خورد و نوش پے بہ پے سے رات دن
اور اگر پابند روزہ ہی رہی
تجھ پہ غالب آئے گا نخوت، غرور
کھانے پینے میں ہے جائز اعتدال
زندگی کا یہ بنا اپنی اصول
اس عمل سے بالیقین تیرے لئے
بند دروازے سبھی کھل جائیں گے

(۲۸)

ژالُن چھُ وُزمَلہٕ تہٕ ترٛٹَے

ژالُن چھُ مَندٕنِن گَٹہٕ کار

ژالُن چھُ پان ہَنٕنُ کَڈُن گرٛٹَے

ہیتہٕ مالہٕ سنتوش، واتی پانَے

نوٹ:- وُچھو نوژنامہ ص۱۷ ییٚتہٕ اَکھ بدل وَکھنَے چھےٚ۔

(۲۸)

کس کو کہتے ہیں تحمّل؟ کیا تجھے معلوم ہے
آ بتاؤں تاکہ تو بھی واقفِ اسرار ہو
ہے تحمّل برق اور اس کی گرجتی سی کڑک
اور ہے یہ تیرگیٔ شب بوقتِ نیم روز
ہے تحمّل بیسنا پچکی ہیں اپنے آپ کو

تجھ میں ہو صبر و تحمل تو وہ خود مل جائے گا

(٢٩)

ژٕلہ ترٕتا وۄندس بٕہٕ موبرٕ
چون ژٕشتھ کرٲن پاہٕ اناد
ژٔسے کو زٕنتہٕ کھیوٗد ہرٕہ بکر
کیوٚل تٕسندے نارُک ناد

(٣٠)

کھبتھ گنڈِتھ شیٚمہ نا مانس
براشتھ ہمو ترٲوِتھ گےٚ کھسِتھ
شاستر بوٗزِتھ چھُہ یمہ بیہ کرور
سُہ ناپوٚز تہٕ ڈٲنی لسِتھ[۱]

۱ وُچھو ضمیمہ ۳۵

(۲۹)

اے میرے بےچین دل — خوف سے کر اجتناب
ذاتِ حق کو ہر گھڑی — فکر رہتی ہے تری
خرّم و دِلشاد ہو — ہر طرح آزاد ہو
بہرِ تحصیلِ نجات — رات دن اس کے حضور
'اوم' ہی کا وِرد کر — دمبدم آواز دے

نوٹ:- دنیاوی ضروریات کے لئے خُدا پر توکل کرنا چاہیئے وہی سب کچھ مُہیّا کرنے والا ہے۔ اس کا سہارا حاصل کرنے کیلئے الفائے مراسم کی ضرورت نہیں۔ جو بات اہم ہے وہ یہ کہ مُتواتر 'اوم' کا وِرد اعتمادِ کامل کے ساتھ کیا جائے۔ اس عمل سے ذاتِ حق تک رسائی ہو سکتی ہے اور یہی انسانیت کا منتہائے مقصود ہے۔

(۳۰)

نعمتوں سے کھانے پینے کی کبھی — من کی شانتی ہاتھ آنے کی نہیں
چھوڑ کر موہوم اُمیدوں کو جو — خوش رہے حاصل ہوا ان کو عروج

(۳۱)

کنڈلو! کرکھ کشٕڈِ کشڈَرے

کنڈلو! کرکھ کندِ وِلاسؔ[1]

بھوٗگے میٹھو دِتھ یتھ کنڈرے

اَتھ کنڈِ روزِ سوٗر پہ تہ ساس

(۳۲)

سومہِ گاژن منز یتھ کندرے

یتھ کندِ دِپان سوروٗپ ناو

لوٗب موٗہ ژلی شوب ہِیی کنڈرے

ییتھ کندِ تیہز تےَ سور پرٕکاش

---

[1] وِلاس

شاستر پڑھ سُن کے انسان کو بہت          موت آتی ہے نظر بس ہولناک
ایک کوڑی عیش و عشرت کے لئے          مل سکے نہ جن کو قرضے پر کبھی
ہر بلا سے ایمن و محفوظ ہیں          اور سعادت و سکون سے ہمکنار

نوٹ :- خواہش کو ایک سود خوار سے تشبیہہ دی گئی ہے جو
تنعم کے لئے قرضہ دیتا ہے اور اصل زر معہ سود کی واپسی کیلئے
تقاضا کرنے میں سخت گیر ہے ۔ وہ قانع شخص بلا شُبہ
مسعُود ہے جس کو وہ قرضہ دینے سے انکار کرتا ہے ۔

(۳۱)

تو اگر کرتا رہے دن رات تن کا ذکر و فکر
اور اسے آراستہ کرنے ہی کے در پے رہے
نعمتوں سے عیش کی اس کی کرے تو پرورش
لیکن آخر راکھ بھی اس کی نہ باقی پائے گا

(۳۲)

صدقِ دل سے، شوق سے اس تن میں کر اس کی تلاش
ذاتِ افضل ہے اسی تن میں برابر جلوہ گر
جب نہ غالب آئیں اس پر حرص و شہوت مکر و فن
رونقِ بے انتہا پھر کیوں نہ ہو اس کو نصیب
نور و آب و تاب سے معمور یہ ہو گا ضرور

(٣٣)

یوٚ تیر ژَلہٕ ترِم اَمبَر ہیتا

بوچھہٕ یوٚ ژَلہٕ تی آہار اَن

ژِرتا سوٚپہٕ ویشزارس پیٹھا

ژِرتا دیہس وان کیاہ ونٕ

(٣٤)

تریشہٕ بوچھہٕ موکریشہٕ ناوُن

یاژ ژھیپہٕ تاژ سندارُن دِہ

پھرٕ ٹھ چون دھارُن تہٕ پارُن

کرٕ وو پکارُن سوے چھیٚ گرشیٚ

(۳۳)

اوڑھے کپڑے فقط سردی سے بچنے کیلئے
کھا غذا اتنی کہ اس سے بھوک مٹ جائے تری

ذات تیری چیز کیا ہے اور ذاتِ حق ہے کیا
اے مرے من اس حقیقت پر تو غور و خوض کر

اے مرے دل یہ نصیحت کر تو اپنے آپ کو

نوٹ :۔ بھاسکر نے یہ مصرعہ جیسے لکھا ہے وہ زیادہ موزون ہے یعنی کہ اے مرے من تم اپنے آپ کو بھی نصیحت کر کہ اوڑھ لے کپڑے فقط سردی سے بچنے کے لئے وغیرہ ۔ گریرسن نے جو مصرعہ لکھا ہے اس کے معنی ہیں ۔

" جانتا ہے کیا آخر میں یہ کس کا حصہ ہے
یہ وجودِ آب و گل تیرا ہے نخچیر کلاغ "

موزون نہیں ۔ اوپر ہی کے واکھ میں لل دید کا قول صاف بتایا گیا ہے کہ انسان کا بدن " بھگوان کا گھر ہے " ذات افضل ہے اسی تن میں برابر جلوہ گر " جیسا کہ " تنتر " شاستروں میں کہا گیا ہے ۔ 'देहः देवालयो

اس لئے وہ اسی تن کو نخچیر کلاغ نہیں بناتی ۔

(۳۴)

ستائے بھوک تو اس جسم کو کھانا کھلا دینا
اسے تو بھوک سے یا پیاس کے مارے نہ تڑپانا

ترا روزہ ترا افطار شایانِ ملامت ہے
بھلائی سب سے کر لے یہ عمل مرغوب ہے بیشک

(۳۵)

اَتھ مَبا تراوُن غـرَبا

لۆکہ ہنز کونگہ وٲر کھیٚیی

تَتہٕ کُس با داری تھَر با

ییٚتہٕ ژٕنِس سَرَتَل پیٚیی

وُچھو گریرسن نمبر ع۸۷ تہٕ ع۸۸، وانچو ع۱۱۷ تہٕ لوٚکنامہ نمبر ع۱۹۹ گریرسن سُند ترتیب چھُ مُناسب۔ لوٚکنامَس منز چھِ یِم اَکھ مِصر غلط مُلط بیٚیدِ رٕہتی۔

(۳۶)

ییٚمہٕ لوٚب منمتھ مد ژوٚر موٚرن

وُہ ناش مٲرتھ تہٕ لوگُن داس

ژٕمی سَہزَ اپشوٗر گوٚرن

ژٕمی سوٗرے ویٚوٚندن سواس

(۳۵)

ہاتھ سے اپنے نہ جانے دے گدھا
کھائے گا وہ زعفران زارِ دِگر
تیرے بدلے کون بھگتیگا سزا
تجھ نہتّے پر جو برسائیں گے تیغ

نوٹ:۔ "گدھا" سے مُراد 'من' ہے

(۳۶)

حرص و شہوت اور تکبّر تین ہیں رہزن بڑے
لوُٹتے رہتے ہیں جو نوعِ بشر کو بار بار
زیر کرکے جو دلیری سے انہیں کردے ہلاک
اور پھر جو شوق سے ہو خلق کا خدمتگزار
سچے معنوں میں وہی ہے، طالبِ ربِّ علا
ماسوا اس کی نظر میں ہے فقط مشتِ غبار

نوٹ:۔ اصلی سادھو یا سنت وہی ہے جو انکساری اور محبّت اختیار کرکے سب کا خادم ہے۔

۳۷

مارٕکھ مارِ بۄتھ کام کرُد لوب

نَتہٕ کان بُرِتھ مارِنے پان

مَنے کھٮ۪ن دِکھ سو وہزار شم

وِشے نہنُد کیاہ کیٚتھ دزُو زان

(۳۸)

گال گنڈ یٚنم بول پڑ ینم

ڈلِنم تی یَس یہ رۄژے [1]

سہز کُسمَو پۄز کرٚینم

بو اَمِلاٗ نہٕ کس کیاہ موٗژے

[1] رۄژے (روژے)، موٗژے (موٗژے)

(۳۷)

حرص و شہوت اور غضب قاتل ہیں یہ تینوں ترے
ہے اگر ذی ہوش ان تینوں کا کر دے خاتمہ
ورنہ اپنے تیروں کا تجھ کو بنائیں گے شکار
محو ہو کر دھیان میں دے صبر کی ان کو غذا
تاکہ ہوں تسکیں پذیر و یے نیاز اشتہا
جان ان میں پھر نہ کچھ باقی رہے گی بالیقین
پھر تجھے معلوم ہو گا کتنے ہیں یہ ناتواں
نوٹ:- تیروں سے مراد دُنیاوی ترغیبات ہیں۔

(۳۸)

بد نام وہ کریں دشنام دیں مجھے
جو چاہیں وہ کریں مجھے جو چاہیں سو کہیں
یا صدق دل سے مری پرستش بھی گر کریں
مجھ پر اثر نہ ہو گا کوئی اس سے زینہار
پھر اس طریق کار سے کیا ان کو فایدہ
نوٹ:- للؔ دنیا کی ملامت و تعریف سے بے نیاز ہے۔

(۳۹)

ہاسہٕ بول پٔڑنٕم ¹ ساسا

مےٚ مَتہِ واسا کھِبہِ دنا ہیٚیے

بو یِد سٕہز شنکر پکھژ آسا

مُکرِس ساسا ئل کیاہ پیٚیے

¹ پارِمو : واکھ ۵۶ : "اَسہ بول پٔڑنٕم"، آنند کول صفحہ ۲۴ "ہاسہ بل پُرِنٕم"۔
گریرسن ۲۸ ہیٚمہِ واکھ۔ "اسا بول"۔ سون پاٹھ چھُ زیادٕ موزون۔
ہاسہِ بول پٔڑنٕم: "ہاس" چھُ سنسکرت لفظ بمعنی تیٚمہ کیٚنہہ وَنِنٕم
یِتھ بوٗزِتھ بوزن والین بیٚیہ مےٚ پیٚٹھ اَسُن۔ اَسی وَنٕو
ٹھیپ ٹاپ ژٹنٕم۔ مسخری کرٕنٕم۔ ٹھٹھ کرٕنٕم۔

(۴۶)

کوئی بُرا کہے مجھے دشنام دے ہزار
کرتی ہوں میں خلوص سے شنکر کی بندگی
مجھ پر اثر نہ ہوگا کسی بد زبان کا
جمتا ہے میل راکھ کا آئینہ پر کبھی؟

(۴۰)

مۄڈ زانِتھ پٔشتھ  تہٕ کوٗرٕ[1]

کوٗل شُرٕ تہٕ وۄن زَڈٕ رۄپٕ آس

یُس یہِ دَپی تَس  تی  بوٗلہٕ[2]

یۄہَے تَتھ وِدِس  چھُہ  ابھیاس

[1] : قلمی نُسخہ نمبر ۹۶۱ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ (وۄنٕ کشمیر یونیورسٹی) 'اوٗن' بجایہ 'کوٗرٕ'۔

[2] "تس تی بوٗلہٕ" گۄ تَس وَن تی یہِ تمہِ بندِس وَنِتھ شوٗبہِ وَتھ۔ باکھ پاٹھ چھُس 'ادز' تہٕ شوٗبس بلیتہٕ نَس۔

(۴۰)

جاننا بھی ہے یہاں بھولا ہی بن　　دیکھتا بھی ہے تو نابینا ہی بن
سُن لے اوروں کی مگر گونگا ہی بن

غیر ذی روحوں کا صورت آشنا　　بن کے ان کا رنگ کر لے اختیار
سُن لے جو کچھ کوئی تجھ کو کہہ سنائے　　اور بھر لے اس کی حامی جانِ من

بنا عناصر سے بنی ہے کائنات　　محرمِ اسرار جو ان کا ہوا
ہے ریاحق اس کا یہی حال بس یہی

(۴۱)

مَنٛپے مال بٛھو سَرس

چھُرکوٗپ نیرِہٕس نارٕ چھُک

لبکٕہ لبکھ یوٚد ٹٕلہٕ سکوٹ

ٹٕلہٕ ٹُل تےَ توٗل نا کیہنہ

(۴۲)

رُت پتہٕ کرٛت سوٗرے پرٛنٛم

کَنن نہٕ بوزُن اَچھَن نہٕ باوِ

اورُک دَپٛن یٕیلہٕ ووٚنلہٕ وُزِم

زتٕن دیپ پرٛزلیم وَرزہٕ واوِ

(۴۱)

جان لے یہ تیرا من ہے ایک بحرِ بے کراں
جس کی تہ میں آگ ہے شعلہ ہے اور طوفان ہے
آگ ہے غیض و غضب کی، شعلہ ہے دشنام کا
سوچ لے اور وزن کر اس کا، اگر انسان ہے

نوٹ:- روایت ہے کہ سمندر کی سطح کے نیچے ایک خونخوار آگ جلتی ہے جو پھوٹ نکلے تو ساری دُنیا کو جلا ڈالے۔ اسی طرح انسان کے سینے میں غصے کی خونخوار آگ جلتی ہے۔ اگر انسان ضبط سے کام نہ لے تو اُس کا غصہ گالیوں اور دشنام کی چنگاریوں کی شکل میں نمودار ہوتا ہے اور آگ کی طرح دلوں کو جلاتا ہے۔ سوچنے کا مقام ہے کہ اگر انسان سوچ کے ترازو میں اس دشنام کاری اور غصہ کو تولے تو ان کا کوئی وزن اور وقعت ہی نہیں۔ اس لئے چاہیئے کہ انسان غصہ نہ کرے۔

(۴۲)

بُرا ہو یا بھلا مجھ پر جو گزرے گزرنے دے
نہ میرے کان سُن پائیں میری آنکھ کچھ دیکھے
اُدھر کا جب بُلاوا جوش زن ہوگا مرے دل میں
چراغِ باطنی طوفان میں بھی روشن ہوگا

(۴۳)

مَندچھِ ہاَنکل کر ژھینم
ییلہِ ہیڈُن گیلُن اُسُن پڑاوِ
عارِک جامہِ کرُسنہ دَزِم
ییلہِ اَندرِیم کھارِیکھ روزِم واوِ

(۴۴)

پران پرُان زِوِ تال پھُجم ژینے گِگ کرُنے تِجِم نہ زاہ
سُمرن پھِران نیو ووٹھ تہ اَونگج گُم منّج ڈیِلی مالِ ژُجِم نہ زاہ

(۴۳)

حیا و شرم کی زنجیر کب تک ٹوٹ جائے گی
ملامت طعنہ و تشنیع جب برداشت کر لو گی
یہ ننگ و عار کا جو پیرہن ہے چاک کب ہوگا
میسّر جب سکون ہوگا مرے اس قلبِ مضطر کو

(۴۴)

ہوئے فرسودہ پڑھ پڑھ کے دہاں میرا زباں میری
مگر شایانِ شان تیرے ریاضت کب یہ کہلائے
ہوئیں فرسودہ مالا جپتے جپتے انگلیاں میری
دوئی دل سے نہ میرے مٹ گئی کیا کیا نہ دکھ پائے

(۴۵)

اَولہٕ ستارٕ پوتھن چھی ہومالہٕ پرٛان

یتھ طوطہٕ پرٛان "رام" پنجرس

پرٛ پرٛ کرٛان زل دو مُندان

بڈ لوکھ تمتے اہمبھاو

نوٹ:- دون پتمین سطرن چھہٕ بیاکھ پاٹھ "گیتا پران تہٕ ہیتھا لبان۔ پرٛم گیتا نہٕ پرٛان چھس"۔ وُچھو آنند کول نمبر ۶۵ تہٕ ۵۱ تہٕ وانچہ نمبر ۵۱

لہ اَوِزٕ ارٕ۔ یمن نہٕ سوچک شعور چھُ یا یم سوچنہٕ ورٲے پرٛان چھہٕ۔

(۴۵)

پڑھتے ہیں نادان یوں دینی کتب آٹھوں پہر
جس طرح پنجرے میں طوطا رٹ رہا ہو رام رام
ہو بلوتا جیسے پانی کوئی ماکھن کے لئے
جس سے حاصل کچھ نہیں ہوتا بجز کبر و غرور
وردِ گیتا جیسا دیتا ہے ایسوں کے لئے
عمر گذری پڑھتے پڑھتے میری لیکن اب بھی میں
پڑھ رہی ہوں غور سے گیتا سمجھنے کے لئے
یعنی کس حد تک عمل پیرا ہوں اس تعلیم پر

نوٹ:۔ "اب بھی گیتا کو پڑھتی رہتی ہوں" اس سے للّٰی کا مطلب یہ ہے کہ وہ نہ صرف اسکے مطالب کی گہرائیوں تک پہنچنے کی متمنی ہے بلکہ عملاً انہیں جزوِ مشاہدہ بنانے میں مصروف ہے۔ یہ پچھلی چار سطریں واکھ کے دوسرے پاٹھ کا ترجمہ ہیں ۔

(۴۶)

پرٛن سولب پالُن دۄرلب
سٕہز گارُن سِکھم تہٕ کرٕوُٹھ
اَبھیا ہِسکہٕ گنہٕ رَے شاستر موٗٹھُم
زٕہیتن آنند نیشچےٚ گوم

(۴۷)

پَرٕن پولُم اپرٕے پوٚرُم
کیسرَوَنہٕ وولُم زٕٹِھ شال
پَرِس پرٕزنُم تہٕ پانَس پولُم
اَدٕ گوم مولوُم تہٕ زیٖنم ہال

(۴۶)

آسان اگر ہے علم تو دُشوار ہے عمل
اور پھر تلاش ذات بھی کچھ کم نہیں کٹھن
شغلِ عمل میں بھُول گئی شاستر تمام
حق الیقین سے پھر بھی میں آگاہ ہو گئی

(۴۷)

جو پڑھا میں نے عمل اس پر کیا — اور جو پڑھنے میں نہ آیا تھا، پڑھا
لائی جنگل سے میں اک خونخوار شیر — اس کو گیدڑ کی طرح قابو کیا
میں نے اوروں کو جو کچھ تعلیم دی — سب سے پہلے خود عمل اس پر کیا
کیوں نہ ہو جاتی میں آخر کامیاب — راز جب معلوم مجھ کو ہو گیا

(۴۸)

ہِتھ کَرِتھ راج پھیرِنا

دِتھ کَرِتھ ترٛیشی نامَن

لوٗب وِہنا زلِہ مَرِنا

زلِوٗنت مَرِنا ئے سُے چھُے گیان

(۴۹)

یُہِہ پہ کَرَم کرِ پیٹھ زُن[۱] پانَس

ارزُن برزُن بیٛلِن کیٛت

اَنتہٕ لاگِہ رُوست پُشرُن سوامَس

اَدِ یوٗری گژھہ پتہ توٗری چھُم ہیوٚت

[۱] پارمو: پرزُن . نہ کیاہ گوو بینتہِ نس ؟ تیٚتھ چھُنہٕ کینہہ مطلب ۔

(۴۸)

حکومت سے سکون و صبر ہرگز پا نہیں سکتا
قرار اس دل کو ترکِ سلطنت سے آ نہیں سکتا
اگر انسان بری لالچ سے ہو تو مر نہیں سکتا
اگر زندہ ہی مر جائے تو عارف در حقیقت ہے

نوٹ :- یہاں ترکِ خواہشات کی تعریف میں کہا گیا ہے۔ کامگاری حاصل کرنے یا محض ترکِ قدرت و اختیار سے سکون حاصل نہیں ہوتا جب تک انسان یہ نہ سمجھے کہ زندہ رہتے ہوئے بھی وہ مُردہ ہے۔ یعنی خواہشات سے لاتعلق۔ اس کو گیان سے شناسائی حاصل نہیں ہو سکتی۔

(۴۹)

جو کام میں کروں اسے انجام کیوں نہ دوں
ہوگا یہ بوجھ خود ہی اٹھانا مجھے مزدور
پھل اس کا دوسروں کا ہے حصّہ تو خوب ہے
بے لوث میرا کام ہے اس میں نہیں کلام
ثمرہ اسی کو سونپ دوں اس کا میں شوق سے
ہوگا بھلا اسی سے میں جاؤں جہاں جہاں

نوٹ :- دنیاوی انسان کوئی کام کرتا ہے تو صرف فائدے کے لئے لیکن یہ فائدہ آخرت میں اس کا ساتھ نہیں دیتا۔ مردِ مومن کسی معاوضے کی توقع کے بغیر اپنا فرض ادا کرتا ہے۔ اور سب کچھ خُدا کو سونپ دیتا ہے۔

(۵۰)

کوٗ چھکھ دِوان اَنِنےؔ [1] بُڑھ

ترٛکھ اُے چھکھ تہٕ اَندرٕ ی اڑھ

شوٗ چھےٚ اَتی تےٚ کَن موگرٛھ

سَہرٕ کتھِ میانہِ کَرتوٗ پَڑھ

[1] "اِنتھا" بے فایدٕ ۔ فوٗصنوٗل (وانچھ نمبر ۱۸)

(۵۱)

یُوٗن پوٗرِتھ یُس اَنہِ وَگہِ

تَس بوٗناسپرٕ شہٕ نہٕ بو چھرٕ تہٕ تریش

تہٕ یُس کَرُن اَنتہٕ تَنگہِ

سَمسارس سُے زٕ پنہٕ نیچھِ

[1] شہٕ کھسپہٕ وزِ گوو پوٗرک، ظَہرٕ ، وزِ کمبک تہٕ وسہٕ وزِ 'ریچک' یہٕ چھےٚ ریاٗضی وُچھو ضمیمہ ۳ تہٕ واکھ ۵۲ ، ۵۳ ، ۱۷ ، ۴۲۔

(۵۰)

اندھے کی طرح پھر نہ سکھی یوں ٹٹولتی
دانا اگر ہے اپنے ہی باطن کی سیر کر
تو جا کہیں نہ بس وہی شو کا مقام ہے
میرے سخن پہ بہر خدا اعتبار کر

(۵۱)

سانس کی جو باگ تھامے اور اسے سیدھا چلائے — کب ستا سکتی ہے اس کو بھوک ہو یا پیاس ہو
کر سکے جو آخری دم تک عمل یہ اختیار — ہے وہی عالم میں بیشک ایک مولودِ سعید

نوٹ :- پورک، کمبھک، ریچک" یہ پرانایام کیا ہر ایک سانس کے تین حصوں کا نام ہیں یعنی چڑھاو، ٹھہراو، اتار، پورک کے ختم پر لمحہ بھر کیلئے ٹھہراو آتا ہے۔ اس پر مبنی نند کا شو کی ایک رباعی ہے ملاحظہ ہو واکھ ۵۲، ۵۳، ۱۰، ۲۷ ۔ یہ رباعی مکمل یوگ کے لئے فائدہ مند ہے۔

(۵۲)

ژٕتہٕ تورٕگ گگنَ برٛمہ وون

رٕمیشہِ اَکہِ ژھنٛڈِ یوزنہٕ لَچھ

ژٕتنہٕ وَگہِ بودِ ژٕٹھ زون

پرٛان اَپان سنٛدارِتھ پَکھیچ

(۵۳)

ژٕتھ امرِپتھہِ تھوٗو زے

تہٕ نرٛاوِتھ لَگو زوٗرٹے

تَتہٕ ژٕ نوشِکو زے ہندرِ زے

دودٕ شُرٕ تہٕ کوچھہِ نوموٗرٹے

(۵۲)

من کا گھوڑا ہے فلک پیما کہ دم کے دم میں جو
مثلِ بادِ تُند کرلیتا ہے لاکھوں میل طے
جو لگام دِرک و دانش سے اسے قابو کرے
اور راہ خود شناسی میں ہو قابض اس پہ آپ
سانس کی گاڑی کے پہیوں کو عمل کے شوق سے
روک سکتا ہے وہی ہوتا وہی ہے کامیاب

نوٹ :- 'پان' اور 'اپان' پر مبنی اِس ریاض سے خود شناسی حاصل ہو سکتی ہے۔

(۵۳)

حقیقت ابدی کی تلاش کر پیہم
ذرا سی غفلت اگر کی تو دل ہُوا گُمراہ
اسے سنبھال کے رکھ ہاتھ سے جانے نہ دے
ہے ماں کی گود پئے طفلِ شیر خوار پناہ

(۵۴)

کُس مَرِ تہٕ کَسو مارَن

مَرِ کُس ؤ تےٚ مارَن کَس

یُس ہَرِ ہَرِ تراوِتھ گَرِ گَرِ کرے

اَدٕ سہ مَرِ تےٚ مارَن تَس

(۵۵)

گورٕ شبدس یُس یژھ پژھ بَرے

گیانٕ وگہِ رٹہِ ژیتہٕ تورگس

یِنٛدریے شوٚمرِتھ آنند کرے

اَدٕ کُس مَرِ تےٚ مارَن کَس

(۵۴)

مرے گا کون؟ کس کو مار ڈالیں گے؟ بتا مجھ کو
بھلا کر نام حق گھر کے مشاغل میں جو اُلجھا ہے
مرے گا وہ اُسی کو مار ڈالیں گے یقین جانو

(۵۵)

قولِ مرشد پہ جو ایمان لائے گا
اور بہرہ معرفت سے پائے گا
نفس کے گھوڑے پہ ہوگا جو سوار
اندریوں پر جس کو ہوگا اختیار
پائے گا جمعیتِ خاطر سے عون
مر نہیں سکتا، اسے مارے کون؟

(۵۶)[۱]

رِشو چھے تھَلہِ تھَلہِ روزان
مو زان ہیوٚند تہٕ مُسلمان
ژُترٕک اَسے چُھکھ تہٕ پان پرزناو
سوے چھےٚ صاحبَس زاٗنی زان

(۵۷)

گرٕزٕ چھُہ پھیران زیرے زیرے
اوٚہکےٚ زانہِ گرٕٹُک ژَھل
گرٕزٕ نیلہِ پھیرِ تَے زاوُلِ نیرے
گوٚ واتہِ پانَے گرٕزٕ بَل

---

[۱] وچھو کلیات شیخ العالمؒ جلد اکھ ص ۱۳۱ تہٕ واریاہو چھُو اتھ "پرزان" تہٕ لیوٚکھمت

(۵۶)

بُتوں ہی شو ہے جا بجا جلوہ نما جلوہ طراز
کر نہ ہندو اور مسلمان میں کچھ بھی امتیاز
گر ہے تو ذی ہوش اپنی ذات کو پہچان لے
در حقیقت بس یہی اللہ کی پہچان ہے

(۵۷)

لائیں حرکت میں تو چکی گھومتی ہے زور سے
واقفِ نیرنگ ہے فقط اس کا مدار
پس چلے تو ہوتا ہے باریک آٹا دستیاب
خود بخود گیہوں پہنچ ہی جاتا ہے اس کے قریب

نوٹ :۔ مطلب یہ کہ جب انسان منزلِ مقصود تک پہنچنے کے درپے رہے
تو وہ وہاں پہنچ ہی جائے گا۔

(۵۸)

مِتھیا کپٹ اَستھ ترووُم
مَنَس کوٗرُم سُے ووپدیش
زَنَس اَندر کیوَل زونُم
اَنَس کھینَس کَس چھُم دولیش

(۵۹)

مۄڈو کرِ یئے چھُے نہ دھارُن تہٕ پارُن
مۄڈو کرِ یئے چھُے نہٕ رٕچھِنز کاسے
مۄڈو کرِ یئے چھُے نہٕ دِہہ سندارُن
سہَز وبزارُن چھُے ووپدیش

(۵۸)

ترک میں نے کردیا سب جھوٹ اور مکر و فریب
تھا یہی اپدیش موزون میرے من کے واسطے
مجھ کو کوئی نظر آیا نہیں بجز ذاتِ حق
کھانے میں پرہیز کرنی کس سے بتلاؤ مجھے

(۵۹)

محوِ آرائش و پیرائش رہے
تن پرستی کی رہنے دن رات فکر
یہ عمل صالح نہیں اے بیوقوف
ذات کی پہچان ہی اُپدیش ہے

(۶۰)

مٲرِتھ پانژھ بھوٗتھ تِم پھَل ہٕنڈی

ژہٕنیتَن دانہ وکھُر کھیتھ

تَدَے زانکھ پرٕم۔ پد ژٕنڈی

ہِشی کھوٚش، کھور کوتہٕ نا کھیتھ

(۶۰)

خواص خمسہ کو سمجھو کہ قربانی کا بکرا ہے

اسے عرفان کا چارہ کھلا خوب موٹا کر

اسے قربان کر، دل مطمئن رکھ نام حاصل کر

یہ دائیں بائیں یکساں ہے فقط الفان پیدا کر[1]

...

[1] تو تم (چنچل من والی) باترین مقام کو پہچان لوگی اور تمہارا من شانت ہو جائیگا۔ اگر تم "بائیں بازو" یعنی "وام مارگ" کا طریقہ پرستش بھی اختیار کروگی۔ تو یہ تمہارے لئے نقصان دہ نہیں ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ پہلے اپنے خواص خمسہ کو قربان کرے۔

(۱۶۱)

ووتھ رینیاؔ[1] ارژُن سۄکھ

اَتھ اَل پَل وَکھُر ہیتھ

لۄد وَنٔے زانکھ پرم پد اکھ

ہے شِکر کھنٔے شِکر ہیتھؔ[2]

۱ رَینیا۔ تلفظ" رے۔ نیا، ضمیمہ ۳ وُچھِو۔

۲ " ہستی کھر کھشی کھر ہیتھ" (اگریرسن ۸۱) یہ سطر چھیِنہٖ وارہٕ حِکِر ترانؔ۔ آنند کولَن چھِہ بِتھ پاٹھؔ ہیچھرِ ش۔ گریرسنَن بێیہٕ پاٹھؔ۔ اگر ژِہ پرم۔پد (اوم (ساری تھوٗد مقام) زانکھ۔ تێلہِ کرِیتھ پاٹھؔ لۄزنا تہٕ گوو" اَتھ اَل پَل وَکھُر ہیتھ، تێلہِ چھُنہٕ کانہہ دوٗش۔ اِشارہ چھُ "کولا چارس" کُن۔ یہ گوو اگر گریرسنَد پاٹھ مانو۔ اگر آنند کولُن۔ تێلہِ گوو اَمِیک معنی زِ اگر ژٕ پرم۔پد زانکھ تێلہِ گژھ اَتھ لۄزنا۔ منز بێیَن یِتھین زانَن والین سِتی شامل تێلہِ چھُے ژٕنے اختیار پزِھ لۄزا کرنس۔ بیاکھ پاٹھ: "ہستی کھوٗش کھور کیتھ کھیتھ" (پارِمو) بیاکھ پاٹھ تہٕ چھُس "کھشکر شکر ہیتھ"

(۱۱۶)

اُٹھ کریں دِلبر کے استقبال کی تیاریاں
ہاتھ میں ہوگا شراب ناب اور نان وکباب
'اوم' کا عرفان اگر حاصل تمہیں ہو جائے گا
تم کو اس پوجا میں کیا نقصان ہے، اے شوخ وشباب

(۶۲)

گیانہٕ مارگ چھے ہاکہٕ وٲر

دِزہٕ بس شمہ دمہ کرٕنہٕ پٮ۪نز

لاما ژکنہٕ پوٚش پرٲنہٕ کرٕنہٕ وٲر

کھینہٕ کھینہٕ موٗژی وٲرے چھیٚنز

(۶۴)

معرفت کا باغ ہے اک ساگ زار دلپسند جس کو ضبط و ربط سے دل کے سکون کی مینڈ سے
حیط فعل پسندیدہ سے خود محفوظ رکھ

اسطرح پچھلے جنم کے جو ترے اعمال ہیں بھیڑ بکری جیسے تو دیوی کے آگے کر نثار
یوں ہی ہو جائیگا خالی رفتہ رفتہ ساگ زار

نوٹ :- اعمال دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو پچھلے جنموں میں
ہیں کئے گئے ہوں۔ جن کے نتائج اب بھی باقی رہتے ہیں۔ اور دوسر
وہ جو موجودہ جنم میں کئے جاتے ہیں۔ دونوں نتائج کے حامل ہیں۔
جب تک یہ نتائج باقی رہتے ہیں آخری نجات ناممکن ہے۔
باغ معرفت میں ساگ سے مراد موجودہ جنم کے اعمال ہیں۔
اس کو احتیاط سے روزانہ مذہبی فرائض اور ضبط و سکون کے
ذریعے سے بیرونی ترغیبات سے بچائے رکھنا چاہیئے۔ اس
باغ میں جن میں بھیڑ بکریوں کو چرنے کی اجازت دی گئی ہے۔
اور جن کے مقدر میں قربان ہونا ہے۔ پچھلے جنموں کے اعمال
ہیں۔ جن کا پھل موجودہ فصل یعنی اعمال ہیں۔ نیک اعمال سے
محصور کئے جانے پر بکریاں ساگ کھانے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔
یا بالفاظ دیگر پچھلے جنموں کے اعمال کا پھل ختم ہو جاتا ہے۔ یہ
کام بکریوں کی قربانی سے پایۂ تکمیل تک پہنچ جاتا ہے۔ اس طرح
روح لامکان میں جذب ہو جاتی ہے۔

(۶۳)

شِشترِس وُتھ کُس رٹے
کُس بوکے رٹے واو
یُس پانژ یندریٖے ژیٖلتھ ژٹے
سُے رٹے گٹے رو

(۶۴)

شیٖل تہٕ مان چھُے پوژ کرمٕنجے
موچھِ ییٚمو روٚٹ ٹۄیُد واو
ہوٚس یُس مست والہِ گنڈے
تی یُس نگرِ تٔے سُے اَدٕ نہال

(۶۳)

روک سکتا کون ہے جاڑے میں چکشِ بام کو؟
اور مٹھی میں بھلا بادِ صبا پکڑے گا کون؟
جو سمیٹے اندریوں کوٹ کر رکھے انہیں
دسترس پائے اُجالے پر اندھیرے میں وہی

(۶۴)

شہرت و عزت ہے کیا چھلنی میں پانی کے سوا
ہیں جو طاقت آزما طوفاں کو مٹھی میں جو لے
باندھے بیلِ دماں کو اپنے سر کے بال سے
جس سے یہ سب ہو سکے بیشک ہوا ہیں کامیاب

نوٹ:۔ مطلب یہ ہے کہ دنیاوی شہرت خام خیالی کے سوا کچھ نہیں
ہاں اگر نفسِ امارہ (یعنی بیلِ دماں) اور "من" کے طوفانوں
کو قابو کرے تو حقیقی معنوں میں طاقتور کہلائے اور نام پائے۔

(۶۵) لہ

لَزکاسی شِیت نواری

ترٛن زَل کَری آہار

یہ کمُو ووپدیش کوٗرُے بٹا

اُژیتَن وُٹُس ئیژیتَن دیُن آہار

(۶۶)

دلِو وَٹا دِوُر وَٹا

پیٹھ بون چھُے ییپکہ واٹھ

پوٗزکس کرِکھ ، ہوٗیہ بٹا

کرمنَس تہ پوٗنَس سنگاٹھ

وُچھیو واکھ ۱۵۷ تہٕ ۔

(۶۵)

ہے سبز پوش تیری سردی سے بچانی
جل اور گھاس پر ہے گزران کرنے والی
اے بیوقوف پنڈت! ہے کس کی یہ ہدایت
جاندار بھیڑ کو تو بے جان صنم کے آگے
بے جرم ذبح کر دے اور لے ثواب اُلٹا

(۶۶)

مورتی ہو دیوتا کی یا ہو مندر کی نمود
دونوں کی تشکیل میں پتھر ہی پتھر ہے عیاں
زیر و بالا پیش و پس پتھر ہی پتھر پائے گا
تو پرستش کس کی کرتا ہے بتا پنڈت مجھے
من کو ہاں اپنے نفس کا رات دن ہمدم بنا

نوٹ:- ظاہری پرستش بے معنی ہے۔ اپنے من کو اپنے پران
ملانا چاہیئے۔ اور اُسی کے دھیان میں لگانا چاہیئے۔ یہ ایک ریاضت ہے۔

(۶۷)

کُش پوش تیل دِیِہ زَل ناگرٕ ژھے
سد بھاو گوٗر کتھ لیس مَنہٕ ہیٚنے
شمبھوٗہس سوٗرِ نٕتہٕ پھٔنہٕ یِرٕ ژھے
ئے ڈٔلِ زٕ رے سہزا کرٕ ژیٚنے

"سادٕ پیٚنز ے سہز اکرٕ ے نا زیٚنے"
(گرِیرسن)

وٕچھوٗ ضمیمہ ۳۔
اَتھ چھُ لُنتھ لِستھ مانے ییٚران۔ یانے
سٕہ واتہٕ اَبدی آنندس منز مَنہٕ کٕرِ ذِ عملہٕ سٕتۍ
لانالُق روزتھ ہٕنیہ پیتہٕ سٕہ شُہ زٔمس ییٚچھ
کٔنیک پاٹھٕ چھُ بھاسکرُن۔ یُس زیادٕ
موزوٗن چھُ۔ یانے کُش پوش بیترِ
سٕتۍ پوزا کرٕ نہٕ بٔڑکٕر پھٔنہٕ ییٚژھ تہٕ پَرٕژھ
سٕتۍ شو سوٗرنٕے چھنے سہز پنز پٔنہٕ
کرٕ ژے (عمل)

(۹۷)

پرستش کے لئے حاجت نہیں دیپک کی یا تل کی

نہ پانی کی کُشا کے گھاس کی یا پھول اور پھل کی

جو مُرشد کی ہدایت پر عقیدت سے عمل کرے

جو فرطِ شوق سے "شمبھو" کو ہر دم یاد بھی کرلے

اسی سے ذاتِ حق کی معرفت ملتی ہے بندے کو

یہی سچی عبادت ہے، یہی سچی ریاضت ہے

نوٹ:۔ (۱) ظاہری عمل ذاتِ حق کی سچی ریاضت نہیں۔ مُرشد کی ہدایت کے مطابق اپنی ہی ذات میں ذاتِ حق کا احساس پیدا ہونے پر انسان اصلیت کو پاسکتا ہے۔ اور یہی ذاتِ حق کو پانے کی سچی ریاضت ہے۔ گریرسن نے جو مصرعہ یہاں پر دیا ہے اُس کے معنی کھینچاتانی کر کے ہی اُن الفاظ سے نکالا جاسکتا ہے یعنی کہ

"وجودِ ذاتِ حق میں محو ہو جاتا ہے وہ آخر عمل سے لاتعلق ہو کے پاتا ہے نجات آخر"

(ب) "کُشا" ایک قسم کی گھاس ہے جسکو متبرک سمجھا جاتا ہے اور مختلف مذہبی رسوم انجام دینے کے موقعہ پر استعمال کی جاتی ہے۔ "شمبھو" شو جی کا ایک نام ہے۔

(۶۸)

کُس پُش تہ کوسہ پُشانٕی

کَم کُسُم لاگِ زِٕبس پوٚزے

کوٚ گوٚڈ دِزِٕبس زٕلچہِ دانٕی

کوٚسہٕ منتٕر شنکرٕ سواتمہ وُزٕے

(۶۹)

مَن پُش تےَ یژھ پُشانٕی

باوِکٕ کُسُم لاگِزِٕبس پوٚزے

شیٖشہِ رٕسہ گوٚڈ دِزِبس زٕلچہِ دانٕی

ژھوپہِ منتٕر شنکرٕ سواتمہ وُزٕے

(۶۸)

کون ہے مالی کون ہے مالن　　کس سامان سے؟ کن پھولوں سے
پوجا اس کی تو کرتا ہے؟
من کی شانتی حاصل کر کے　　کس ندی کے جل سے اس کو
دھیرے دھیرے نہلاتا ہے؟
کس منتر سے ذاتِ حقیقی　　یعنی تیرا جوہرِ اصلی
جلوہ اپنا دکھلائیگا؟

نوٹ :- یہاں رسمی پرستش کا ذکر کیا گیا ہے جو للّہ کے نزدیک بے معنی ہے۔ وہ کہتی ہے۔ خود شناسی حاصل کرنے کا یہ ذریعہ نہیں۔

(۶۹)

من ہے مالی شوق ہے مالن　　پوجا میں گلہائے عقیدت
اس کے آگے لاکے رکھدے
چاند کے رس کی گنگا سے بھر　　تازہ تازہ پانی لے کر
اس تو اشنان کرالے
خامشی کے منتر سے جب　　شنکر جاگ اُٹھے گا تب
دیکھے گا تو من میں اپنے

نوٹ :- یہاں رسمی پرستش کے خلاف روحانیت کی برتری کا ذکر کیا گیا ہے۔ چاند سے مُراد وہ پُر اسرار چاند ہے جو کاسۂ سر میں متمکن ہے اور اس کے رس سے وہ امرت مُراد ہے جو عبادت گذار کے روحانی جسم میں داخل ہوتا ہے اور اسے اپنے آپ کا مالک بنانے کے قابل کر دیتا ہے "ژھویہ منتر" سے مطلب سکوت کا عمل ہے جس میں ریاضت گذار بغیر کسی آواز کے فقط سانس کے اُتار چڑھاو سے کام لیتا ہے۔

(۷۰)

گگَن ژٕرے بھوُتل ژٕرے

ژٕرے دِن پوُن تہٕ راتھ

ازٕگ ژٕندن پوش پوزٕ ژٕرے

ژٕرے ژُھکھ سورُٹے تہٕ لٲگزی کیا

سَکَل (وانچھ عمر ۲۸)

۷۱

زِشوا، کیشوَا زِن وا

کمہ لِژٕ ناتھ نام دٲرِن یوُہ

مئے اَبلِہ کاسی تَن بوُرُز

سُہ وا، سُہ وا، سُہ وا، سُہ

(۶۰)

زمین تو ہے زمان تو ہے، ہوا، دن رات بھی تو ہے
چڑھاوے کا اناج اور جل بھی، چندن پھول بھی تو ہی
غرض ہر چیز میں تو خود سمایا ہے بہر صورت
میں حیراں ہوں کروں کیا نذر تیری ایسی حالت میں

نوٹ :۔ یہاں بھی رسمی پرستش کو روحانت کے مقابلے میں بے معنی بنایا گیا ہے چونکہ تمام مخلوقات کا منبع ذات الٰہی ہے۔ کوئی چیز جو نذر کی جائے خود وہی ہے پس کون کس کو اور کیا نذر کرے۔

(۶۱)

شو ہو یا کیشو ہو جن ہو یا وہ گوتم بُدھ ہی ہو
یا وہ کملج برہما ہو، کچھ بھی اس کا نام لو
دے وہ مجھ بے بس کو دنیا کے مصائب سے نجات
خواہ کہلائے وہ یہ اور خواہ کہلائے وہ کچھ

نوٹ :۔ کیشو، سے مراد وشنو ہے، جن سے مطلب بودھوں کا پیغمبر گوتم بدھ "کملج" کے معنی کنول سے پیدا ہوا یعنی برہما۔ مطلب یہ کہ ذاتِ الٰہی کو کسی بھی نام سے پکارا جائے۔ بہر صورت وہی نجات دہندہ ہے۔

(۶۲)

دواد شانٹہِ منڈل ییٚن دلوٚس تھجہ

ناسکہ پوٚنہِ دآرک اناہت رو

سوٚیم کلین آنتہِ ژجہِ

پانے شہ دلو تہٕ ارژٕن کس

۱۔ کنڈلی یوگہٕ کنۍ چھہِ انسانہٕ پندِس جسمس منز شیٚے جایہ مقرر کرِمژہٕ یمن 'منڈل' یا 'چکر' چھہِ ؤنان۔ اکھ جاے چھنے ہردیس منز۔ یہ منڈل یا ژکر چھُہ بلکُل منز بس یہ چھپنہ کھوپوری کنۍ ییٚتہٕ 'ہارٹ' چھُہ۔ یہ یوگ چھُہ شاہ کھارنہٕ تہٕ والنہٕ سٕتۍ سادنہٕ یوان۔ اَتھۍ جایہ چھہِ "اناہت" منڈل ؤنان۔ ؤنان چھہِ نیروٗن شاہ چھُہ باوہ اوٚنگُل نبر نیران۔ ییٚتہٕ ییٚتھہٕ یہ اندر ہردیس منز گرژھان چھُہ ژھنہِ کنۍ۔ بیاکھ دواد شانت 'گوو کلیچ تال یا کھاپہر ییٚتہٕ سہسرارس منز شوٚہنز جایہ چھنے۔ اَتھ چھہِ شو "دواد شانت" تہٕ ؤنان۔ اَتھ

چھ 'بڑہمہ رندر' نہٕ وَنان۔ گُرزتس چھُ ونان یوٗ ہے
'بڑہمہ اندر' چھُ مطلب۔ مگر وُچھو پارمو۔ سہ چھُ
ونان یُتھتھ چھُپہٕ پہ مطلب بٔلکہ چھُ 'اناہت منڈل'
مطلب یُس ہر دِلس منز چھُ۔ تتی 'اناہتس' نِشہٕ کُنہِ
کھیہ وُن شُبہ نہٕ وَسہِ وُن وانان۔ اَمی پیٹھ چھے
پہ ریاض کرنہٕ یوان۔

(۶۲)

| | |
|---|---|
| 'برہمہ رندر' کو سمجھا ہے جو خود | اپنی ذاتِ حق کا ایک عالی مقام |
| دم سے اپنے دِل سے لیکر ناک تک | جانتا ہے وردِ آوازِ رواں |
| اس کے سب اوہام باطل خود بخود | دم میں مٹ جاتے ہیں ہوتے ہیں فنا |
| ذاتِ حق پاتا ہے اپنی ذات میں | پس رکھے کس کی پرستش وہ روا۔ |

نوٹ:۔ گُرزتن۔ 'دواد شانت منڈل' سے مراد 'برہمہ رندر' ہے۔ اسی جوف کا اصطلاحی نام ہے جو کاسہ سر میں واقع ہے۔ جس کا تعلق "سہسرار" سے ہے۔ اور جو ہر انسان میں ذاتِ افضل 'شو' کا مقام ہے۔

پارمو:۔ دواد شانت سے یہاں "انتہٕ دواد شانت" مراد ہے یعنی ہر انسان کا ہردے جہاں سے پران شروع ہو کر بارہ انگلیوں کے فاصلے تک ناک سے باہر جاتا ہے اور وہاں سے بذریعہ ناک اندر اسی ہردے پر آتا ہے۔

بہر حال مراد یہ ہے جو کہ اس پران اپان، یعنی سانس کے اُتار چڑھاؤ پر مبنی ریاض کرتا ہے وہ آوازِ روان 'اوم' سے آگاہ ہو کر حقیقت سے آگاہ ہوتا ہے۔

(۷۳)

اکئے اومکاریس نابہِ درِ ے

کُمبئے برٛہمانڈس سُم گرٛ ے

اکھ سئے مَنتھر ژٕتس کرٛ ے

تس ساس مَنتھر کیاہ کرٛ ے

۱؎ کُمبئے (ابھاسکر) مطلب زِ کُمبھ یانے "کمٹ" کھمٹ، پنتس پانس، تہٕ گودنیس
چتس تہٕ برہمانڈس کرِ میل۔ یتھ زِ تتھ لانتاوِ برہمانڈس نام نہٕ زِ کُبک (یلانایام) کرِتہ
یا حبس نفس کرِتھ کُمبئے یُرن چھُ مئے زیاد مُناسب پاٹھ باسان کُمبئے کھوتہ بیس پاٹھ کریکن
سُند چھُ۔

(۷۴)

لَل بو لُوٕسس ژھاران تہٕ گوران

ہل مئے کورمس رسہ نیشہ تہٕ

وُچھن ہیوٚتمس تاڈی ڈیٹھمس برن

مئے تہٕ کل گنئے پہ زوگمس تتی

(۷۳)

ناف سے جس کی نکل کر ہو رواں بس وردِ 'ادم'
اور کرے 'برہمانڈ' تک وہ چیت کے ذریعے شی معود
پھر ہو صدقِ دل سے فقط یاد یہ منتر کرے
کیوں نہ ہو جائے ہزاروں منتروں سے بے نیاز

نوٹ:۔ (۱) میری رائے میں یہاں 'کُنبھ' سے مراد حبسِ نفس نہیں۔ لل دید پر شیو ہو گئی تھی۔ وہ "پران اپان" کے ریاض کرتی تھیں جو شیو شاستروں میں بتائے ہوئے۔ "اَنُو اُپائے" کی ایک مشق ہے۔ وہ ہٹ یوگ کی پیرو نہیں تھیں یہاں مراد ہے "کُمبھ" یا "گھٹ" یعنی "شریر" یا "جسم"۔ لل کہتی ہیں کہ کمبھ اور برہمانڈ کے درمیان "سُم" یعنی پل بنایئے تاکہ جیو اور برہم کا آپس میں میل ہو جائے۔

نوٹ:۔ (۲) گریرسن: یہ قطعہ ادم کی تعریف میں ہے جس کی نسبت بتایا گیا ہے کہ اس میں تمام منتروں سے بڑھ کر اوصاف پائے جاتے ہیں۔ "ناف" جس کو "کنڈا" کہتے ہیں تمام انسانی خیال و عمل کا مرکز بتائی جاتی ہے۔ جہاں سے مختلف نلیاں جن میں سے انفاس گزرتے ہیں پرتو پذیر ہو جاتی ہیں۔ گریرسن کے نزدیک برہمانڈ (برہمہ اندر) اس جوف کو کہتے ہیں جو انسان کے کاسۂ سر میں واقع ہے اور جو شیو (ذاتِ اعلےٰ) کا مسکن بتایا جاتا ہے اور جو ایک چاند کی صورت میں جلوہ گر ہے یہ انسان کی اپنی ذات سے الگ نہیں۔ اگر انسان اس حقیقت کو پہچان لے تو اس کو کسی اور کی پرستش کی ضرورت نہیں۔ کُمبک سے مراد حبسِ نفس کی ایک خاص مشقِ عمل ہے۔

(۸۵)

لوٗکہِ ووٚکھلہٕ وٲلنج پٔشم

کوٗکل ژٔرِجم تہٕ روٗزٕس رٔسہٕ

بُرُزم تہٕ زٲجِم پالَس ژٔرِشم

کوٚہٕ زانہٕ توٚ ستی مَرِکنہٕ لَسہٕ

لہٕ :- لوٗبے ناموٗیس تہٕ لوٗبے نامہٕ
یینِلہِ اُچھو ڈیشہِ تہٕ کنو بوزہٕ

نوٹ :- وُچھو "بی بی للہ عارفہ" تہٕ "تاریخ کبیر" یتھ بدلہِ بأتھ چھہٕ یتھٕ واکھ

منز درج :-
"طبیبَن تہٕ عأرِفَن تہٕ عاشقن کرِژم
جنٔبہِ دوٗپم زِستوہ دِس مَسہٕ"

(۷۴)

کرتے کرتے اس کی ہر سو جستجو کیا بتاؤں لَل تجھے میں تھک گئی
صرف کوشش میں کیا زورِ تمام بلکہ اس سے بھی کہیں آگے بڑھی
شوق سے اس کی طرف ڈالی نظر آہ! دروازے پہ کنڈی تھی لگی
چاہ میری بڑھ گئی پھر اور بھی ناک میں اس کی وہیں بیٹھی رہی

نوٹ:۔ محبوب تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اس کے کرم
کی ضرورت ہے۔ ورنہ وہاں تک پہنچنے کے لئے انسانی
کوششیں لاحاصل ہیں۔

(۷۵)

دل کو پیسا کھرل میں جب عشق سے
خواہش بد مٹ گئی، آیا قرار
نذرِ آتش کر کے تب چکھا اِسے
اس عمل سے کب پتہ چل جائے گا
زندہ رہنا ہے کہ مرنا ہے مجھے

لہ۔ دیکھکر آنکھوں سے سُنکر کان سے جب میں ہونگی اصلیت سے ہمکنار
کب مری ہیں اور کب مر جاؤنگی

(۷۶)

سُہرَس شُم تہٖ دَم نو گرشے

پیٚنژھ نو پرٛاوکھ مُکتی دۄار

سِللَس لوَن زَن میلِتھ تہٖ گرشے

توتہٕ چھےٚ دوٚرلب سہز وہژار

نوٹ۔ گوڈنچی سطرِ چھےٚ وتان زلّ دیدِ نہٖ اَمِس کران "دم" نہٖ "دمادم"، نہٖ کُمبک،

ته ہیاکھ پاٹھۍ: "پیٚنژھی پرٛاوکھ مُکتی دۄار" (بحاسکر رازدان)

(۷۷)

زُنہٕ زایاے رُتی ناگے کُتی

کرِتھ ووٚدرس بہو کلیش

پھیرِتھ دۄار بَرنہٕ واتی تتی

شُوچھے کرُوٹھ تہٖ ژرین وۄپدیش

له وُچھو واکھ ۷۱ پتہٕ نوٹ۔

(۷۶)

تو وجود و ذاتِ حق کی چاہتا ہے مُعرفت
حاجتِ ضبط و سکون اس کے لئے کچھ بھی نہیں
آرزومندی سے خالص پا نہیں سکتا نجات

دھیان میں کوئی نہ ہو کیوں محو ہی آٹھوں پہر
جس طرح پانی میں گھل جانا نمک ہے سر بسر
پھر بھی اندازہ تشخص کا بہت دشوار ہے

نوٹ :- ذاتِ حق کا مُشاہدہ محض تمنا اور تزکیہ نفس وغیرہ سے
ہی نہیں ہو سکتا۔ دوسرا پاٹھ ہے۔
" انتہائے شوق و محکم یقین سے ہی پا سکتا ہے نجات"

(۷۷)

رحم مادر کو دیا دردِ شدید اور دُکھ بھی اس کو پہنچایا بہت
تب ہوئے پیدا وہ دنیا میں ضرور تھے بھلے چنگے، اچھے اور تندرست
پھر بھی اکثر آ کے ٹھہرے بار بار تھا یہی دران کی جائے انتظار
شو کا پانا تو بہت دشوار ہے دھیان رکھو اس پر کہ یہ اندیشہ ہے

(۷۸)

یوٗسے شیٖل پیٹھس تہٕ پٔٹھس

سوٗے شیٖل چھےٚ پزٕتھ وون دیش

سوٗے شیٖل شوٗبہ وُنس گرٕٹس

شوٗ چھےٚ کرُوٹھ تہٕ ژین ووپدیش

(۷۹)

رُومتہٕ تھَلہِ تھَلہِ ناپُتن

ناپُتن ووتُم دیش !

وُرن مَتہٕ لوٗکہ گرِ اُژی تَن

شوٗ چھےٚ کرُوٹھ تہٕ ژین ووپدیشیا

(۷۸)

| | |
|---|---|
| پتھر جو کام دیتا ہے جائے نشست کا | یا جو بچھایا جاتا ہے کوچوں میں جا بجا |
| ہوتا ہے بالضرور بہر رنگ جزوِ ارض | آتا ہی ہے کام کسی آسیا میں بھی |
| پانا جہاں میں شِو کا تو دشوار بہت ہے | اپدیش ہے تو اس پہ ذرا اول سے دھیان رکھ |

نوٹ:۔ دُنیا کی تمام اشیاٗ ذات الٰہی کی مختلف صورتیں ہیں۔ اگرچہ جائے نشست، گلی کا فرش، قطعۂ ارض یا چکی مختلف صورتیں اختیار کئے ہوئے ہیں۔ لیکن در حقیقت ایک ہی چیز ہیں یعنی پتھر۔

(۷۹)

کیا نہیں کرتا ہے روشن ہر خطے کو آفتاب

روشنی پاتا ہے کیا بس ایک پاکیزہ مقام؟

اور کیا داخل نہیں ہوتا 'ورن' ہر گھر میں ہے؟

شِو کا پانا تو بہت دُشوار ہے اُپدیش سُن

نوٹ:۔ یہاں بھی ذات الٰہی کی عالمگیر جلوہ گری کا بیان ہے جس طرح سُورج ہر جگہ بلا کسی امتیاز کے چمکتا ہے۔ اور جس طرح 'ورن' یعنی پانی کا دیوتا ہر گھر میں داخل ہوتا ہے اور صرف مخصوص مقامات ہی میں نہیں۔ اسی طرح ذات الٰہی بھی کسی خاص مقام پر ہی جلوہ افگن نہیں بلکہ ہر شئے میں ساری و طاری ہے۔

(۸۰)

زانہ ہاَ ناڈِل مَنہ ژٕٹھ
ژٕٹھ وٕٹھ گٕٹھ کلیش
زانہٕ ہاَ اد اَستہٕ رَسایَن گٕٹھ
شو چھے کرٕوٹھ تہٕ ژین وۄپدیش

لہ ناڈی چھےٚ ژٕم رگہٕ یمو منزٕ پرٛان چھہٕ دورہٕ کران تہٕ زٕوبخشان یمہٕ چھےٚ ولیاہ خاص چھےٚ دٕہ ناڈی ۔ وٕچھو واکھ ۱۹ لہ "دَشہ ناڈِ واو"۔

(۸۱)

یِہے ماترٕ رووٕپ پےٚ دِیے
یِہے بارٕیا رووٕپ کرِ وشیش
یِہے مایا رووٕپ اَنتہٕ زووٕہے
شو چھے کرٕوٹھ تہٕ ژین وۄپدیش

لہ .... زیٕوہے

(۸۰)

مجھے معلوم جو ہوتا کہ کیونکر من کے ذریعے سے
ان اپنی ناڑیوں پر آپ قابو پا سکوں گی میں
پھر ان کو کاٹ کر کیسے رکھوں کیونکر سمبٹوں میں
تو میرے سارے دُکھ اور درد بیشک ختم ہو جاتے
اور اکسیر حقیقی کا بنانا مجھ کو آ جاتا
ہے پانا شو کا مشکل غور سے اُپدیش یہ سُن لے

نوٹ:۔ ریاضت گزار کا فرض ہے کہ ناڑیوں کو قابو کرے۔ لل کا مطلب یہ ہے کہ من کو آلات عمل سے الگ کر کے سکون و سکوت کا خوگر کرنا چاہیئے۔ اکسیر حیات سے معرفت ذات مراد ہے۔

(۸۱)

عورت کی ذات دیکھئے پھر غور کیجئے　　کرتی ہے والدہ کی کبھی صورت اختیار
بچے کو تب پلاتی ہے کس شوق سے وہ دودھ
آتی ہے سامنے کبھی بیوی کے روپ میں　　اس وقت ہوتی ہے مگر اسکی روش کچھ اور
مایا کی شکل میں کبھی ہوتی ہے جلوہ گر　　لیتی ہے جان تک کبھی اتنی ہے وہ نڈر
ل جانیں شو سے یہ نہیں آسان کسی طرح　　اپدیش ہے یہ دھیان اسی پر رہے ترا

نوٹ:۔ یہ تمثیل مندرجہ بالا مطلب ہی کی وضاحت کرتی ہے۔ عورت مختلف حیثیتوں میں نظر آتی ہے۔ مثلاً کبھی ماں کے روپ میں اور کبھی بیوی کی شکل میں یا کبھی مایا بن کر جان لینے والی کی صورت میں لیکن حقیقت میں بہر صورت کی ذات ہے۔

(۸۲)

ژشوچھے زاؤیِل زال وَہرآوِتھ

کرزنزان منز چھے ترِتھ کیتھ

زِندہے وُچھِن اَدِ کَتہِ مرِتھ

پانہٕ منز پان کڈ وشرِتھ کیتھ

(۸۳)

تیرِ سِلِل کھوٹ لہ تَے تیرے

ہمہِ ترٹے گَے بن ابنٹ وِمرشا

ژیتہٕ رَو باتہِ سیٖ سمے

ژشومے ژرا ژر زگ پٔشا

لہ کھوٹ

لہ بِن ابِن۔ شِوکا فلسفہ کرِ۔ بِن گوٗد مایا۔ بِن ابِن گوٗد وِدیا۔ ابِن گوٗد شکتی یا بالترتیب 'اِدم'، اِدم، 'اہم اِدم'، تہٕ 'اہم' (یِم چھہٕ اَمہٕ عرفانچ تکنیکی محاورہ)۔ معنی: خارجی کاینات یِتھے اوت، یہ تہٕ تہٕ پتہٕ۔ کاینات تہٕ تہٕ اَتھ زانن وول تہٕ، سارِے تھوٗد تہٕ سارِکے آگر اہم سٕے اوت سورُے سٕے زانن وول سورُے "پوٗرن اَہنتا" بنا۔

٨٢

باریک جال کی طرح پھیلا ہوا ہے آپ  
شِو جو تمام قالبوں میں کر گیا نفوذ  
پائے گا تو حیات میں اپنی نہ جب اُسے  
مرنے کے بعد آئے گا کب پھر ترے وہ ہاتھ  
لے کام ذوق و شوق سے اور غور و خوض سے  
اپنے وجود میں سے خودی کو نکال دے

نوٹ:۔ 'خودی' سے یہاں مُراد 'انا' ہے۔ یا یہ بھی اِس کے معنی ہو سکتے ہیں۔ کہ انسان کو چاہیئے کہ غور و فکر سے اپنی اصلیت، اپنی ذات پہچان لے۔

(٨٣)

پانی جم جاتا ہے تو بن جاتا ہے یخ  
یا بشکلِ برف آتا ہے نظر  
غور سے دیکھو تو یہ سب اصل میں  
ایک ہی شے کے فقط ہیں تین روپ  
جب شعورِ برتریں کا آفتاب  
نور برساتا ہے آب و تاب سے  
مل کے تینوں دم میں ہو جاتے ہیں ایک  
سچ جو پوچھو تو بسیط دھر میں  
اور ہر شے میں کہ جو ہے ماسوا  
شِو ہی شِو ہے جلوہ گر جلوہ نما

نوٹ :۔ جس طرح آفتاب یخ اور برف کو پگھلا کر پانی کی شکل میں تبدیل کرکے اس کے ساتھ یکساں بنا دیتا ہے۔ اسی طرح معرفت روح سے نہ صرف ذاتِ حق کے ساتھ یکساں ہونے کی اصلیت کو تسلیم کراتی ہے۔ بلکہ یہ بھی واضح کر دیتی ہے کہ تمام کائنات بہر صورت قدرتِ مطلق کا ظہور ہے۔

(۸۴)

اَسہِ پوٗندِ زوٗسہِ زامہِ

نیتھے سَنان کرِ تیپہِ تھَن

وُہری وَہرس نوٗنے آسے

بَشہِ چھُے تہٕ پَر زانتَن

(۸۵)

بان گوٗل تاٗلٔے پزٕ کاش آو زُونے

ژنٛدرٕ گوٗل تاٗلٔے موٗتُے ژیتھ

ژیتھ گوٗل تاٗلٔے کیہنہ تہٕ نا سکُنے

گےٗ بھوٗر بھُوہ سودولبسرزِتھ کیتھ

تئے ۲۱۱

۸۴

وہی ہے خود جو ہنستا ہے وہی ہے کھانسنے والا
وہی ہے چھینکنے والا، جمائی لینے والا بھی
وہی ہے جو نہاتا تیرتھ استھانوں پہ ہے جا کر
وہی ہے جو برابر سال بھر ننگا ہی پھرتا ہے
بنا کر بھیس سادھو کا وہ زہد اپنا دکھاتا ہے
بہت نزدیک ہے تیرے اُسے پہچان لے اب بھی

نوٹ :۔ عابد مقدس کی زیارت کرنے کے لئے مارا مارا پھرتا ہے۔ اور ذاتِ الٰہی کی تلاش میں جسمانی تکالیف برداشت کرتا ہے۔ اُسے معلوم نہیں کہ اللہ تعالےٰ خود اسی کی ذات میں موجود ہے اور اس لئے وہ اس سے الگ نہیں۔ زاہد کوئی بھی عمل اختیار کرے۔ درحقیقت وہ کرنے والا نہیں بلکہ ذاتِ حق ہی اس کی محرک ہے۔

(۸۵)

جب آفتابِ ضوفشاں ہوتا ہے مغرب میں نہاں
تو چاند آتا ہے نکل اور کرتا ہے ضو پاشیاں
جب چاند چھپ جاتا ہے تو پھر باقی رہ جاتا ہے من
یہ بھی محوِ لامکاں خود ہو کے رہتا ہے کہاں
پھر یہ اثیری وسعتیں اور یہ زمین و آسماں
ہوتے ہیں رخصت یک بیک مٹتا ہے ہر شے کا نشاں

نوٹ :۔ چاند اور سورج سے بالترتیب عمل کے مقامات اسفل و افضل مراد ہیں۔ جب عالمِ استغراق میں یہ موجود نہیں رہتے تو سالک کو سوائے قوتِ تصور کے کسی چیز کا احساس نہیں رہتا۔ جب یہ احساس بھی ذاتِ الٰہی میں گم ہو جاتا ہے تو ہمہ گیر اور انفرادی ذات میں جزو کل کا امتیاز بھی جاتا رہتا ہے۔

(۸۶)

مَل ووتھِ گولُم

جِگر مُوژم

تیٚلہِ تٔل ناو دژام

ییٚلہِ ڈُلو ترأوِی مَس تھٔو

(۸۷)

لَتَن ہُند ماز لارِیوم وَتَن

اَکی ہأونَم اَکہِ چی وَتھ

یِم یِم بوزَن تِم کوہ مَتَن

لَلہِ بوزِشتَن سُنی کَتھ

(۸۶)

میل میں نے من کا سارا دھولیا　　خواہشاتِ دل کو بھی قابو کیا
مست ہو کر دامنِ عجز و نیاز　　اس کے آگے شوق سے پھیلا دیا
ہو گئی مشہور للہ نزدیک و دور

نوٹ :- للہ نے جب من کو ہوا و ہوس سے آزاد کیا - اور جب وہ نیاز مندی کے ساتھ صبر سے انتظار کرتی رہی اُسی پر اپنے آپ کو چھوڑ دیا - پھر کہیں اس کی چشم بصیرت کھل گئی - اور للہ عارفہ کے نام سے مشہور ہوئی -

(۸۷)

میرے تلوؤں کا یہ سارا گوشت پوست　　ساتھ رستے کے چمٹ کے رہ گیا
ایک نے اک کا دکھایا راستہ　　جو سُنے یہ کیوں نہ دلوانہ بنے
باندھ لی للہ نے گرہ یہ شوق سے　　مُدعا پانے کو سو کی ایک بات

نوٹ :- یہاں للہ دید کا مطلب یہ ہے کہ شروع شروع میں اسے تلاش حق میں بہت سی تکالیف اُٹھانی پڑیں - لیکن آخر میں جب اسے وحدت اور وحدت الوجود کا گیان حاصل ہوا تو اسے راستہ صاف نظر آیا اور یہی رازِ حقیقت تھا -

(۸۸)

پۆت زوٗنہٕ وۆتھتھ موٗت بولہٕ نووٗم

دَگ لَلہٕ ناٲوِم دَپہٕ ہسنزِ پڑییے

ٹُلی ٹلی کران لالہٕ وُزہٕ نووٗم

میلتھ تَس مَن شرِوزِلوم دَہئے

لہ دِہے ۔ پہٕ دِہہٕ ۔ پہٕ میون پان ۔
بیاکھ پاٹھٕ ، دَہے یانے دٔہ ینیدرییے ، دس فوی (پانژھ
گیان ینیدرییے تہٕ پانژھ کرم ینیدرییے)

(۸۸)

رات کے پچھلے پہر وقتِ غروبِ ماہتاب
اِس دلِ دیوانہ کو میں نے بہت سمجھا دیا
ذوقِ عشقِ حق سے اس غمدیدہ کو بجتا سکوں
لَل ہوں میں لَل ہوں میں دیتی رہی بیہم صدا

اِس طرح میں نے جگایا اپنے اس محبوب کو
جس سے مل کر پاک میرے ہو گئے یہ دس قویٰ

نوٹ : وقتِ غروبِ ماہتاب سے مُراد ہے علی الصباح یعنی جہل کی
شبِ تاریک کا اختتام دلِ دیوانہ سے مُراد 'من' ہے جو دنیا کی
مایا سے مست اور پاگل ہے۔ محبوب سے مُراد لَل کی اپنی ذات
ہے جس کو ذاتِ حق کے ساتھ ایک ہونے کی معرفت حاصل کرنے
کے لئے وہ جھنجھوڑتی رہی۔

(۸۹)

تِنہٕتھر گلہٕ تأسے منٛتھر موٗژسے

منٛتھر گوٚل تأسے موٚتےٚ ژیٚتھ

ژیٚتھ گوٚل تأسۍ کینہہ تہٕ نا کُنۍ

شوٗنٛیس شوٗنیاہ میلِتھ گوٚو

(۹۰)

لوٗب مارُن سہج وِستارُن

دزوٗگ زانُن ، کلپن تراو

لنشہٕ سچھے تہٕ دوٗر موگارُن

شوٗنٛیس شوٗنیاہ میلِتھ گوٚو

لہ ؤچھو بھاسکر نمبر ۳۰ واکھ تہٕ تمیک سنسکرت ترجمہ۔

(۸۹)

تنتر ہوئے مفقود تو منتر رہے باقی
منتر ہوئے مفقود تو اک من رہا باقی
جب من ہوا مفقود تو سب کچھ ہوا معدوم
پھر جب خلا میں ہی خلا ہو گیا یکسر

نوٹ : تنتر - مقدس کتب

(۹۰)

ترک کر حرص و ہوا ترک کر یہ ما سوا
دیکھ اس کے نور کو نور ہی میں ڈوب جا
وہ بہت نایاب ہے وہ بہت ہے بے بہا
ہے وہ تیرے ہی قریب ڈھونڈتا ہے دور کیا
وہ خلا ہے یا ملا کچھ نہیں اس کے سوا

نوٹ ، خلا سے مراد یہاں ظاہری دنیا ہے

(٩١)

ژِ پٕتہ تۆرٕ رگ وگِر ہیتھ رۆٹُم

ژٕبھ ژٕلِہ وِتھ دَشہِ ناڈٕ دلو

تۆرے شَشِہ کل وِگہِ لِتھ وُزِٕہم

شۆنیس شۆنیا مِیلِتھ گوو

نوٹ :- یہِ "شۆنیس شۆنیہ" کیا گوو ، شرکا ہمکنس منز گوو ز "شوپرٕ ماناگوو میلتھ شو شۆنیس سیتۍ"۔ شۆنٕ گوو یہِ خلا void، omptiness ، یہ گوو زِ لو آتما گوو میلتھ شۆنس سیتۍ ، بانے تتھ دشا یہِ ووت ، یتہِ خالص چیتن ، یعنی آگہی چھے ۔ اَوہ پتہٕ چھے پرم شوسۍ زوشا

(٩١)

میں نے لگامِ ہوش و خروش کو سنبھال کر ‏ ‏ قابو کیا خیال کے گھوڑے کو طرح

دس ناڑیوں میں باندھ لیا نفسِ ناطقہ ‏ ‏ سعیِٔ بلیغ سے وہیں مرکوز کر دیا

اب چاند کی کلا بھی یکایک پگھل گئی ‏ ‏ اور رفتہ رفتہ میرے بدن میں اُتر گئی

یعنی خلا بھی جذب ہوا لامکاں میں اب

نوٹ :۔ لگام سے مراد ہے عدمِ خواہش ۔ ناڑیوں سے رگیں مراد ہے ۔جن میں سے سانس کا دورہ ہوتا ہے ۔ ریاضت گُذار کا مقصد حبسِ نفس ہوتا ہے ۔جب وہ اُس پر قادر ہو جاتا ہے تو "سہسرارا" میں متمکن چاند امرت ٹپکاتا ہے ۔ خلا سے مطلب وہ منزل ہے جہاں کائنات یعنی خارجی حقیقت کا احساس ختم ہو جاتا ہے ۔ ناداریٔ الفاظ کی وجہ سے لفظِ "خلا" اِستعمال کرنا پڑا ہے مگر یہاں "خلا" سے 'کچھ نہیں'، 'صرف خالی' مراد نہیں ۔ یہاں مراد ہے انسان کا چت اتما سب کلپناؤں سے پاک اُس دشا میں پہونچتا ہے جہاں ساری کائنات بھی گُم ہو جاتی ۔ مگر یاد رکھنے کی بات ہے کہ نزک شیو میں بقولِ اقبال ؎

"ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں"

اس ( CONSCIASNESS COSMIC ) کے آگے خلا ہٹ کر پرم شیو دشا میں مِل جاتا ہے۔

(۹۲)

ژٕھرٕسَس نہ ساتَس پٕژھرٕسَس پہٕ ژٕمس

سٕہٕ مس میٚٚ للہٕ چَوِ پینہ نۍ واکھ

اَندریُم گٹکھ ژٕٹھ تہٕ دولمُ

ژٕٹھ تہٕ دیُتمَس ٹٕھی چاکھ

(۹۳)

شیٚوَن ژٕھٹہ شیٖشہٕ کل وُزِم

پرٕکرٕتھ ہوزٕرم پوٚنہ سٔتی

لولہٕ کرٕ نارٕ واٚلنج برٕزم

شینکرٕ لوٚبُم تمی سٔتی

(۹۲)

میرا دِل اُمید سے خالی، ہوس سے دُور ہے
ہاں کلام اپنا ئے خالص، دل مخمور ہے
اس نے وہ قوت مجھے بخشی کہ اب کافور ہے
دل کی تاریکی، جو مانندِ شبِ دیجور ہے

(۹۳)

میں آئی طے کر کے چھ جنگلوں کو اپنی ہمت سے — اُجاگر کر لیا اس طرح میں نے چھ کلاؤں کو
نفس سے بیر ورکے رہ گیا عالم ہیولے کا — بس تارِ عشق میں دِل کو جلا کر اپنے اُٹھی ہوں
اِسی طرزِ عمل سے پالیا ہے اپنے شنکر کو

نوٹ:۔ گرتین انسان کے جسم روحانی میں چھ چکر یعنی شکتی کے چھ مقام ہیں جو اس کو ظاہری کائنات میں عمل کرنے اور اس کو حقیقی سمجھنے کے لئے اُبھارتے ہی رہتے ہیں۔ عرفان حاصل کرنے سے پہلے ان پر قابو پانا ضروری ہے۔ لّل اس عمل کو چھ جنگلوں کو طے کرنے سے تشبیہہ دیتی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ انسان کے سر میں ایک جوف ہے جس میں ایک پُراسرار چاند پایا جاتا ہے اور یہی ذاتِ افضل شو کا مُقام ہے۔ جب صوفی ان چھ چکروں پر قابو پاتا ہے تو وہ اُس چاند سے روشناس ہوتا ہے اور شو کی ذات میں گم ہو جاتا ہے۔ یہ قُدرت صوفی کو حبس نفس سے حاصل ہوتی ہے اور اس کا محرک انتہائی جذبۂ عشق ہے۔ "کلا" جزو کو کہتے ہیں۔ مگر بھاسکران کو بجائے جنگل کے منزل کہتا ہے۔ چھ جنگل سے مراد ہے کام کرودھ لوبھ، مد، موہ اہنکار۔

(۹۴)

اومکار ییٚلہِ لَیہٕ اوٚنٛم

وُہِ کوٚرُم پٮ۪نٛ پان

تشےٚ ووٚت ترٛاوِتھ سَتھ مارگ رٔوٹمُ

ییٚلہِ لٔلؠ بو واتٕس پرٛکاشتھان

[1] ہم "تشےٚ" چھِ زیادٕ اغلب زِرٛک شیٚبو شاسترٕکہ شَبد۔ ادھوٚ یعنی ورن' منتر' پد' کلا' تتو تہٕ بھُوَن۔ آنو دو پایچھ تشےٚ وَتہٕ "ستھ مارگ" گوٚو شامبھو ویاے۔ [2] گرٛنتھہِ زیادٕ جان تیٚلہِ؛

نوٹ۔ وُچھِو واکھ [3] تھتہٕ تَل (صفحہ ۱۱۵) نوٹ (۲)۔ گرِیرسن کیا چھُ ونان۔

(۹۵)

ہے گورا، پرمیشورا

باوتَم ژٕ ییٚ چھےٚ انتر ویوٚد

دوشوے ووپدان کَنٛدِ پرُا

ہوٚہ کوٚہ ژُن نہٕ ہاہ کوٚہ توٚت۔

(۹۴)

میں نے اپنایا نہ کب اومکار، کو
جسم کو صورت اک انگارے کی دی
راستے تھے چھ وہ طے میں نے کئے
ساتویں پر جا پہنچی جب تو پھر
عالمِ انور میں للؔ داخل ہوئی

گریرسن :۔ للؔ کا مطلب یہ ہے کہ حبسِ نفس سے اس کا جسم آتشِ منترہ کے ذریعے سے روشن ہوا۔ چھ راستوں سے مُراد چھ چکر ہیں یا شکتیوں کے تابع چھ مقامات جو انسان کو عمل کرنے پر اُبھارتے رہتے ہیں۔ ریاضت گذار کو اُنہیں یکے بعد دیگرے قابو کرنا پڑتا ہے۔ اور پھر وہ ساتویں اور بالاترین منزل پر پہنچ جاتا ہے یعنی سہسرار چکر میں جس میں محو ہو جانے سے وہ آخری نجات حاصل کرتا ہے۔

نوٹ :۔ میری رائے میں یہاں "شئے دوت" چھ راستوں سے مُراد ہے "شڈ۔ اَدھو"۔ یہی آنو وُپاے کے چھ راستے بتائے گئے ہیں۔ یہ سب ترک شاستر کے تکنیکی لفظ ہیں اور ستھ مارگ۔ سچا راستہ، شامبھو ویاپے ہے۔

(۹۵)

تم کو سب اسرار کا حاصل ہے علم
مجھ کو بتلادے یہ کیا اسرار ہے
'ہو' کرتا ہوں تو ٹھنڈی سانس ہے
'ہا' اگر کرتا ہوں، آتش بار ہے

(۹۶)

نابھستا پہ چھے پرٛ کرتھ زلہ پوٚنی

ہڈرٛس تام ییٚتہٕ پرٛان وٕتہٕ گوٚت

برٛہمانڈس پیٹھ ستہٕ تاڈِ وٕہہ پوٚنی

ہوٚتہٕ توٚ ترٛن ، ہاہ توٚ توٚت

(۹۷)

لٔل بو درٛایس لولہ رے

ژھانڈان لوٚسُم دِن کہو راتھ

وُچھُم پنڈت پننہٕ گرے

سُے مے روٚٹُمس نیچھترٕ تہٕ ساتھ

نوٹ :- وُچھو واکھ ۷۲ یتھ تَل امِہ واکُک معنی وار پٲٹھۍ نِنہٕ۔
وُچھو پارٕ نمبر ۱۶۸ یُس یتھ پٲٹھۍ چھُ

نا بھِستھانس ژِرت زلہٕ پولی
برٕہمس تھانس ششرُن موکھ
برٕہمانڈنس پٔچھے ند وہِ پونی
ژٕے ژِرون انیہہ ماہ گوِد توٹ

یہٕ چھُنہٕ سہٕ وِنان زِ یہِ پاٹھۍ کتہٕ ادن تمُہ، ژِرت، گوُدِچیٹ،

(۹۶)

ناف سے جب سانس اُٹھتی ہے تو ہو جاتی ہے گرم
کیونکہ واں خورشید عالم تاب کا دربار ہے
کاسۂ سر سے نکلتی ہے تو جاتی ہے سرد
کیونکہ واں مہتابِ عالم تاب کی سرکار ہے

(۹۷)

انتہائی جذبۂ عشقِ حقیقی دُور تک
لے گیا کھینچے ہوئے مجھکو تلاشِ حق میں للؔ
اس کے ذوقِ جستجو میں جا بجا پھرتی رہی
الغرض دِن ڈھل گیا اور رات بھی آخر ہوئی
آہ! تب یہ کُھل گیا مجھ پر کہ پنڈت کا مقام
میرا ہی گھر ہے جہاں دائم ہے اس کا مستقر
تھی مرے نزدیک بے شک اک وہی ساعت سعید

نوٹ :- للؔ کہتی ہے میں تلاشِ حق میں بہت دیر تک سرگرداں رہی۔ لیکن آخرکار مجھے معلوم ہوا کہ وہ میرے ہی گھر یعنی آتما میں موجود ہے۔ پنڈت سے حق کی ذات مُراد ہے۔ اس قطعہ کا مطلب یہ ہے کہ مَن عَرَفَ نَفسَہٗ فَقَد عَرَفَ رَبَّہٗ۔

(۹۸)

دَمہٕ دَمہٕ کوٗرمس دَمَن آسےٚ[1]

پیٚزٕ زلیوم دیپ تہٕ نیٖنیم ذاتھ

اَندریم پیٚزٕ کاش نیٚبر ژھوٚٹم

گنڑٕ روٗٹم تہٕ گٔرمس تھپھ

نوٹ:۔ [1] وُچھو حاجنی صابنٕ "کاشُر شاعری" صفحہ ۳ نمبر ۲۴ (ساہتیہ اکادمی) ییٚتہٕ پٕہ سطر چھنے ییتھ پأٹھۍ۔ گریرسن (لل واکیانہ واکھ نمبر ۲۴) چھ یہ سطر ییتھ پأٹھۍ دِوان۔ " دَمادَم کوٗرمس دَمَن ہالے" لفظ "دمادم" چھ کھارِ ہتر دَمَن لبتہٕ بأپتھ مُناسب۔ ییٚتہٕ زور تہٕ جلدی مُراد چھنے۔ تہٕ چھنہٕ مُراد۔ گریرسن چھ پانہٕ "دمادم" لفظُک مانے "وارِ وارِ" دِوان ییمہِ بأپتھ " دَمہٕ دَمہٕ" زیادٕ موزون چھُ۔

بیاکھ کتھ چھےٚ یہِ " دَمَن ہال" کیاہ گوو؟ تہٕ ہیکو یہٕ اَسی ووٗنۍ سان وٕنِتھ۔ گریرسن تہٕ چھ فیلسپے اَمیک مانے "کھارِ لبتہٕ" دِوان۔ اگر کھارِ لبتہٕ دٕلو تیٚلہِ شوبہِ یہٕ "دمادم" لفظُک مانے "وارِ وارِ" ییٚمہِ تہٕ چھےٚ بیاکھ کتھ۔ اگر "دَمادَم" تہٕ "دَمَن ہالے" ٹھوٖوِ۔ تیٚلہِ چھُ امہِ عملِ ہُند (ریاضتُک) مانے "بھَستر کا پرانایام"

(۹۸)

مشق میں پاسِ نفس کی دمبدم کرتی رہی
اس عمل سے مجھ میں روشن شمعِ عرفاں ہو گئی
کھُل گئی مجھ پر حقیقت ذات کی اک آن میں
روشنی اندر کی کر دی میں نے باہر آشکار
اور پکڑا اپنے اندر اسکو محکم اِسطرح
ہاتھ سے جانے دیا اس کو نہ ہرگز پھر کبھی

نوٹ :- یہاں بھی گریرسن حبسِ نفس کی ہی بات بتاتا ہے۔ چنانچہ اُس کی کتاب" للہ واکیانہ" میں اس واکھ کی پہلی سطر یوں درج ہے۔

" دَما دَم کوٗرمس دُمن ہالے"
(مشق میں حبسِ نفس کی دَمبدم کرتی رہی)

جس سے اگر کوئی معنی نکلتا ہو تو وہ "بھسترٛ کا پرشانایام" یا صوفی "ذکر" ہی ہو سکتا ہے۔ مگر للہ دید کے کلام میں جس ریاض کا ذکر ہے۔ وہ تو "پران ایان" ہے۔ (ملاحظہ ہو واکھ نمبر ۵۱، ۵۲، ۵۳، ۵۹، ۶۹، ۷۱، ۷۲، ۷۴، ۸۸، ۹۰، ۹۱ اور ۱۰۹) اسی لئے اس سطر کا زیادہ موزون پاٹھ وہ ہے جو پروفیسر محی الدین حاجنی کی مرتب کردہ کتاب " کاشِر شاعری" (ساہتیہ اکادمی) صفحہ ۳ نمبر ۴ "یا" ذکر" ییران۔ للہ دید اُس " پرٗان اپانہٕ" ریاض کران۔ (وُچھو واکھ نمبر ۵۱، ۵۲، ۵۲، ۵۹، ۶۹، ۷۱، ۷۲، ۷۴، ۸۸، ۹۰، ۹۱ تہٕ ۱۰۹) نہٕ گوٚدٕ کھَسہٕ وٕنِس تہٕ وَسہٕ وٕنِس شاہس کٔنٛنہٕ زاگہِ روزان۔ اَمی عملہٕ یا ریاضہٕ سٕتۍ چھُ مَن وارٕ وارٕ پانے شُمان تہٕ اَمی سارۍ سنکلپ وِکلپ پوٚت ہیوان۔ تہٕ " اَندریم پرٛکاش" نوٚن ییران۔

جس کا معنی اوپر ترجمہ میں دیا گیا ہے۔

اسی طرح لفظ "گرِدٕ" کا ترجمہ یہاں "تاریکی" یا اندھیرا نہیں ہو سکتا ہے۔ بلکہ اس کا معنی یہاں پر اس جسم خاکی یعنی تن بدان کا ہے لل دید خود فرماتی ہیں کہ اُن پر ذات کی حقیقت کھُل گئی اور اُن کا باطن روشنی سے مالامال ہوا۔ تو پھر وہاں اندھیرا کیسا؟ یہاں پر "گرِدٕ" سے مراد "گھٹ" (سنسکرت) یعنی گڑھا ہے۔ یہ لفظ عام طور پر ترِکا شیو درشن میں انسان کے جسم یا تن بدن کے لئے استعمال ہوا ہے۔ وہی معنی یہاں بھی موزون ہے۔

پارموتے یہ سطر تو ویسی ہی رکھی ہے جیسی گریرسن نے مگر اپنے انگریزی ترجمہ میں اِس کا معنی بدل دیا ہے۔ کہتے ہیں کہ "لل کہتی ہیں کہ میں نے لمحہ بھر اپنا سانس روکا تو میرے دِل کا چراغ ایکدم جلا اور اِس کی جوت اندر سے باہر آئی تو میں نے اِسکو یعنی اپنی آتما کو اندھیرے میں ہی پکڑ رکھا۔"

تہٕ " گٔرِ رٔوٹُم " ہِنٛزِ پانس منز لٔژُم " گٔٹ " گوڈ بانٛہ ۔ بہٕ پان ۔ نٔنز
اَنہِ گٔرٕ ۔ اٰندریُم پرٛکاش ہِنٛز ژٕھٹہٕ تہٕ رٔوٚز اَتہٕ اَنہِ گٔٹہ؟ تہٕ چھُنہٕ مانے ۔
گریرتَن ہندِ کھوتہٕ چھُ زیادٕ مُناسب یِی ۔ زِ ہِنٛزِ پانس منز لٔوٚبُم تہٕ کٔرمَس تھَم ۔
بارِہو چھُ یہٕ سطر گریرتَن ، ہندی پاٹھۍ لیکھان ۔ " دَمادَم کوٚرمَس دمن ہالے "
مگر اَمیُک معنی چھُ بدٕل دِوان ۔ اَمی ہندِ انگریزی ترجمہٕ چھُ کاشرِ پاٹھۍ ۔ ژٕہ ہس
کھنڈ یس کوٚرمے ہٕنٛزٕ کَھسہٕ وُن وَسہٕ دُن شاہ بند ( دَماہ ) یانے ژٕہ ہس دم کوٚرمَس
بند کوٚرُم ۔ اَندری رٔوٹُم ) تہٕ اَتی پرٛیزیوم اٰندریُم ژونگ تہٕ اَمِچ جوت درایہٕ
ہِنٛزِ ۔ اَنہِ گٔرِ دِژُم اَتھ ( ہِنٛزِ آتابَس ) تھَپہٕ تہٕ رٔوٹُم ۔
کے تحت درج ہے ۔ یعنی
" دَمہٕ دَمہٕ کوٚرمُس دَمَن آلِے "

(۹۹)

ژھانڈان لوٚہس پاٹھ پانس

ژھینچھ گیانس ووتھم نا کوٗنژھ

لےٚ کرمس تہٕ واٹس الٲنس

بٕری بٕری بانہٕ تہٕ چوان نہ کوٗنژھ

(۱۰۰)

مکرس زَن مَل ژوٚلُم مَنَس

اَدٕ مےٚ لٔبم زَنَس زان

سُہ ییٚلہٕ ڈیوٗٹھم نِشہِ پانَس

سورُے سُہ تہٕ بوٗ نو کینہہ

(۹۹)

تھک گئی ہیں کرتے کرتے آپ اپنی ہی تلاش
رازِ سربسر مگر یوں گیان کا پاتا ہے کون؟

جذب ہو کر رہ گئی میں معرفت کے بحر میں
پایا اپنے آپ کو اک میکدے میں اس کے بعد
خم کے خم بھرپور جس میں تھے کوئی پیتا نہ تھا۔

گریرسن، انسانی مساعی معرفتِ کامل حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ یہ صرف سکون اور اللہ کے فضل سے حاصل ہو سکتی ہے۔ جب لل اپنی اور ذاتِ الٰہی کی یکتائی سے آشنا ہوئی تو وہ میکدے یعنی امرت بھون میں پہنچی۔ "امرت بھون" سے چاند مراد ہے جس میں ماہ بماہ امرت پیدا ہوتا رہتا ہے۔ اس سے مراد وہ پُراسرار چاند ہے جو ذاتِ الٰہی کی علامت ہے۔ اور کاسۂ سر میں اس جگہ واقع ہے جسے 'سہسرارا' کہتے ہیں۔ یوگ کے عمل سے ریاضت گذار آخر کار 'سہسرارا' میں جذب ہو جاتا ہے اور پھر ذاتِ حق میں۔ لل افسوس ظاہر کرتی ہے کہ بہت کم لوگ اس ذریعہ نجات سے فایدہ اُٹھاتے ہیں اور کہتی ہے کہ نجات پانے کی یہ شراب (امرت) تو دستیاب ہے لیکن بہت کم پیتے ہیں۔)

(۱۰۰)

میرے دل کا میل سارا دُھل گیا　　اس طرح جیسے کہ آئینہ سے زنگ
گیان کیوں حاصل نہ ہوتا پھر مجھے
میں نے جب پایا اسے اپنے قریب　　تھا وہی سب میں خود کچھ بھی نہ تھی

(۱۰۱)

کرُم زِ کارن ترٛشنے کوٚمبتھ

یوٚ لنٛکھ پرلوکس آنٛکھ

ووتھ کھس سوٚریہ منڈل ژوٚمبتھ

توَے ژلی مرنٛز شانٛکھ(۱)

(۱) بیاکھ تلفّظ: لفظ چھُ شیٔنکھ، وُچھِو ضمیمہ۔

۱۰۲

گباہکو اُمبر پٮ۪ترتھ تنے

یم پد للہِ ژٕلی ترم ہردِ آنٛکھ

کاہرٕ پٕرٛپوکی نے کوٚر للے

ژٕبتھ رٕچھیو، نہ کاہن مرنٛز شانٛکھ

(۱۰۱)

دو عمل ہیں اور اسباب عمل کہتے ہیں تین
ترک ان کو کر تو پاؤ گے فلاحِ عالمین

اُٹھ فضائے مہر کو تسخیر کر اے مردِ حق
موت کی دہشت سے ایمن بن کے تو ہو جا امین

نوٹ :- دو عمل یعنی نیک و بد۔ اسباب عمل تین ہیں۔ جن کی تشریح واکھ ۱۲۷ کے تحت دی گئی ہے۔ یہ تین "مل" ہیں: آنو مل، ماییا مل کارم مل۔ "مل" کے معنی میل، گرد، ناپاکیزگی۔ جو ہیں اپنی اصلیت اپنی ذات، کو پہچاننے کے لئے رکاوٹ بنتی ہے۔

(۱۰۲)

زیب تن کر کے لباس معرفت
ہو عمل پیرا کلام للہ پہ تو

اس کو حاصل ہے امانت 'اوم' کی
روح کی تابش سے ہم آغوش ہے

مست ہے وہ محو ہے مجذوب ہے
دور اس نے کر دیا خوفِ اجل

نوٹ :- پرنو، پُر اسرار لفظ 'اوم' ہی کا دوسرا نام ہے۔

(۱۰۳)

شوٗہنک مٲدان گوڈُم پانس
مےٚ لَلہٕ روٗزم نہٕ بود نہ ہوش
وینہِ ژٕے سپنس پانے پانس
اَدٕ کرٕ گلٕ پھوٚل لَلہٕ پمپوشس

(۱۰۴)

پژھے تیرتھن گژھان سنیاس
گوٗاران سو درشنہٕ متیل
ژٕتا پٕرتھ مونشپتھ آس
ڈیشکھ دوٗرے دژمن نیش

---

۔۔ وربود ۔۔ اَدِ کیا مےٚ لَلہٕ پھوٚل ہلہٕ پمپوشس
پاٹھ۔ اَدٕ کمو ہلہٕ پھوٚل کلہٕ پمپوشس

(۱۰۳)

طے کیا میں نے خلا کا ایک صحرائے وسیع
کل جہاں قایم ہے میرے نہ کچھ ہوش وحواس
اصلیت سے جب وجودِ ذات کی واقف ہوئی
گیلی مٹی سے کنول پیدا ہوا میرے لئے

(۱۰۴)

تیرتھ استھانوں میں سنیاسی ہیں جاتے روز وشب
تاکہ ہوں وہ جلوۂ حق سے کسی جا بہرہ یاب
اس میں بھی ہے اپنے ہی دیدار کی ان کو تلاش

جان کر انجان تو بنتا ہے اے دل کس لئے
سبز آئے گی نظر جب دُور سے دیکھے گا گھاس

نوٹ :۔ یہاں خُدا کو زیارت گاہوں میں پانے کی عبث کوشش کا ذکر کیا گیا ہے۔ وہ خود طالبِ دیدار کی ذات میں جلوہ گر ہے۔

(۱۰۵)

سمسارس آیس تپسی

بوو پرٚکاشس لوٚبم سٔہز

مربم نہ گنٛہہ تہ مرنہ کاٗلسہ

مرٛنیچھ تہ لسہ نیچھ

(۱۰۶)

لٔل بو دراییس کپسہ پوشچہ سٔشرے

کاڈِ ہ تہ دوٗن کرٛنم یٔثرے لتہ

تہ بیٛلہ کھارنم زاٗیجہ تپے

وو پرٛد واہ گیٛم الاٗنرٕسے لتہ

(۱۰۵)

میں تپسوی بن کے آئی عالمِ فانی میں آپ
نورِ دانش سے حقیقت دیکھ پائی ذات کی
کوئی مر جائے کہ میں مر جاؤں اِس سے کیا غرض
میں مروں تو واہ وا زندہ رہوں تو واہ وا

نوٹ :۔ حقیقتِ ذات سے واقفیت حاصل ہونے پر زندگی
وموت سے بے نیاز رہتی ہے۔

(۱۰۶)

(الف)

اس جہانِ رنگ و بو میں شوق سے آئی تھی میں
جس طرح روئی کے ڈوڈے سے نکل آتا ہے پھول
کیا بتاؤں گردشِ قسمت کی بالآخر مجھے
بیلنے کی کشمکش نے کر دیا زار و ملول

★

پھر مدد سے ڈور کی دُھنکی نے قابو پا لیا
منتشر ہا ریک ریشوں میں مرے اجزا گئے
تب بنایا تختۂ مشقِ عمل نساج نے
کچھ نہ پوچھو مجھ پہ یوں جور و ستم کیا کیا کئے

(۱۰۷)

دۄبِ ییٚلہِ چھاُونس دۄبِ کنہٕ پٮ۪ٹھے

سَز تہٕ صابَن مُرشِنم یُیٚتہٕ پرے

ہیٚرِ ییٚلہِ پھِرنَم ہَنہٕ ہَنہٕ کانٛہے

اَڈ لٔلہٕ سےٚنٛے پرٲوِم پَرمہٕ گتھ

(۱۰۸)

رازِ ہمس آرستھ سیٚڈکھ کوٚنے

کتھام ژۄنے کیاہتام ہیتھ

گرزِ گووبند تہٕ گرزُن ہیوٚت گوٚنے

گرزِ وول ژۄنے پھل پھوٚل ہیتھ

نوٹ:۔ ظاہر چھُنہٕ پتہٕ اکھ اَدستھا (حال) طالب حقس گرزھان ییٚلہِ اُمس ہنگہٕ منگہٕ چِنہٕ پرٲنۍ حالتھ ختم گژھِتھ نوے حالتھ چھِنہٕ گژھان۔ بیرونی کاروبار، بوٗزُن چالُن سورُے مشان ژھوپہٕ گژھان۔ پانس اندرکُن یِلنے داخل دُنیہس کُن لگان۔

(۱۰۷)

مل کے صابن سنگ پر دھوبی نے دے ٹپکا مجھے

تن کو اُجلا کر دیا من کو بھی اُجلا کر دیا

بارہا درزی نے قینچی سے مرے ٹکڑے کئے

اور سوزن سے مرا ہر جزو چھلنی کر دیا

★

منزلیں جب کر چکی طے پائے ہمت سے تمام

تب کہیں جا کر ہوئی ہیں وصلِ حق سے شاد کام

نوٹ :- یہاں لل ان مراحل کا ذکر کرتی ہیں۔ جن سے ان کو تلاش حق میں گزرنا پڑا قسم قسم کی تکلیفیں برداشت کرنے کے بعد وہ کہیں ذاتِ حق سے واصل ہوئیں۔

(۱۰۸)

طوطیٔ شکر بیان تھا تو مگر اب لال ہے

کوئی لے بھاگا ترے قبضے سے تیرا مال ہے

گھراٹ کا منہ بند ہے اور رُک گیا چکی کا پاٹ

گھراٹ کا مالک ترا پھل لے گیا، آ کال ہے

(۱۰۹)

کنڈلو گیہ تیزی کنڈلوٕ وَن واس

وپھول من نا زٔٹھ تہٕ واس

دِن رات گٔنز رِتھ پٔنٕ شواس

یُتھے چھکھ تہٕ تِتھے آس

ملہ وُچھو ضمیمہ نمبر ۸۔

(۱۱۰)

کلَن کالہٕ زالٕو لیۆدوٕ ژۓ گول

وِندرو گیہہ وا وِندِرو وُلواس

زانِتھ سنزو گتھ پرزٕو کھو امول

یُتھے زانکھ تُتھے آس

ملہ یہ ماگو رتھ آسُن "زول" نہٕ ..... کالہٕ زالٕو ژۓ گو" ۔ اسہٕ کیاہ چھُ کِس کالہٕ زالِس منز فاد تھوان؟ یہے پتہٕ کلہٕ پوٚت کلہٕ نہٕ شُتر تمنا نہٕ دٕدمیز ۔ اگر یہٕ گلن اسی سیدو آزاد بے فکر، بیتھ حالتس منز آسو تھو ۔ تِہٕ چھُ مطلب ۔

(۱۰۹)

گھر بار کوئی چھوڑ دے — بن باس سے منہ موڑ دے

من پر اگر قابو نہیں — کیونکر نہ وہ چنچل رہے

دن رات رکھ انفاس کا — مدِ نظر یہ سلسلہ

جیسا ہے تو ویسا ہی رہ

نوٹ:۔ بعض لوگ نجات حاصل کرنے کی غرض سے گھر بار چھوڑ دیتے ہیں اور صحرا نشینی اختیار کر لیتے ہیں۔ اور بعض اسی خیال سے صحرا نشینی سے بھی کنارہ کش ہو جاتے ہیں۔ اور خانہ دار بن جاتے ہیں لیکن جب تک انسان اپنی ذات سے متعلق اسرار کی حقیقت سمجھنے میں مصروف رہے۔ اس بات کا مضائقہ نہیں کہ وہ کہاں رہے ریاضت گذار کیلئے ہر نفس کے اُتار چڑھاو میں اُسی کا دھیان رکھنا ضروری ہے۔

(۱۱۰)

خواہشات نفس تیرے اردگرد — بُنتے رہتے ہیں سمے کا ایک جال

تجھکو حاصل ہے اگر عرفان ذات — زندگی بن جائے گی حق سرہٗ[1]

خواہ تو خلوت نشین ہو کر رہے

یا گرہستی کے بکھیڑوں میں پھنسے

نوٹ:۔ انسان خواہ گرہستی ہو خواہ تارک الدنیا۔ اس سے بحث نہیں۔ خواہشات سے آزاد ہونے اور اپنی ذات کو معرفت حاصل کرنے ہی سے اس کو نجات مل سکتی ہے۔ اسی معرفت سے اس کی روح ذاتِ حق کی اصلیت سے وابستہ ہو جاتی ہے زمین و زماں کی قید سے آزاد ہو جاتی ہے۔ ملاحظہ ہو واکھ نمبر ۱۱۱

---

[1] حق سرہٗ: حق اُسی کا سر ہے، اُسی کے اسرار میں سے خود حق ایک راز ہے۔

(۱۱۱)

شِو شِو کران ہَمسہ گژھ سوٚرِتھ

روٗزِتھ ولوٚ ہاٗرۍ دِین کیاو راتھ

لاگِہ روٚست اَدٕ ییٚس مَن گرٕتھ

تٔسی نیٚتھ پرٛسَن سُرگرُہ ناتھ

(۱۱۲)

کیٚہن چھی نیٚندرِ ہٕتی وُدی

کیٚنژَن وُدِن نیٚبہَر پیٚی

کیٚہن چھی سَنان گرٕتھ اُپٕتی

کیٚہن چھی گیہہ بُرِتھ تہِ اَکرٕی

(۱۱۱)

شو کے نامِ پاک کو جپتے ہوئے — چال رکھے ہنس کی مدِ نظر
کاروبارِ دنیوی میں رات دن — محو جو رہتا ہو دِل اور جان سے
من کو بالاتر دوئی سے جو رکھے — اور ہو بس قائلِ ذاتِ احد
ہاں اسی پر رہتا ہے وُہ مہربان — دیوتاؤں کا بھی جو ہے دیوتا

نوٹ :۔ 'ہنس' کا طرزِ عمل مشہور منتر "سوہم" کا پُراسرار نام ہے 'سوہم' کے معنی ہیں 'میں وہ ہوں'۔ سنسکرت حروف میں اگر 'سوہم' کو اُلٹایا جائے تو 'ہم سہ' بن جاتا ہے۔ جس کے معنی ہیں 'ہنس'۔ مردِ مومن کو چاہیئے کہ روزانہ فرائض ادا کرنے پر پھل پانے کا کوئی خیال نہ رکھے۔ 'ہم سہ'، اکثر 'شو' سے منسوب کیا جاتا ہے جو 'سہسرارا' میں متمکن ہے اور انفرادی روح سے الگ نہیں۔ دوئی سے آزاد من وحدت الوجود اور اپنی ذات میں کوئی فرق نہیں سمجھتا۔

(۱۱۲)

کچھ تو وہ ہیں نیند میں بیدار آتے ہیں نظر
کچھ تو وہ ہیں جاگتے بھی ہوں تو محوِ خواب ہیں
کچھ تو وہ ہیں جو نہا دھو کر بھی ہیں ناپاک ہی
اور کچھ وہ جو پھنسے ہیں گھر کے دھندوں میں مگر
پھر بھی رہتے ہیں عمل سے لاتعلق بے نیاز

نوٹ :۔ نیند سے 'مایا' کا خواب اور ناپاکی سے روح کی ناپاکی مراد ہے۔ لَل کا مطلب یہ ہے کہ انسانی جسم فرض انجام دینے کا پابند بھی ہو، پھر بھی روح آزاد رہ سکتی ہے۔

(۱۱۳)

زَل ژھُون ہُنٛواہ تہٕ ناوُن

دوٗرٕ دۄاگمَن پیٛرِو ژُرِنھ ؎

کاٹھ دینہٕ دوٗد شرٛماوُن

اَنتہٕ سَکوٗل کیٛپہٕ ژُرِتھ

؎ (سنسکرت) اُورٕ دُوٗا۔ وُچھِو واکھ ۲۵۲ نٔہ۔

(۱۱۴)

بِتھہٕ سَرَس سَرٕ پھوٗل نا وِیژِی

تِتھہٕ سَرٕ سَکُلی پوٗنی چَن

مرٕگ سرٕ گال گنٛڈی زَلہٕ ہُستی

زِین نازِن پہٕ توٗتے پِین

؎ سَرشِپھ پھوٗل (بھاسکر) ؎ سَکلو یا نے سأری ' سَکل '۔ یہ چھُ سنسکرت لفظ سکل گَے تِم سأری یِم دینہٕ دأری چھہٕ۔ یِم زمینس آمتہٕ چھہٕ۔

نوٹ :۔ یہ سَرکیاہ چھُ؟ شاید یہ سوٗے زِگت۔ یہ چھُ باسان اَنتہٕ روٗس مگر مایا شکتی ہندِس طاقتس مقابلہ چھہٕ توٗت

لوکٹ بوٚت زٕن سَرشٕشپہ پھوٚل چھُہ۔ یہِ چھُہ پارہٕ موٚ
سُند قیاس ، اَتھ چھِ باسان کینہہ ملنے ۔ وُچھو
واکھ نمبر ۱۲۰ "کُس سَرد تَرنٛیِ"
گریرسن ؛ سَرگوٚو کاینات یِتھ سہ ذاتِ کُلس مقابلہٕ
سرپھ پھوٚل ہِش چھےٚ۔

(۱۱۳)

روک لینی آئے گر جوئے رواں | یا بجھائی آئے نارِ شعلہ زن
چلنا آئے گو تجھے بالائے چرخ | اور لینا گائے سے لکڑی کی دودھ

شعبدہ بازی فقط ہے یہ تمام

نوٹ :- یوگ میں مہارت حاصل کرنے یا یکسوئی قلب سے اظہارِ خوارق ممکن ہے لیکن اس کی وقعت ایک جادوگر کے کھیل سے زیادہ نہیں ۔ سچا یوگی ایسے کشف وکرامات کو بنظرِ حقارت دیکھتا ہے وہ صرف ایسے یوگ کا بندہ ہے جس سے وہ خود شناسی کا علم حاصل کرکے ذاتِ حق میں محو ہو جاتا ہے ۔

(۱۱۴)

جس جھیل میں مجال ہے تل بھر سما سکے | بجھتی ہے پیاس سب کی پھر ایسی ہی جھیل سے
گرتے ہیں پیدا ہوتے ہی سب اس میں باربار | گینڈا ہرن ہو یا ہو شغالِ بہانہ ساز

بچتا نہیں ہے اس سے سمندر کا فیل بھی

نوٹ :- ذاتِ کُل کے مقابلے میں کائنات کی کچھ حقیقت نہیں پھر بھی نادان اس کو ایک بحرِ بے کراں سمجھتے ہیں ۔ اور اس سے حظ اُٹھاتے ہیں ۔ زندگی بھی ازل کے مقابلے میں دم بھر سے زیادہ حقیقت کی حامل نہیں ۔ دراصل غیر نجات یافتہ روح جس صورت میں بھی وجود میں آئے ازل کے نقطہ نظر سے دم بھر کے لئے زندہ رہتی ہے اور مرتی ہے اور بار بار جنم لیتی ہے ۔

(۱۱۵)

ترٛیہ ییٛنگہٕ سراہ سٕرٕ سٕرٕس
اَکہٕ ییٛنگہٕ سٕرٕس عرشس جاے
ہرِ موکھٕ کوٹھرٕ اَکھ سُم سٕرٕس
ستہٕ ییٛنگہٕ سٕرٕس ژیٖنیا کار

۱۱۶

مدِ پیوٚم سبندی زلن ییٚتٕ
رنٛگن لیلُھی کیٖم کیٖنژ
کیٖتی کھیٚم منٛش مامسکی ٹُلی
سوے لولہٕ تہٕ گووٕ مٔے کیا

(۱۱۵)

جھیل تھی سیلاب سے لبریز دیکھا تین بار
ایک بار افلاک اور پانی تھے باہم ہم کنار
اک دفعہ ہر مُکھ سے کوثر تک بھی دیکھا ایک پُل
جھیل یہ نابود ہوتے دیکھ لی پھر سات بار

گزارش :۔ عرفانِ کامل حاصل ہوتے پر للّ نے نہ صرف شہرت حاصل کی۔ بلکہ اسے پچھلے جنموں کو یاد کرنے پر بھی قدرت حاصل ہوئی۔ جھیل سے مراد ہے کائنات اور لبریز ہونے سے اس کی جزوی تخریب ان تخریبوں میں سے تین کا واقع ہونا اسے یاد ہے۔ جب صرف عرش ہی ایک ایسی جگہ ہو موجود رہے تو یہ تخریب عظیم ہے۔ ایسی تخریبوں میں سے اسے ایک کی یاد آ رہی ہے۔

نوٹ :۔ شمال میں ہر مُکھ پہاڑ کی چوٹی اور جنوب میں کوثر جھیل کے درمیان وادی کشمیر واقع ہے۔ کہتے ہیں ابتدا میں یہ وادی ایک جھیل تھی جس میں سے کئی زمانوں کے بعد کشپ ریشی نے زمین نکالی اور ہر مُکھ سے کوثر تک کشمیر کی وادی بنائی۔ ملاحظہ ہو ذیل کے دو اور واکھ ع۱۱۶ اور ع۱۱۷۔

ع۱۱۶

میں نے لاکھوں سوانگ رچائے بیسوں بدلے بھیس
سندھ جل کے روپ میں میں نے پی لی خوب شراب
انسانوں کا گوشت بھی کھایا میں نے کتنی بار
پھر بھی میں للّ ہوں اب تک اور وہی آداب

(۱۱۷)

اُسی آسی تہٕ اُسی آسو

اُسی دور کرٕی پتہٕ وَتھ

شُوس سورِنہٕ زلِوٗن تہٕ مُرٕن

رَوُس سورِنہٕ اَتہٕ گتھ

(۱۱۸)

دِپٕن ژھینزِ تہٕ رُزن آسے

بھوٗتل گگنس کُن ولکاسے

ژٕندری راہ گژوس ماوسے

شِو پوٗزن گاہ ژیتھ آسمے

(۱۱۷)

طلوعِ مہر بھی جاری، غروبِ مہر بھی ہے
ہمیں تھے اور ہمیں ہونگے جگ میں لافانی
بقا بھی کام اُسی کا، فنا بھی اُس کا فرض
رہے گی حشر تلک شیو کی جہانبانی

(۱۱۸)

اندھیرا پھر مسلط ہوگا جب دن ڈوب جائے گا
زمین بھی آسماں کی وسعتوں میں کھو کے رہ جائے
اماوس میں تو اب کے چاند نے راہو نگل ڈالا
یہ پوجا پرم شو کی ہے یہی نورِ ظہور اس کا

نوٹ: روایت ہے کہ اماوس کے گرہن میں راہو سورج کو نگل ڈالنے کی کوشش کرتا ہے مگر لل دید کہتی ہے کہ عرفان کے راستے پر چلنے والا دیکھتا ہے کہ ساری کائنات اندھیرے میں ڈوب جاتی ہے اور صرف خلا ( شُنیہ ) باقی رہتا ہے مگر جلد ہی پرا سموت یعنی چت آتما کا (جیتا جاگتا)
چیتنا نور دکھائی دینے لگتا ہے ۔ الغرض پرم شو کا ظہور ہوتا ہے۔

۱۸۱

(۱۱۹)

ژِدانٛدس گیانہٕ پرٛکاشس

یِموٚ ژٕلیوٚن تِم زٕلوٗنٛتۍ موکھٕت

وِشمبس سمسارِس پاشبس

اَلوٗدۍ گنٛڈاہ شتھ ژٕنٛتۍ دِژٕ

نورِ مطلق حقیقتِ ابدی جس کو اس کا ظہور ہو جائے
وہ حیاتِ ابد کو پائے گا زندہ جیون ہی مکت ہو جائے

آنے جانے سے وہ چھوٹ جائے گا

کس قدر نادان ہیں وہ جو اس جہاں کے جال میں
خود اُلجھ جاتے ہیں اس میں ڈال کر سو سو گرہ

نوٹ :- گریرسن چت ، قوتِ فکر ۔ من گیان ۔ شعور و ادراک ۔ احساسِ عرفان ، پرم شو ، ۔ ذاتِ افضل

اس ' پرم شو ، کے دو پہلو ہیں ۔ شوتتو اور شکتی تتو ۔ شوتتو سے مراد ہے ۔ پاکیزہ روح حیاتی اور نورِ ادراک ۔ شکتی تتو سے مطلب ہے سعادتِ ابدیت ' ذاتی اطمینان اور سکونِ کامل ۔ پاکیزہ روح حیاتی اور سعادتِ ابدیت کے تصورِ اجتماعی ہی سے ذاتِ مطلق کا تصوّر پیدا ہوتا ہے ۔ ریاضت گزار کا مدّعا اسی کی معرفت اور اس بات کا احساس پیدا کرنا ہوتا ہے کہ اس کا جلوہ عالمگیر ہے ۔ نادان وہ ہیں جو اس معرفت سے محروم ہیں اور اسی لئے بار بار جنم لیتے ہیں ۔

(۱۲۰)

کُس ڈِنگہِ تہٕ کُس زاگہِ

کُس سَر وَترِ تیلی

کُس[1] ہَرِس پوٗزِ لاگہِ

کُس پرٕمہٕ پَد میلی

[1] یہِ تہٕ اَمہِ پَتہٕ بیاکھ واکھ گرٛزھن یکوٚتہٕ پرٕنہٕ یِنہٕ۔ عیاں چھُہ زِ تیلہِ گرٛزھہِ نمبر ۱۲۱ ہس واکھس منز ۳ مہِ سٕطرِ "سو وِہزار پان" آسُن تی شوٗبہِ۔ تہٕ زِ "سو وِہزار پوٗزٕ" اگر "پوٗز" آسہِ تیلہِ گرٛزھنہٕ یِمہٕ واکس منز "کُس" آسُن۔ بلکہ گرٛزھہِ "کیاہ" آسُن۔ اگر شوٗبہِ "کُس" آسُن تہٕ نمبر ۱۲۱ ہس واکھس منز گرٛزھہِ "سو وِہزار پان آسُن"۔

(۱۲۱)

مَن ڈِنگہِ تہٕ اَکول زاگہِ

ڈٲڈی سرٕ پنچہِ یِنٛدی وَترِ تیلی

سو وِہزار لوٗ[1] پوٗزٕ ہَرِس پوٗزِ لاگہِ

پرٕمہٕ پَد ژٕہنتہٕ شوٗمیلی

[1] پان۔ وُچھِو نوٹ نمبر ۱۲۰ ہس تل۔

(۱۲۰)

کون ہے بیدار یارب کون محوِ خواب ہے

کون سی جھیل جس سے قطرہ قطرہ دمبدم
یہ نکلتا آب ہے کھا کھا کے صدہا پیچ و تاب ؟

چیز کیا ہے جس سے انسان شو کی پوجا کر سکے
ہو رسائی تیری جس تک کونسا ہے وہ مقام
وہ مقامِ برترین پا کر جسے ہو کامیاب ؟

(۱۲۱)

ہے 'اکل' بیدار دائم من ہی محوِ خواب ہے
جھیل ہیں پانچ 'اندریاں' جن سے نکلتا آب ہے
جس سے پوجا ہر کی ہو وہ ذات کی پہچان ہے
برترین منزل مقامِ روح اعظم جان لے

نوٹ:۔ 'کل' کے معنی ہیں خاندان جو ذاتِ برترین سے قطع نظر بقائے ذات کے تجربے کے لئے مندرجہ ذیل لوازمات پر مشتمل ہے : (۱) انفرادی روح (۲) پرکرتی یعنی ذات مجازی جس پر روح انفرادی کا عمل ہوتا ہے اور جس کا اس پر ردِ عمل ہوتا ہے (۳) مکان یعنی قیدِ مکان کا تصور (۴) زمان یعنی قیدِ زمان کا تصور اور (۵) عالمِ احساسات کے پانچ عناصر:۔

۱۔ انجماد یعنی پرتھوی یا خاک (۲) حالتِ سیالی یعنی آب (۳) حالتِ تشکیلی یعنی آتش (۴) حالتِ ہوائی یعنی باد (۵) حالتِ اثری یعنی آکاش۔ جب روح ان سے بالاتر ہو جاتی ہے۔ اور اپنی ذات کو بے پایاں ذاتِ افضل یعنی "اکل" کے ساتھ یکساں ہونے کی شناسائی حاصل کرتی ہے تو اس وقت وہ سعادت مندی سے ہمکنار ہوتی ہے یا جیسا "لل" کہتی ہے بیدار ہو جاتی ہے۔

۱۸۵

(۱۲۲)

شوگرٕ ناَے کیشو پلنٕس
برٕہما پایرٕن ووٕہلبس
یوٗگی یوگہٕ کلہٕ پرٕزانٕس
کُس دپٕو اَشٕو وار بیٹھ چیڈلیس

نوٹ:۔ سوال چھُ اتھ واکھ ۱۲۲ ہس منز وَنِہ مِتس گُرِس کُس شاہ سوار ہیکہِ کھسِتھ۔ اَمی سے شاہ سوارِ سندی اوصاف چھِ یتھ واکس منز وَنِہ مِتی۔ یم اوصاف کیاہ چھِ؟ اَمِس شاہ سوارس نہ چھُ ناو نہ چھَس ذات، نہ چھُس گۄتر (گوتر) نہ چھُس رنگ نہ رُوپ نہ کُنہِ نسلُک امتیازی نشان، نہ ہیکہِ اَمی سُند بیان کُنہِ صفاتو ستی کرنہٕ، اگر بیان کرنٕی آسہِ نیلہِ پِیِ سمبل ( symbol ) ورتاونہٕ، مثلَن ناد بِنُد (نشان اوڈ زِندر تہٕ بِنُد اومکارس پیٹھ) یہ چھُ اناہت (اٹل آوازِ اوم)، یہ چھُ "اہم وِمرش" (مکمل، پوٗرن آتم گیان یمکہِ اکہِ سپندہٕ یانے حرکژ ستی یہِ ساٗرے کائینات وۄپدان چھےٚ)۔ یہ چھُ 'کھ۔ سو رُوپ شُنیالے'، آسمانکی پاٹھی لامحدوٗد تہٕ لامکان تہٕ ساٗری سے گیرتھہِ۔ یُتھ چھُ پرزم شِو۔ سُے چھُ شاہ سوار یُس اتھ گُرِس کھسِہ۔

(۱۲۲)

شو ہے گھوڑا اور وشنو زین ہے متمکن

برہما کی ہے رکابِ زین میں لیکن نشست

یوگی خود اپنے عمل سے جانتا ہے یہ کہ کون

دیوتا ہے وہ کہ ہوگا اس کا آخر شہسوار

نوٹ: 'شو' سے مراد یہاں 'شوتتو' ہے۔ یعنی کائنات میں ذاتِ افضل کی اولین صورت۔ یوگی جانتا ہے کہ یہ ذات کامل کی اصلیت کا ظہور ہے۔ وہ گویا ایک گھوڑا ہے جس پر ذات کامل یعنی پرزم شو سوار ہے۔

(۱۲۳)

اہاہت کہٕ سورُوپ شُنیاے

یَس ناو نہٕ وَرَن نہٕ گُتھرٕ رُوپ

اَہم وِمرش ناد بِنٛدُ یس وٕنٛن

سُے دیوا شوٗوار پیٹھ چیڈُیس

(۱۲۳)

جاوداں پیہم رواں آواز 'اوم' ایک لا محدود پہنائے بسیط
اس کا مسکن ہے فضائے لامکاں بے نیاز رنگ و بو، نام و نسب

ایک شعور بے کراں، لا انتہا

نور مطلق اور سرور سرمدی شہسوار اسپ، رب ذوالجلال

نوٹ :۔ ذاتِ کامل کے مختلف نام بتلائے گئے ہیں۔ آوازِ رواں یعنی اوم جو دائم گونجتا رہتا ہے۔ اس کی حقیقت آکاش یعنی ایتھر سے مشابہ ہے، یہ لامکان ہے اور لامحدود بھی۔ اِس کی کوئی حد یا انتہا نہیں۔ جدھر دیکھو وہ موجود ہے۔ مگر یہ نام اور روپ، رنگ و نسل یا ذات سے پہچانا نہیں جاتا۔ یہ اوصاف ہیں ہی نہیں۔ یہ ان سب سے کہیں پرے ہے۔ "آگم" شاستروں میں اِس کو سمبل symbol سے بیاں کیا جاتا ہے۔ مثلاً "ناد" شکتی ہے۔ اور بندُ، شو۔ تو "نادبندُ" شوشکتی یعنی "پرم شو" جس کے یہ دو روپ ہیں کے لئے سمبل ( symbol ) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (اوم 'اوم'، پر آدھا چندرما اور اُس میں بندُ کی نشانی)۔ یہ 'اہم وِمرش بھی ہے یعنی یہ (پورن) مکمل آتم گیاں ہے، ذات مطلق کا اپنا آتم گیان جس میں قوتِ عمل لامحدود ہے جس کے ذریعے یہ کائنات بنتی ہے۔

(۱۲۴)

کُنہر سےٚ بوزکھ کُنہِ نو روزکھ

کُنہرن کوٚرنم ہُنیٚ آکار

کُنہُ آستھ دوٚن ہُند جنگ گوم

سُے بیرنگ گوم کُرِتھ رنگ[1]

[1] وچھو نوٗرنامہ ع ایڈیٹرِ پینٛزِمہِ نزِ سطرِ بدل چھےٚ۔

(۱۲۵)

رنگَس منز چھےٚ بیوٚن بیوٚن لَبُن

سورُے ژالکھ بَرکھ سوکھ

ژکھ پرِشس تہٕ وَیر گالکھ

اَڈ ڈیشکھ شوٗ سُند موکھ

(۱۲۴)

تو اگر سمجھے کہ ہے توحید کیا
منفرد ہستی تری مٹ جائے گی

نیست تھی میں ہست مجھ کو کر دیا
مٹ گئی اس سے مری بیگانگی

ہے یہی توحید شانِ ذاتِ حق
پھر بھی جاری ہے یونہی جنگِ دوئی

خود تو وہ بیرنگ ہے لیکن مجھے
مبتلائے رنگ و بو کر کے گیا

(۱۲۵)

ہر روپ میں نمود ہے اس کی جُدا جُدا
پاجا اُسے جو ہوش ہے اے مردِ باخدا

ہر حال میں تو صبر و تحمل سے کام لے
آرام پانے کی یہی صورت ہے برملا

تجھ میں اگر ہے نفرت و کینہ و دُشمنی
ہمّت سے اپنی دم میں تو کر دے انہیں فنا

دیدار تجھ کو ذات کا ہو گا نصیب پھر

(۱۲۶)

وِشہِ آیَس دَش وِشہِ ژٲلتھ[1]

ژٲلتھ ژوٗژم شُشہِ اَدِ واو

شوٚپے ڈٲلِتھ شایہِ میلتھ

شٔشتہ ترےٚ تروُوِمَس پتہ شوٚدزاو

[1] ییٚتیتھ تہِ چھُ مٮٚے باسان گرٚ ہرن اور پیور تھِپہ دِوان "شٔشتہ ترتٕے "نگےٚ "۳۶ تتو" یم زَن شوٚ تتو ییٚتھ پرِتھوی تتوس تام چھِ ییٚہِ گےٚ (۲+۶=۳) ۹ دوار شریرکۍ یم بند کٔرِتھ دٲخلی عالم چھُ وَنہِ یوان۔ ییٚنہِ شوٚپے شوٚ چھِ۔ جارجی دنیا چھُنہِ کُنی۔ [2] دلش نیٚلتھ (آنندکول)

(۱۲۷)

تتہِ مَنہِ گیٚس بوتَس کُنےٚ

لوٗزم پٮ۪نٛچ گنٹا وَزان

تتھ جاپہ دھارناپہ دھارن رٔٹم

آکاش تہ پرکاش کوٗرُم سَر

[1] وُچھو صفحہ ۳۲

(۱۲۶)

سیر کرکے دس جوانب سے میں آئی اس طرف
پھیر کر نکلی خلا کو مثلِ طوفاں بے خطر
شوہی شو کو جلوہ گر پایا وہاں دیکھا جدھر
بند کر کے رکھ دیا پھر میں نے چھ اور تین کو
شو ہی شو ثابت ہوا وجہِ ظہورِ کائنات

نوٹ: ۱۔ چھ سے مُراد پانچ 'اندریاں' یا قویٰ اور من۔ 'تین' سے مُراد وہ تین آلائیشیں جن سے کائنات ظہور پذیر ہوتی ہے۔ جنہیں سنسکرت میں "مل" کہتے ہیں۔ یعنی ۱، "آنومل" جس سے جیو اپنے آپ کو محدود سمجھتا ہے ۲، "مایاء مل" جس سے "کرم" یعنی عمل پیدا ہوتی ہے جو سُکھ اور دُکھ کا باعث بنتی ہے۔ نوٹ ۲:۔ اغلب یہ ہے کہ "چھ اور تین" سے ۳۶ مُراد ہے۔ یعنی شوشاستروں کے مطابق ۳۶ تتو یعنی شو تتو سے لے کر پرتھوی تتو تک ساری کائنات۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ "چھ اور تین" سے مُراد ہو ۶+۳ یعنی ہر انسان کے جسم کے "۹ دوار"۔ یہ جب بند کئے تو اندر میں یعنی داخلی عالم میں شو ہی شو تھا اور خارجی دنیا کہیں نہیں۔

(۱۲۷)

میں رہی تن من سے اس کے دھیان میں
حق کی گھنٹی بجتی تھی میں نے سُنی
ایک عالم تھا جہاں مجھ پر کُھلی
ماہیت آکاش اور پرکاش کی

نوٹ ۱۔ "حق کی گھنٹی" یعنی مسلسل "اناہیت ناد"۔

(۱۲۸)

اَندری آیَس ژٕندرٕ‌ے گاران

ژھاران آیَس ہیَن ہہی

ژٕ‌ے ہےَ ناران! ژٕ‌ے ہےَ ناران!

ژٕ‌ے ہےَ ناران! یِم کَم وٕہر

(۱۲۹)

یےَ شےٚ [1] ژٕ‌ے تِمےَ شےٚ [2] مےٚ

شیامہ گلا ژٕ‌ے وٕن تاٲسٕ

یوٗ ہےَ بہن بھیدٕ [3] ژٕ‌ے تہٕ مےٚ

ژٕشن سوامی بو شےٚ منٛشس

[1] یِم شےٚ ژٕ‌ے "مایا شکتی (پرمیشورتا) سروکرترتو [1]، سروگنتو [2]، پورنتو [3]، نتیتو [4]، ویاپکتو [5]۔

[2] یِم شےٚ مےٚ: مایا، کلا، وِدیا، راگ، کال، نِیتی۔ یِم چھِ شےٚ "کنچک" (پردہ)، یِمو سیتۍ زیو "ہیپہ چھُ امٕت تہٕ پینٛتھ میو شیتو بنِتھ بیون چھُ گومُت۔ یِم چھِ ساری سنسکرت لفظ۔ ترک شیو شاستر کرٕ۔ وُچھو پرا پردیپکا صفحہ ۵۰ ۔ گریرسن چھُنہٕ کتھ وونمُت ۔ تِمی چھِ یِم دو شوے " شےٚ" ادر یور گرنز ناوی متہٕ۔ [3] بہن بھید۔ بہن تہٕ بھید۔

(۱۲۸)

میں آسیمہ سر چاند کی جستجو میں رہی دل کے خلوت کدے میں برابر
کھلا اس تگ و دو میں مجھ پر یہ آخر مماثل مماثل سے ملتا ہے جا کر

بہر رنگ ہر شے میں تو جلوہ گر ہے
جدھر دیکھتی ہوں اُدھر تو ہی تو ہے

میں حیران ہوں اس عالم رنگ و بو میں
نہیں غیر کوئی تو یہ روپ کیسے!

نوٹ: ذاتِ انسان اور ذاتِ حق فی الحقیقت ایک ہیں۔ مختلف روپ اسی ذاتِ حق کے جلوے ہیں جو اس کے بغیر کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔ عجب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود۔ پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے۔ غالبؔ۔

(۱۲۹)

شمبو ہے تو ہی مالکِ خلقِ سیہ نشان
تیری طرح ہیں مجھ میں بھی موجود چھ صفات
افسوس ہے کہ پھر ہوں میں تجھ سے دُور دُور
یہ ہے سبب کہ رنج و مصیبت کی ہوں شکار
مالک ہے چھ صفات کا تو اس میں کیا کلام
مجھ کو لیا ہے لُوٹ انہی چھ صفات نے

نوٹ: شو کے گلے میں سیاہ (نیلا) نشان پایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں جب دیوتاؤں نے سمندر سے امرت حاصل کرنے کی کوشش کی اور پانی کو چھان ڈالا تو پہلی چیز جو اس سے برآمد ہوئی وہ زہر تھا۔ شیو اس کو پی گئے تاکہ یہ نقصان کا باعث نہ بنے۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ اس کے گلے میں نیلا داغ پڑ گیا۔ اسی وجہ سے شو کا ایک نام "نیل کنٹھ"

فرق ۔ جُدآیی ۔ دوٗرِ رآسُن ۔ وُچھوانِجہ نمبر ۵۴ بیاکھ پاٹھ ۔ الجید (گریرسن) ٹہٕ بھاسکر: توٚکھٕس ۔ تکلیفس منز ۔ ژٕسےٚ ورأے چھُنہٕ توٚنٹس، ازوٗنہٕ اُسی ٹوٗیُومُت ۔

| زیٖو پندی شٕتھ چھہ موٚحدوٗد | نوٹ: شِوٕ پندی شٕتھ صدبتہ انتہ روٗس |
|---|---|
| 1, MAYA SUBJECT TO CHANGE | SOVEREIGNITY LORDSHIP OVER MAYA |
| 2. KALA, LIMITED POWER TO CREATE | OMNIPOTENCE |
| 3. VIDYA, LIMITED KNOWLEDGE | OMNISCIENCE |
| 4. RAGA, LIMITATION ON DESIRE | PERFECTION, FULLNESS, |
| 5. KALA, LIMITATION OF TIME | ETERNITY |
| 6. NIYATI, LIMITATION OF SPACE | ALL- PERVASIVENESS |

(نیلے گلے والا) بھی ہے۔

گر تریّن: چھ سے مُراد ذاتِ حق کے یہ صفات ہیں : (۱) ہمہ دانی (۲) قناعت (۳) علم ازل (۴) بے نیازی (۵) جبر (۶) قُدرتِ مطلق، چھ انسانی صفات ذیل کے صفات بھی قرار دئے جا سکتے ہیں ۔ (۱) شہوت (۲) غضب (۳) خواہش (۴) تکبّر (۵) گمراہی (۶) حسد ۔ یا ان سے چھ انسانی کمزوریاں مُراد لی جا سکتی ہیں ۔ (۱) غم (۲) فریب (۳) پیری (۴) موت (۵) بھوک (۶) پیاس ۔ یا ان سے انسانی زندگی کے چھ دور مُراد لئے جا سکتے ہیں (۱) عہدِ شیرخوارگی (۲) عہدِ طفلی (۳) بلوغیت (۴) شباب (۵) کہالت (۶) پیری یا چھ سے مراد ہو پانچ اندریاں یعنی قوئے اور 'من' ۔

میری تحقیق شیو درشن کے مطابق ہے یعنی چھ سے مُراد ذاتِ حق کے یہ صفات ہیں جو سنسکرت میں ہی یہاں درج کئے جاتے ہیں ۔

1. परमेश्वरता 2. सर्वकर्तृत्व

3. सर्वज्ञत्व 4. नित्यत्व

5. पूर्णत्व 6. व्यापकत्व

1 माया 2. कला 3. विद्या 4 राग 5. काल 6. नियति

یہ سب ترک شیو کے تکنیکی لفظ ہیں ۔

(۱۳۰)

ناتھ ناپان نا پَر زونُم

سدأے بوُوم اِکُے دیہہٕ

ژٕ بوٚ بہٕ ژٕ میُل نو زونُم

ژٕ کُس بوٕ کوسہٕ چھُ سندیہہ

لہ یہِ چھُ بھاسکرُن پاٹھ - یہٕ یوٚہے چھُ موزوٗن - یہٕ گووٕ زِ نہ زونُم پَر(پرماتما) نہ پننٕ اصلیت (پان) اَدِ کیا زونُم؟ صرف زونُم (بوُدم) "اِکُے دیہہٕ" (پننٕ جسم یتھ) لفظ "بوُدم" چھُ سنسکرت لفظ "بودھ" (زان) نِشہٕ دراموٗت یانے "زوٗنُم"

گریرسن چھُ لیکھان "صدأے بوُدم یہٕ کو دیہہٕ" یانے مےٚ واتنوو پننٕ نفس پانس تکلیف - نفس کُشی کُرم - دوہے، مگر لل دید چھےٚ نفس کُشی خلاف وَنان - وُچھِو واکھ ۲۱، ۲۲، ۲۳ تہٕ ۲۴

پارٕمو زٕ معنی دِوان - اکھ گریرسن سُند بیاکھ پننٕ قیاس -

"دوہے زونم زِ ساری دیہہ چھ کُنی"

مگر دوشوَے معنی چھنہٕ بیٚہہ وٕنی -

۱۳۰

حاصل ہوا عرفان نہ تیرا نہ خود اپنا
تھا پرورشِ جسم ہی مقصد میرے آگے[لہ]

"تو ہیں ہوں"، کہ میں تو ہوں، یہ اسرار نہ سمجھی
کس طرح سے ہوتے ہیں آپسمیں یہ مدغم

"تو کون ہے"، میں کون ہوں، گفتار یہ کیسی
اس قسم کی گفتار بھی شک سے نہیں خالی

لہ یہاں بھی بھاسکر کا دیا ہُوا مصرعہ موزون ہے۔ یعنی نہ میں نے عرفان کو پہچانا اور نہ ہی اپنے وجود کی اصلیت کو۔ اگر پہچانا تو صرف اپنے ہی تن یعنی جسم کو۔ جس کی پرورش میں ہی میں نے اپنا وقت صرف کیا۔ لفظ" بوُدُم" سنسکرت لفظ" بودھ" سے نکلا ہے اور جس کے معنی" جانا پہچانا" ہے۔ اس لفظ کے معنی دُکھ پہنچانا نہیں ہے۔ اور نہ ہی للؔ اپنے تن کو" کو" یعنی" بُرا، بد" سمجھتی تھیں۔ یہ کہنا کہ" میں کون ہوں" اور" وہ کون ہے" مُعرِفت کے بارے میں شک کرنا ہے۔ اس لئے اس مصرعہ کا ترجمہ" دُکھ جسم کو ہرچند دے نفس کُشی سے" نہیں ہوسکتا ہے۔

(۱۳۱)

لَلہٕ بو ژالیَس سومن باغہٕ بَرَس

وُچھُم شِوس شُکھتہٕ میلتھ تہٕ واہ

تتہٕ لَے گَرُم اَمرٕ تہٕ سَرَس

زِندٕے مَرُس تہٕ مےٚ کَرِ کیاہ

ل مویَس

(۱۳۲)

ژٕے دیو گرتَس تہٕ دھرتی سرژکھ

ژٕیےٚ دیوٕ دِتتھ کرٕزن پرٲن

ژٕے دیو گٔنہٕ رٕژتےٚ وَزکھ

کُس زانہِ دیوٕ چون پرمان

(۱۳۱)

لل میں گذری جب سمن زارِ دلِ مشتاق سے
شو کو دیکھا میں نے شکتی سے وہ ہم آغوش تھا
جوشِ مستی سے ہوئی پھر جھیل میں امرت کی غرق
بے نیازِ زندگی ہوں اب نہیں پروا مجھے
مرگئی ہوں گو بظاہر زندہ آتی ہوں نظر

نوٹ :- 'سمن' فارسی لفظ سمجھا جائے تو اس کے معنی یاسمن کے ہیں اور اگر "سو من" ہندی کا تو اس کا مطلب 'میرا اپنا من' ہے۔

شو کا شکتی یعنی قدرت کاملہ کے ساتھ حاصل ہونا ذاتِ الٰہی کی برترین صورت ہے۔ امرت کی جھیل استعارہ ہے۔ جو ذاتِ الٰہی کے ساتھ وصل حاصل کرنے کی سعادت ابدیت کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔

(۱۳۲)

یارب کہوں میں کیا ہے شانِ جلال تیری
کب مجھ سے ہو بیان یہ کیا ہے مجال میری
عالم پہ تو ہے چھایا ہر چیز میں سمایا
بخشی حیات تو نے قالب کو ہر بشر کے
تیری ہی گونج ساری ہے بے صدا جہاں میں
سبحان تیری قدرت کا ہے کہیں ٹھکانا؟

(۱۳۳)

پرٛناٹے پان یٖمہِ سوٚم مون
یٖمہٕ ہیوٚ مون دِن کھو راتھ
یٖمہِ سے اَدُے من سأپُن
تٔمی ڈیوٗ ٹھُے سُرگُر ناتھ

تے،

(۱۳۴)

اَبھیاسی سوِکاسی لیہِ وَوتھو
گگنس سگٔن میوٗل سمہِ زٔرنا
شوٗنٛز گول تہٕ اَنامے موٗتو
یوٚہے دوپدیش چھُے بٹا

(۱۴۳)

یگانے اور بیگانے کو جس نے ایک سا جانا
نہیں جس کی نظر میں امتیازِ روز و شب کچھ بھی
دوئی سے دل ہوا آزاد جس کا دارِ ہستی میں
وہی اس شاہِ شاہاں کا ہے بس پہچاننے والا

نوٹ:- دن سے مطلب شادمانی کا دن اور رات سے مطلب غمگینی کی رات ہے۔

(۱۴۴)

از پسِ مشقِ مدید ہوتے ہیں جب ناپدید
سب یہ پدید و عیاں جو نہیں غیر از گمان
ہوئے گُم اندر اثیر سارے صغیر و کبیر
اور یہ اشیاء تمام پاتی ہیں تحلیلِ تمام
ہوتی ہے گُم کائنات رہتی ہے بس ایک ذات
یاد رکھ اے برہمن ہے یہی سچا بچن

نوٹ: کائنات سے یہاں وسیع عالم مخلوقات مُراد ہے۔ ایک باشعور عبادت گذار کے نزدیک یہ کائناتِ الٰہی کا ایک اضافی ظہور ہے جو پھر اسی میں جذب ہوجاتا ہے۔ انسان کی روح محدود انفرادیت گُم کرکے لامحدود ذاتِ حق میں فنا ہوجائے تو عبادت گذار کا مقصد پُورا ہوجاتا ہے۔

۲۰۶

(۱۲۵)

واکھ مانس کوٗل اکول نا اَستے

ژھوپہ مُدرِ اُتہِ ناپژویشس

روزان ژھوٗشکھتھ نا اَستے

موٗتہِ سیے گُنہٕ تہٕ ئے ووپدیش

نہیں رہتا خیالِ قلب یا حرفِ زبان باقی
سکوتِ دِل کا عالم بھی نہیں رہتا وہاں باقی ۔

وہاں کب دخل کچھ حرکاتِ رحوی کے عمل کو ہے
نہ شوہی پایا جاتا ہے نہ پائی جاتی ہے شکتی

جو کچھ رہتا ہے پھر باقی وہی اپدیش ہے میرا

نوٹ :۔ 'وہاں' سے مطلب ہے ذاتِ افضل میں ۔

سکوت یا اس قسم کی اور کسی چیز سے براہ راست اس تک رسائی نہیں ہو سکتی ۔ ان کے ذریعے سے زیادہ سے زیادہ من کی معرفتِ ذات تک رسائی ہو سکتی ہے جس سے وصالِ حق ممکن ہے ۔ ذاتِ حق "شو شکتی" بھی نہیں ۔ کیونکہ ان "تتوں" میں بھی صورت اور نام کے علائم پائے جاتے ہیں ۔ ذاتِ حق میں یہ دو چیزیں بھی نہیں ہیں شیو درشن یعنی فلسفہ میں اکو پرم شو" کہتے ہیں ۔

(۱۳۶)

ژٕنا لوٗنا دسییے نا دھیان

گوو پانٕے سٕزوٕ کرٕے مٕشتھ

اٚنیو ڈیوٗ ٹھکھ کینژھ نا انوسے

گےٚ ستھ لیہ، پٕر پشتھ

! گےٚ. بھاسکر نمبر ۵۹ ۔ "وُچھوتٕم سُند مانے چھُ صاف تہٕ بینہٕ وُن۔ سطر چھٔے گےٚ ستھ لیہ، پٕر پشتھ" مقابلہ چھُ انیت، نابینا ہٕن ۔ لاعلٕمن تہٕ پٕتین (ستھ زٕنٕ) یِم پٕر (سارٕنے بالاترس) وُچھتھ (پشتھ) تِس کر ستھ لیہ گےٚ۔ اُدٕ بچارٕ کیاہ وُچھِن؟" ستھ "گوو تہٕ" ستھ عالم" "ستھ زٕن پٕرٕ تہٕ پاک"

گریرسن "ستھ" کا معنی سات عالم کے لیتا ہے۔ جو یہاں بمقابلہ بھاسکر کے معنی (یعنی ست جن یہونچے ہوئے سنت) کے موزوں نہیں۔

(۱۳۶)

نہ میں ہوں نہ تو ہے نہ وہم و گماں ہے　　نہ ہی دھیان باقی نہ مقصد ہی اس کا
ہوا گم ہے خود خالقِ دو جہاں بھی　　سراسر اسی عالم بیخودی میں
سمجھ میں نہ کچھ بے بصیرت کے آیا　　کہ یہ کھیل کیا ہے یہ بازیچہ کیسا
مگر جب ہوا محرمِ ذاتِ اعظم
تو نابود تھے ہفت طبقاتِ عالم

گریرسن :- جو کچھ 'ہست' ہے بہرصورت جلوہٗ ذاتِ حق ہے۔ لہذا جب نادان انسان اپنی اور تمام مخلوق کی ذات اور ذاتِ حق کی یکتائی سے آشنا نہیں ہوتا اور 'من و تو' یا دھیان اور دھیان کے مقصد میں فرق سمجھتا ہے تو درحقیقت یہ ذاتِ الٰہی کی نمود ہے جو اس کی قدرتِ فریب کاری سے عارضی طور پر محجوب نظر آتی ہے اور اس نادانستگی میں گم ہو جاتی ہے۔ یہ تمثیل اندھوں یعنی ان لوگوں کی سمجھ میں نہیں آسکتی جو اشیاء کی اصلیت سے بے خبر ہیں لیکن جب انسان حقیقت کی تہ تک پہنچ جاتا ہے تمام کائنات اس کی نگاہوں سے اوجھل ہو جاتی ہے۔ اور وہ نجات حاصل کر لیتا ہے۔

سات عالم یہ ہیں: (۱) زمین (۲) آسمان (۳) عرش (۴) طبقۂ درمیانی (۵) عالمِ حیات و ممات مسلسل (۶) قصرِ مسعود (۷) مسکنِ حقیقت۔

